مُنْتَخَب ع چُنا ہوا انتخاب کیا ہوا بہت عمدہ ۔
مُنْجَمِد ع پانی یا روغن جو سردی سے جم جاتی ہو وہ چیز جو جم گئی ہو
مُنْتَقِد ع نقد لینیوالا جو شخص ادہار نہ کرے ۔
مُنْتَقَد ع سرہ کیا گیا اور پاک کیا گیا نقد کیا گیا ۔
مُنْفَرِد ع تنہا اکیلا جسکے ساتھ کوئی دوسرا نہو ۔
مُنَدِّد ع پردہ پہاڑنیوالا راز افشا کرنیوالا ۔

میم با واو

مَوْلِد ع جای ولادت و وطن یعنی جای ولادت جہان کوئی پیدا ہوا ہو
مُوَلِّد ع جننے والا پیدا کرنیوالا جسسے بچہ پیدا ہو ۔
مُوَلَّد ع شخص عجمی جسنے عرب مین پرورش پائی ہو ۔
مَوْرُود ع ورود کیا گیا وظیفہ کیا گیا ہو روز بلا ناغہ کیا گیا ۔
مَوْلُود ع پسر و دختر اور پیدا ہونیکا وقت بچہ جو جنا گیا ہو ۔
مَوَالِید ع جمع مولود فرزندان و موالید ثلاثہ یعنی نباتات
و جمادات و حیوانات ۔
مَوْعِد ع وعدہ کیا ہوا وقت و مقام وعدہ جسوقت کا اقرار ہو ۔

مَوَاعِید ع جمع میعاد وعدہ کرنا جاے وعدہ زمان وعدہ
مَوْعُود ع وعدہ کیا گیا اقرار کیا گیا کسیکے ساتھ ۔
مَوْدُود ع دوست رکہا گیا رفیق بنایا گیا یار بنایا گیا ۔
مَوَاجِید ع حالتہا در رقص جو مستے فقرا کو ہوتے ہے
مُوجِد ع پیدا کرنیوالا ایجاد کرنیوالا خداوند تعالے ۔
مُوبَد ف حکیم و دانشمند و فقیہ سب آتش پرستان جسکا پیشوا ہو
مُوبَدِنَہ ف میفروش کیونکہ مو کی معنی انگور اور بد بمعنے صاحب
مَوَاد ع جمع مادہ بمعنے اصل ہر چیز کا اور مادہ ہر چیز کا ۔
مَوَائِد ع جمع مائدہ بمعنے خوانچہ طعام ۔
مُؤَکِّد ع تاکید کرنیوالا مضبوط کرنیوالا کسی بات پر ۔
مَوْرِد ع اترنے کے جگہہ آدمیون اور حیوانونکی پانی پینے کے جگہہ
مُوَرَّد ع گلگون و سرخ رنگ مشابہ گل یعنے جو چیز
گلاب کے پہول کے طرح ہو ۔
مَوْجُود ع ایجاد کیا گیا بنایا گیا ظاہر کیا گیا واضح ہو کہ
اطلاق اس لفظ کا ہر ایک چیز پر ہے جو عالم
ایجاد مین خالق حقیقی خداوند تعالے کے حکم
سے پیدا ہوئے ہے ۔
مُورْد ف نام درخت جسکو عربی مین آس کہتے ہین

میم با ہاء

مُهَنَّد ع جو تلوار ساختہ ہند کے ہو یعنے ہندی تلوار ۔
مَهْد ع گہوارہ اور جہولنا اور بچہانا اور فرش و بستر
مِهَاد ع بستر و بساط و فرش جو بچہائے جائین ۔
مُهْرۂ سفید ف ناقوس یعنے سنکہہ جو ہندو بجاتے ہین

میم با یاء

مِیلَاد ع زمان ولادت و نام شہر و نام پہلوان جو بڑا زور آور تہا
مِیعَاد ع وعدہ کرنا و جاے وعدہ و مدت وعدہ جو مقرر ہو ۔
مَیْمَنْد ع نام قصبہ نواح غزنین مین جو مشہور قصبہ ہے

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف نون اور آخر مین ذال ہے

نون باالف

ناورد ف جنگ و جدال لڑائی و معرکہ جو آپس مین ہو
نامحدود ف جس چیز کی حد نہو یعنی بے انتہا و بے حد
نامزد ف مشہور و معروف اور جس نام سے موسوم ہو
ناگزیر ف ضروری و ناگزیر بات جسکا کرنا ضرور ہو
ناقد ع پرکھ کرنیوالا درہم و دینار کا پرکھنے والا
نامراد ف بے مراد صحیح ہی مگر رائج ہے
ناپدید ف پوشیدہ اور چھپا ہوا نظر سے جو ظاہر نہو
نابود ف گم جو پیدا نہو جسکی ہستی وقوع مین نہ آئی ہو
ناشاد ف غمناک دلگیر جو خوش نہو
نامرد ف جو مرد نہو یعنی مردون کے کام نہ کر سکتا ہو
ناامید ف جو امید نہ رکھتا ہو بے طمع و بے آس
نامہ سعید ف نیکوکار آدمی جو اچھے کام کرتا ہو
نارد ع چچڑ جو جانور مشہور ہے اور گائی و بیل وغیرہ کو چمٹ جاتا ہے
ناہد ع نوجوان عورت جسکے پستان چھوٹے ہون باکرہ عورت
ناہید ف ستارہ زہرہ جو تیسرے آسمان پر ہی مطربہ فلک

نون بابا

نبرد ف جنگ و جدال لڑائی و معرکہ جو آپس مین ہو

نون باجیم

نجاد ع تلوا جو گردن مین حمائل ہو
نجد ع بالگز زمین نام ملک جو عرب مین ہے

نون باخا

نخابہ یعنی محمود ع گرد ملائکے درمیان ایک مقام مشہور ہے
نخود ف غلہ چنا جو ایک غلہ مشہور ہے
نخلبند ف باغبان جو باغ کی پرورش کرے اور درخت لگاوے

نون بادال

ندید ف ہمتا و نظیر و مثال و شبیہہ

نون باراے

نرد ف نام بازی و تن درخت

نون بازاے

نزد ف متصل نزدیک یعنی پاس اور قریب
نژاد ف اصل نسل و نسب و ذات و قوم وغیرہ
نژند ف سرنگون پست و خوار و اندوہگین و غمناک

نون باسین

نسق بندی ف مالگذاری کا رزار و تحصیلدار وغیرہ

نون باشین

نشید ع شعر پڑھنا آواز بلند کرنا بلند آواز سے پڑھنا

نون باعین

نعلبند ف گھوڑون کے نعل باندھنے والا لوہار

نون بافا

نفاد ع سونپا جانا سپرد ہونا حوالہ ہونا

نون باقاف

نقاد ع درہم و دینار کو پرکھنے والا جسکو صراف کہتے ہین
نقد ف آمادہ کرنا دینا پرکھنا درہم و دینار کا زر و سیم سکوکہ روپیہ و پیسہ و اشرفی
نقش زباد ع نام دوستہ بازی کی ہفت بازی نرد سے
نقشہ ع چھپی اقسام کی نقشہ تحریر ہو جسکے ہے

نون بامیم

نمرود ع نام بادشاہ کافر جسنے ابراہیم نبی کو آگ مین ڈالا تھا۔
نمود ع علامت و نشان و نمود نمایان و خوبی ظاہر سے
نمد ف ایک قسم کا فرش جو اون سے بناتے ہین۔

نون با واو

نوند ف اسپ تیز رفتار یعنی وہ گہوڑا جو تیز چلتا ہو۔
نود ف نوی عدد ۹۰ - نود عربی مین تسعین کہتے ہین
نومید ف ناامید وہ شخص جسکو کچھ امید و طمع نہو
نوشاد نام ایک شہر کا ہے
نوید ف خبر خوش اور بشارت خوشی کی جو کسیکو پہونچے
نورد ف پیچ و تاب بساط و فرش برابر و خانہ گرا ہی و مکوشہ و سوراخ روباہ اور لکڑی جولاہون کے جسپر کپڑا لپیٹتے ہین

نون با ہا

نہود مرا اُبھرنا انتہا عورت کے چھاتیون کا۔
نہاد ف بنیاد و خلقت و جبلیت و مزاج و طبیعت
نہاوند ف نام شہر جو عراق مین ہے و نام پردہ موسیقی

بتاسیوین فصل

اون لغات کے بیان مین کہ اول حرف واو اور آخیر مین دال ہے

واو با الف

واسطۃ العقد ع گوہر کلان جو وسط مین سلک مروارید کے ہو اور دو نو طرف اوسکے چھوٹی موتی ہون۔
وافد ع ایلچی یعنی وا لا اور وہ شخص جو نجیب گہوڑی پر سوار ہون
واجب الوجود ع باری تعالیٰ جسکے ذات مقتضی اوسکی وجود کے ہے
واماند ف باقی رہنا پیچھے رہنا کسیسے کسی کام مین۔
واجد ع وجود یعنی والا یہ نام خدا تعالیٰ کا ہے۔
واحد ع ایک تنہا یگانہ اور نام خدا تعالیٰ کا

واعد ع وعدہ کرنیوالا اقرار کرنیوالا۔
والد ع باپ جسکی نطفہ سے کوئی ہو فارسی مین پدر کہتے ہین اور عربی مین اب کہتے ہین

واو با تا

وتد ع میخ چوبین یعنی لکڑی کی کیلا اور لکڑی کی میخ۔

واو با جیم

وجد ع حالت و شغل جو صوفیون کو سماع مین پیدا ہوتی ہے اور اندوہگین ہونا شیفتہ ہونا ایک حال سے دوسرے حال مین آنا۔
وجد ع توانا و تونگر ہونا اور پانا اور حاصل کرنا۔
وجود ع جسم و بدن اور موجود ہونا عالم ایجاد مین۔

واو با حا

وحید ع یگانہ و یکتا اور ایسا شخص جسکا ثانی نہو۔
وحدت الوجود ع تمام موجودات کو ایک وجود خدا کا جاننا فقرای صوفیہ مین یہ ایک مقام ہے جب سالک اس مقام پر پہونچتا ہے زمانہ کا وجود اوسکو خدا کا وجود نظر آتا ہے بلکہ اپنے آپ کو بھی خدا کا وجود تصور کرتا ہے چنانچہ حسین بن منصور حلاج اسی مقام پر پہونچ کر کلمہ انا الحق زبان پر لایا تھا اور اسی علت مین دار پر کھینچا گیا

واو با دال

ودود ع دوست مہربان اور نام خداوند تعالیٰ جل شانہ کا
ود ع دوستی و دانا و محبت و پیار دیکھ جیتے۔
وداد ع دوستی۔
ود ع نام بت جسکو قوم نوح علیہ السلام کی پوجتی تھی

واو با را

ورد ع گل سرخ جسکے عرق کو گلاب کہتے ہین اور وہ بھی گلاب کہلاتا ہے

وِرْدٌ وظیفہ روزمرہ کا اور مقام پانی پینے اور اوٹہنے کا
وُرُودٌ آنا اور اوترنا کسی منزل یا مقام پر سے
وَرِیْدٌ رگ گردن کی جسکو شاہ رگ کہتے ہین۔

واو با سین

وَسَائِدُ جمع وِسَادہ بالشتہا یعنے بہت سے بالشین اور تکیے جسپر پیٹہ لگا کر بیٹہین۔

واو با عین

وَعِیْدٌ وعدہ بد یعنے عذاب کا وعدہ جو کفار کو قیامت پر دیا گیا ہے۔
وُعُودٌ جمع وعدہ یعنی بہت سے وعدے واقرار

واو با غین

وَغْدٌ کمینہ وفرومایہ وناکس آدمی جیسے زیانکار آدمی

واو با فا

وُفُدٌ جمع وافد رسول ہونا ایلچی ہونا پیغامبر ہونا کسی کا
وُفُودٌ جمع وفد و وفد اسم جمع وافد و وافد معنی ایلچی پیغامبر

واو با قاف

وَقَّادٌ روشن ہونیوالا بہر کنی والا مشتعل ہونیوالا آگ سے
وَقُودٌ ہیزم وغیرہ جسسے آگ روشن کرین ایندہن آگ کا۔
وُقُودٌ آگ جلانا مصدر ہے آگ روشن کرنا بہڑکانا۔
وَقِیْدٌ سامان آگ جلانیکا یعنے ہیمہ خشک وغیرہ۔

واو با لام

وَلِیْعَہْدٌ حاکم وقت اور جسکو بادشاہ بحین حیات مالک کردیوے
وَلُودٌ وہ عورت جسکے اولاد بہت ہو صفت اولاد عورت
وَلِیْدٌ لڑکا اور نام جید شخص کا اور نام خلیفہ کا جو بنی امیہ تہا
وَلَدٌ بیٹا جو اپنے تخم سے ہو۔

واو با ہا

وَہَادٌ و وَہْدٌ پست زمین اور نشیب زمین۔

ستائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف ہا اور اخیر مین دال ہے

ہا با جیم

ہُجُودٌ بیدار رہنا رات کو اور نماز کرنا رات کو۔

ہا با دال

ہُدْہُدٌ پرندہ مشہور ہے جسکے چونچ بہت لمبی ہوتی ہے

ہا با زای

ہَزْدٌ جانور آبی جسکو اود کہتے ہین۔

ہا با فا

ہَفْتَادٌ ستر عدد مین جسکو سبعین کہتے ہین۔
ہَفْتَصَدٌ سات سو عدد حساب مین۔

ہا با میم

ہَم آورد حریف جنگ یعنے وہ شخص جو جنگ مین حریف ہو

ہا با نون

ہِنْد نام ولایت کا نام زوجہ ابوسفیان وہ مادر معاویہ جسنے حمزہ عم رسول صلے اللہ وسلم کو مثلہ کیا اور جگر نکالکر دانتون مین چبایا تہا یہ عورت بڑی ظالمہ تھے۔
ہُنُودٌ ہندو لوگ ہند کے ولایت کے رہنیوالی لوگ۔

ہا با واو

ہُودٌ نام پیغمبر جنکی بددعا سے قوم عاد کی ہوا کے طوفان سے ہلاک ہوئی و نام سورۂ قرآن قرآن کی سورتون سے اور توبہ کرنا۔
ہُورْمُزْد ستارہ مشتری۔

ہا با یا

ہِیْرْبُدٌ خادم آتشکدہ کیونکہ ہیر کہتے آگ اور بد بمعنے صاحب یہہ خطاب آتش پرستون نے آتشخانہ کی مالک کو دیا ہوا ہے۔

اٹھائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف یا اور اخیر مین دال ہے

یا با الف

یاد ف یاد کرنا اور دل و خاطر او خیال کسے چیز کا جو دل میں
یادبود ف یادگار اور نشان جسے انسان یاد کیا جاوے

یا با دال

ید ع ہاتھ نعمت و قوت و ملک و منت و قدرت

یا با زاے

یزدجرد ف نام بادشاہ پسر زادہ نوشیروان عادل

یا با واو

یوم التناد ع روز ندا کرنے یعنی روز قیامت کو بلایا جائیگا

نوان باب

اون لغات کے بیان مین جنکے آخیر مین حرف ذال ہی اور پہلے حروف برعایت حروف تہجے کی اپنی اپنی موقع پر بدلتی چلے گئے ہین اس مین گیارہ فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف الف اور اخیر مین ذال ہے

الف با تا

استخاذ ع پکڑنا ہاتھ مین لانا قبضہ کرنا کسے چیز پر

الف با جیم

اجلوّاذ ع دوڑنا تیز رفتاری کرنا چلنا جلد سے

الف با خاء

اخذ ع پکڑنا لینا کسے چیز کا کسے سے
اخاذ ع پکڑنا اور تالاب جمع ہونا مین ہوا اور زمین جو بادشاہ کے قبضہ مین ہو
اخاذ ع سخت پکڑنے والا اور بہت پکڑنے والا
آخذ ع گیرنده یعنے پکڑنے والا قبضہ کرنے والا

الف با سین

استلذاذ ع لذت لینا مزہ پانا ذوق پانا
اسفندارمذ ف بارہوین ماہ شمسے کا نام ہے

الف با عین

اعوذ ع پناہ مانگتا ہون امان چاہتا ہون

الف با فاء

افخاذ ع رانہا یعنی رانین یعنی بہت سے گوشت کے رانین

الف با لام

التذاذ ع لذت پانا مزہ پانا شیئے حاصل کرنا ذوق پانا
الذ ع نہایت لذیذ چیز اور نہایت مزیدار کہانا

الف با نون

انفاذ ع جاری کرنا روان کرنا بہیجنا ظاہر کرنا ظاہر ہونا

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف تا اور اخیر مین ذال ہے

تا با عین

تعویذ ع پناہ دینا اور پناہ مین لانا جھاڑ اور کاغذ جسپر کچھ لکھا ہو

تا با لام

تلمیذ ع شاگرد جسنے علم پایا یا کوئی ہنر سیکھا ہو
تلامیذ ع شاگردان یعنی لفظ جمع تلمیذ کے ہے

تلمذ ۔ شاگردی کرنا کسی سے علم پڑھنا یا ہنر سیکھنا ۔

تلذذ ۔ لذت لینا مزہ پانا شے سے حاصل کرنا ۔

تا با نون

تنفیذ ۔ رواں کرنا یا جاری کرنا کسیسے حکم وغیرہ کو ۔

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف حا اور اخیر مین ذال ہے

حا با نون

حنیذ ۔ بزغالہ لاغر بریان کیا ہوا بکری کا بچہ ۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف شین اور اخیر مین ذال ہے

شین با الف

شاذ ۔ جدا رہا ہوا اکیلا اور جو لفظ خلاف قیاس ہو ۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف عین اور اخیر مین ذال ہے

عین با واو

عوذ ۔ پناہ بردن یعنی پناہ مانگنا امان چاہنا ۔

عین با یا

عیاذ ۔ پناہ اور پناہ لینا امان چاہنا کسیسے ۔

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف فا اور اخیر مین ذال ہے

فا با الف

فانیذ ۔ شکر سفید یعنے کہانڈ جسکو چینی بہی کہتے ہین ۔

فا با خا

فخذ و فخذ ۔ ران جو ایک عضو اعضا جسم مین سے ہے ۔

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف قاف اور اخیر مین ذال ہے

قاف با نون

قنفذ ۔ خار پشت جو ایک جانور مشہور ہے ہندی مین سیہی نام ہے

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف کاف اور اخیر مین ذال ہے

کاف با الف

کاغذ ۔ مشہور چیز ہے جسپر کوئی کتاب یا خط لکہین ۔

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف لام اور اخیر مین ذال ہے

لام با ذال

لذائذ ۔ جمع لذت یعنے لذتین جو کسیسے طعام وغیرہ سے حاصل ہو

لذیذ ۔ لذت دار چیز مزے دار طعام و ذائقہ دار حلوا وغیرہ ۔

لام با یا

لیاذ ۔ پناہ مانگنا کسیسے امان چاہنا حاجت مین آنا ۔ استحکام چاہنا

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف میم اور اخیر مین ذال ہے

میم با الف

ماخذ ۔ ع جس مقام سے کوئی چیز لین یعنے اوس چیز لینے کی جگہ

ماخوذ ۔ ع پکڑا گیا لیا گیا یا اپنے تصرف مین لایا گیا

میم با سین

مستلذ ۔ ع لذت لینے والا مزا پانے والا ذائقہ حاصل کرنیوالا

میم با عین

معاذ ۔ ع جای پناہ اور پناہ دینا کسی کو حمایت مین لانا

میم با لام

ملاذ ۔ ع جای پناہ اور جگہ امان و حمایت کے

ملاذ ۔ ع جمع ملذ چیزہای لذیذ مزیدار و ذائقہ دار شیرین

ملذ ۔ ع لذت دینے والی چیز یعنے وہ چیز جو ذائقہ دار ہو

ماذ ۔ ع دروغ گو جو بات کہکر عمل نہ کرے بدعہد آدمی

میم با نون

منفذ ۔ ع رستہ اور جاری ہونے کی جگہ رواں ہونیکا مقام

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف نون اور اخیر مین ذال ہے

نون با الف

نافذ ۔ ع جاری ہونیوالا اور رواں ہونیوالا ظاہر ہونیوالا۔

نون با با

نبذ ۔ ع تھوڑی چیز اور بقیہ اور تھوڑے سے زیادت یا کمی بھی لکھا جاتا ہے

نبیذ ۔ ع وہ شراب جو خشک خرما سے نکالتے ہین یعنے بوزہ

نون با فا

نفاذ ۔ ع جاری ہونا حکم و فرمان نامہ وغیرہ احکام سلطانی کا

نفوذ ۔ ع جاری ہونا رواں ہونا اجرا پانا۔

دسواں باب

اون لغات کے بیان مین جنکے اخیر مین حرف رای ہے اور پہلے حروف برعایت حروف تہجے کے اپنی اپنی موقع پر بدلتے جاتے ہین اس مین اونتیس فصل ہین۔

پہلی فصل

اون لغات کے ذکر مین جنکے اول حرف الف اور اخیر مین را ہے

الف با با

آب لور ۔ ف بیماری نزول الماء جس سے انسان اندھا ہوجاتا ہے

آب خور ۔ ف نصیب و قسمت و رود خانہ و تالاب و نہر وغیرہ۔

آبار ۔ ع جمع بئر یعنی چاہ اور فارسی مین آب سوختہ

آبلار ۔ کشمیر مین ایک رود کا نام ہے اور نام چشمہ کا۔

آبشخور ۔ ف روزی و قسمت و محل اقامت و جای آب خوردن

آبشار ۔ ف رہگذر آب جہاں پانی بلندی سے بہتے ہوئے گرے

آب انگور ۔ ف شراب انگوری جو انگور سے نکالی جاتی ہے

آب انار ۔ ف شراب سرخ باعتبار اوسکے رنگ کے

آب خضر ۔ ف آب حیات جسمین سے خضر نے پانی پیا تھا۔

آبگیر ۔ ف تالاب و حوض و جھیل جسمین پانی رہتا ہو۔

ابو البشر ۔ ع آدم علیہ السلام جو سب کا باپ ہے۔

ابکار ۔ ع جمع بکر کنواری عورتین و جمع بکرہ بمعنی بامداد و صبح کا وقت

ابر ۔ ف مزید علیہ بر بمعنے بالا۔

آبر ف بادل جسکو عربی مین سحاب کہتے ہین۔
آبتر ع دم بریدہ و ناتمام و بے فرزند و پراگندہ خاطر و پریشان
آبی جعفر کنیت امام محمد باقر کے اور نام ایک امام کا۔
ابحار ع جمع بحر بہت سے دریا اور ندیان پانی کے
ابرار ع نیکوکاران یعنی نیک کام کرنیوالے اچھے لوگ۔
ابقر ع شورہ ایک مشہور چیز ہے جس سے باروت بناتی ہین
ابخار ع نام ایک ولایت کا کرجستان کے ولایت کے طرف
آبدار ف تر و تازہ و بارونق و سرسبز۔
آبکار ف شراب فروش جو شراب بیچتا ہے۔

الف با تا

آتش تر ف شراب اعتبار اوسکے سرخ رنگت کے۔
آتشکار ف آگ دینا اور گرم کرنا کسے چیز کو آگ سے۔
آتش خوار ف نام مرغ جو آگ کہاتا ہے بعض جگہ اوسکو کہتے مین ہی کہا
آتشگیر ف دستپناہ آلہ آہنی جسکے ساتھہ آگ پکڑتے ہین
استجار ع تجارت کرنا سوداگری کرنا آپسمین خرید و فروخت کرنا

الف با ثا

اثیر ع عالی و بلند مجازاً آسمان و طبقہ عالم بالا۔
اثر ع نشان و علامت و حدیث محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اثر ع جوہر شمشیر و نقل سخن و حدیث نبوی علیہ الصلوٰۃ والسلام
اثر ع نشان کسی چیز کا جو باقی رہہ جاے اوسکے مرنیکے بعد۔
آثار ع نشانہای قدم جمع اثر یعنے یادگار اور نشان
اثمار ع جمع ثمر کے بہت میوے درختونکے جو کہائے جاتے ہین۔

الف با جیم

آجر ع وہ اینٹ جو آگ مین پک کے پختہ ہو جاے۔
آجار ف زمین ہموار اور وہ زمین جسمین نشیب و فراز نہو۔
آجیر ع مزدور جو کسیکا کام اجرت پر کرے
اجبار ع جبر و زبردستی کرنا کسے پر جبر کرنا ظلم کرنا

اجہار ع ظاہر کرنا بلند آواز سے ڈڈبہنا کسی کتاب وغیرہ کو
ابحر ع جمع ابحر بہت سے دریان اور ابحر بھی
اجہر ع روزکور جسکو دن مین نظر نہ آوے اور دوآتے
کو بینا نہو جائے۔

الف با حا

احور ع نام ستارہ مشتری و مرد سفید پوست و سیہ چشم و خوبصورت
احضار ع حاضر ہونا کسیکے حضور مین جانا روبرو ہونا
احجار ع جمع حجر بمعنے سنگ جسکو پتہر کہتے ہین
احبار ع دانایان یعنی بہت سے دانا و عقلمند لوگ۔
احمر ع سرخ و سخت و دہشت و مقتول
احرار ع حر بمعنے آزاد و لقب خواجہ احرار نقشبند رحمہ کا۔
احتکار ع وہ غلہ جو بامید گرانی و حصول نفع خریدا جاے اور کچہہ عرصہ تک رکہا جاے

الف با خا

آخر ع ضد اول یعنے جو بات اخیر و انتہا مین ہو۔
آخر ع بمعنے دیگر ہے کے مین اور بعد ازان۔
آخر ف مخفف آخور علف اسپان اور وہ ہڈی جو انسان کے
گردن کے نیچے اور سینے کے اوپر ہے یعنے ہنسلی
آخور ف گہوڑون کے چرنے کے جگہہ مخفف آبخور۔
آخور سالار ف طویلہ کا داروغہ جسکے حکومت طویلہ پر ہو۔
اخیر ع پچہلا آخر کا انتہا کا۔
اختر ف ستارہ و فال و شگون و طالع و علم و رایت و نام فرشتہ
اخضر ع سبز رنگ یعنے وہ چیز جسکا رنگ سبز ہو۔
اخبار ع جمع خبر و احادیث نبوی و تواریخ جہان و حالات مختلف
اخبار ع خبر دینا کسیکو اطلاع پہونچانا واقف کرنا۔
اختبار ع خبر لینا آزمانا کسیکو کسے بات پر۔
اختیار ع برگزیدن اور مختار کرنا کسیکو کسے کام پر۔
اختصار ع مختصر کرنا تہوڑا کرنا بڑی کو چہوٹا کرنا۔

آخگر ف اخگر انگ کا تھوڑی سی آگ انگارا آگ کا۔

الف با دال

اِدبار ع پشت دینا دولت کا مجازاً کم بختی و کم قسمتی و بے نصیب

آدَر ف آذر گروشی آسمان اور زمانے اور وقت جو گذر رہی ہو

اِدرار ع [illegible] بہنا بادل کا بار بار بول کا آنا بار بار پیشاب کرنا یومیہ وظیفہ و راتب [illegible] اور جاری کرنا کسی چیز کا

اِدبیر ع ادبار بضرورت قافیہ وغیرہ بمعنی بدبختی و کم نصیبی و کم قسمتی

الف با ذال

آذر ف آتش [illegible] باہ پوس سرد کا موسم

آذرگون [illegible] بہار [illegible] ہے

اِذخر [illegible] ایک گہاس کا نام ہے جسکو مرچیا گند نام ہے

اِذخار ع ذخیرہ رکہنا اور ذخیرہ کرنا جمع رکہنا کسی چیز کا

اِذکار ع یاد کرنا ذکر کرنا کسیکو اور اسکے پیچہے

اَذکار ع جمع ذکر بہت مرتبہ یاد کرنا کسیکو

اِذفر ع تیز [illegible] جیسے بو تیز ہو

الف با رائے مہملہ

ارد ف حرف لقب [illegible] پارسی زبان کا مانند شیرین

الف با رائے

آذر ع نام پدر ابراہیم علیہ السلام جو بت تراش تہا۔

آزور ف [illegible] آز لینے جو شخص صاحب حرص ہو۔

اَزہَر ع روشن تر یعنے زیادہ روشن و ظاہر

اَزبر [illegible] حفظ دیا وہ علم برزبان کسیکو یاد ہو۔

اژدر ف [illegible] بزرگ یعنے بڑا سانپ و اژدہا۔

اِزار ع شلوار تنبان کمرکا و دستار جو سر پر باندہتے

اَزاہیر ع جمع ازہار شگوفہائی بہار اور تازہ سبزیان

اَزہار ع جمع زہرہ شگوفہائی تازہ اور سبزیاں اور رنگ کے

اَزہار ع شگوفہا اور روشن کرنا چراغ کا۔

الف با سین

اِستفسار پوچہنا دریافت کرنا کسی سے

اِستقصا ع علم کرنا چہان کرنا اوس چیز کو جو پڑھے تہے

اِستخراج [illegible] نام قلعہ فارس جس میں پڑا تا لاہے

اِسفندیار ع نام بادشاہ پسر گشتاسپ جسکو رستم نے تیر دو شاخ کے ساتھ اندھا کیا تھا۔

اِشکبار [illegible] آنسو ٹپکانا قاصد جو ڈاک لیجاتا ہے۔

اَسیر ع محبوس قیدی [illegible] قید میں رہتا ہے

اِستغفار ع مغفرت مانگنا بخشش چاہنا خدا سے

اُستوار ع مضبوط و محکم و پائیدار چیز و محکم بنیاد۔

اِستبشار ع خبر خوشی پوچہنا بشارت چاہنا کسی سے

اَسمار ع جمع سمر افسانہائی شب و حکایات یعنے کہانیاں

اِستقرار ع قرار پکڑنا ثابت ہونا مضبوط و قیام پانا۔

اِستمرار ع [illegible] ہونا ہمیشہ رہنا جاری ہونا قائم ہونا۔

اِستظہار ع یاری چاہنا پشت دینا ہونا قوی پشت ہونا

اِستحقار ع خوار کرنا بے عزت رکہنا بے قدر کہنا کسیکو

اُستخوان ف ہڈی [illegible] جسکے بدن میں ہڈی ہو

اَسفار ع جمع سفر [illegible] یعنے بہت سے سفر و مسافت

اَسُودہ [illegible] جو [illegible] عجب اسکے [illegible]

اَساطیر ع جمع سطور [illegible] و مخطوط و سطور

اِستکثار ع بہت مانگنا کثرت کے ساتھ سوال کرنا۔

آشمیر ع گندم گون افسانہ گو قصہ خوان اور کہانیاں کہنے والا

اِستکبار ع تکبر کرنا غرور کرنا فخر کرنا بڑائی کرنا۔

اِستبصار ع [illegible] روشن یقین و نور قلب۔

اِستجبار ع جبر کرنا [illegible] ظلم و ستم

اَسحار ع جمع سحر و فجر کے وقت اور بہت سے جادو

اِستحضار ع یاد کرنا اور کسیکے حاضری چاہنا اور بلانا

اَشتر ذ خچر چارپایہ مشہور ہے۔
اَستار ع جمع ستر بہت سے پردے نقاب جو منہ پر ڈالین
اِستار ع وہ وزن جو ساڑھے چار مثقال ہو اور پوشیدہ کرنا
اِستتار ع چھپ جانا پوشیدہ ہونا پردہ مین ہونا پوشیدہ کرنا
اَسرّ ع بہت خوش اور بہت آسودہ و خوش حال
اِستثمار ع میوہ چگنا اور میوہ مانگنا کسے سے
اِستشعار ع دل مین ڈرنا خوف کرنا رعب مین آنا۔
اَسغر خارپشت جو ایک جانور ہے۔
اَسرار ع جمع سرّ یعنے راز دل کے بھید اور اسرار اوی
اِستکرار ع تکرار کرنا بار بار کہنا کسی بات کو کسے سے
اِستنصار ع یاری مانگنا مدد مانگنا حمایت چاہنا کسے سے
اِستفسار ع پوچھنا دریافت کرنا کسی طرح کا حال کسے سے
اَستر ف ضدارہ یعنے دو تہ کپڑے کے درمیانی تہہ۔

الف با شین

اِشعار ع خبر دینا اطلاع پہونچانا آگاہ کرنا کسے کو۔
اَشعار ع جمع شعر ابیات اور سر اور بدن کے بال
اَشقر ع ہر چیز سرخ رنگ مائل بزردی و سیاہی اسپ کہ رنگ سرخ ہو
اَشتر ع خود پسند و ستیزہ کار و شریر و خود مطلب
اَشجار ع جمع شجر یعنے درختان
اِشتہار ع مشہور کرنا کسے بات کو۔
اَشرار ع جمع شریر یعنی بہت سے لوگ صاحب شرارت
اُشتر ع شتر اونٹ جو ایک چارپایہ باربردار مشہور ہے

الف با صاد

اِصطخر معرب ستخر نام قلعہ جو فارس کے ملک مین ہے
اِصرار ع ضد کرنا ایک کام پر قایم رہنا ہٹ کرنا۔
اِصطبار ع صبر کرنا ٹھیرے رہنا کسے مشکل بات پر
اَصاغر ع خوردان یعنی چھوٹے عمر کے بچے اور لڑکے

اَصفار ع جمع صفر یعنے خالی اور نقطے جو دہائی اور سینکڑون کے درجون پر ہون۔
اَصفر ع زرد رنگ یعنے وہ چیز جسکا رنگ زرد ہو۔

الف با ضاد

اِضرار ع ضرر پہونچانا تکلیف دینا دکھ دینا نقصان پہونچانا
اِضطرار ع حالت بے اختیاری و بیچارگی کے اور بیقراری کے
اِضمار ع ضمیر لانا کسے اسم مین کلام کی دقت اشارہ کرنا۔

الف با طار

اَطوار ع جمع طور کے بہت سے طور و طریق و طرز۔
اَطہر ع بہت پاک اور اچھا جمع اسکے اطہار ہے۔

الف با ظاء

اَظہر ع بہت ظاہر و ہویدا اور سب سے روبرو۔
اِظہار ع ظاہر کرنا روبرو لانا اور حقیقت حال جو زبانی کہین

الف با عین

اِعذار ع عذر کرنا ختنہ کرنا و طعام و ضیافت ختنے کی۔
اِعصار ع گردباد جسے بگولا جو گرد پھرتا جاتا ہے۔
اَعصار ع جمع عصر یعنی بہت سے زمانی اور بہت سے وقت
اِعتبار ع عبرت پکڑنا اور کسی چیز کو اچھا جاننا۔
اَعور ع شخص یک چشم اور نام ایک دیو کا جو دو دم سے
اِعتذار ع عذر چاہنا عذر کرنا کسے بات پر۔
اَعمار ع جمع عمر اور زندگانیہاے انسان۔
اَعشار ع جمع عشر کسے چیز کا دسوان حصہ۔

الف با غین

اَغبر ع خاک رنگ گرد آلودہ و مکدر چیز
اِستغفار ع مغفرت چاہنا بخشش مانگنا کسے سے
اِغمار ع نم وزمین نمناک اور ملنا اور ملانا۔
اَغمار ع نادان ناآزمودہ کار اور جو تجربہ کار نہ ہوں

الف با فا

اِفتقار ع فقیر ہونا درویشی و عاجزی و افلاس و ناداری و محتاجی
اَفکار ع جمع فکر بہت سے خیال یا اندیشے جو آدمی کو لاحق ہوں
اَفگار ف زخمی زخم خوردہ دو نو معنے اسکے حاصل ہوتے ہیں
اِفطار ع روزہ کھولنا بعد فاقے کے کھانا کھانا -
اَفدر ع برادر زادہ و خواہر زادہ و برادر پدر یعنے چچا
اَفشار ف نام قوم قزلباش جس قوم سے نادر شاہ بادشاہ ایران تہا
اَفسار ف باگ ڈور گھوڑے کی جو گھوڑے کو باندہتے ہیں -
آفتاب پرست ف کنایہ مرد بیچ نیز جو شخص صبح کو اٹھکے
آفتاب گیر ف سایبان جس سے آفتاب چھپ جاتا ہے
اِفتخار ع فخر کرنا بڑائی کرنا اظہار شوکت و شان کرنا
اَفقر ع جو شخص نہایت محتاج اور نادار و فقیر ہو -

الف با قاف

آق سنقر ت ترکی میں اکثر غلاموں کے نام ہوتے ہیں معنے اسکی سفید مرغ
اَقطار ع کنارہ و قطرہ و طرفہا و جانب ہا -
اِقتصار ع قصور کرنا کوتاہی کرنا چھوٹا کرنا -
اِقتدار ع طاقت ور ہونا صاحب قدر و منزلت ہونا -

الف با کاف

اَکابر ع عزت دار لوگ امیر لوگ بڑے آدمی -
اَکبر ع بہت بڑا اور بڑی عزت والا خدا تعالے -
اَکثر ع بہت اور زیادہ کثرت کے ساتھ -
اَکدر ع بہت مکدر و تیرہ تر و صاحب کدورت و خراب -
اَکار ع زمیندار کاشتکار جو آدمی کھیتی کرتا ہو -
اِکثار ع بہت بولنا بہت کہانا بہت کام کرنا -
اِکسیر ع کیمیا جس سے تانبہ کا سونا اور قلعی سے چاندی بنتی ہے -

الف با لام

اَللہ اکبر نام ایک پہاڑ کا جو قریب شیراز کے ہے

اُولو الامر ع حاکم و بادشاہ و امیر جسکا حکم جاری ہو -

الف با میم

اَمصار ع جمع مصر بہت سے شہر آباد یا قصبے -
اَمطار ع جمع مطر بارشیں اور مینہ پانی کا -
اِمرار ع گذارنا گذرانا کسی چیز کو کسی مقام سے -
اَموات ع جمع میت مقتولان و شہیدان جو قتل ہو چکے ہوں
اُمور ع جمع امر اگر حکم سے مراد ہو تو جمع اسکے اوامر ہے اور
اگر کام سے مراد ہو تو جمع اسکے امور ہے -
آمیزگار ف خلیق و سازگار اور شخص ملنے والا -
آموزگار ف استاد و شاگرد دو نو معنے رکہتا ہے -
آمرزگار ف بخشنے والا بخشش کرنے والا قصور معاف کرنے والا
اُمور ع امر کی جمع ہے بہت سے کام اور معاملات
آمر ع حکم دینے والا فرمان فرما حاکم کسی ملک کا
اُمیدوار ف امیدرکہنے والا طمع رکہنے والا -
آمیر ع حکم دینے والا مالک حاکم و فرمان فرما -

الف با نون

اَنصار ع یاری دینے والے اور نام گروہ اصحاب رسول اللہ جو مدینہ میں تہے
اِنتشار ع پراگندہ ہونا اور قایم ہونا عضو تناسل کا شہوت سے
اَنظار ع جمع نظر بہت سی نظریں اور بینائیاں -
اِنفجار ع جاری ہونا پانی یا ریم کا دنبل سے اور رواں ہونا
انکار ف خیال کر امر سے انگاریدن سے -
اِنتظار ع انتظار کرنا کسیکا راستہ دیکھنا
اِنکسار ع شکستگی و عجز جو کسیکی طبیعت میں ہو -
اِنحصار ع گہرنا بند ہونا اور محدود ہونا کسی چیز میں اور داخل پانا
اَنوار ع جمع نور شگوفہا و جمع نور روشنیاں دو نو لفظوں کی جمع ہے
اَنمار ع ملیکان نام قوم از بنی سبا جو عرب کے رہنے والے تہے
اِنذار ع ڈرانا اور نصیحت دینا اور دہمکانا کسی کو -

اندآور ۔ افسانہ و حکایت و کہانی جو کہتے ہین ۔
آتش تر ۔ سنڈسی جسسے گرم لوہا پکڑتے ہین چمٹا ہے ہکو کہتی ہین
آنبارہ ۔ جمع انبر تودہ ہاے غلہ و پر کردن و ذخیرہ کردن
انفطار ۔ پارہ پارہ ہونا اور پیدا کرنا ظاہر کرنا ۔
انشار ۔ زندہ کرنا ظاہر کرنا نشر کرنا ۔
انکار ۔ کسیکا کہنا نماننا منکر ہونا کسے بات سے ۔
انگور ۔ مشہور میوہ ہی جسکے شراب بہی بناتے ہین ۔
انار ۔ مشہور درخت اور میوہ ہی جو شیرین و ترش ہوتا ہے

الف با واو

اوتار ۔ جمع وتر تارہای ساز یعنے سرود کے ساز کے تار ۔
اوطار ۔ حاجات یعنے حاجتین اور دلی خواہشین ۔
اوبار ۔ اوبار (؟) جمع وبر (؟) یعنے گلے ... (؟)
اودر ۔ برادر پدر یعنے چچا ... باپ کا بہائی ۔
اوزار ۔ کاریگرون کے ہتہیار و سامان ... اور ... گاہ اور ہتہیار اور ... پر ... (؟)
اوکی ترف ۔ ... بہرا ... ترکی ... ایک ... بیت ... (؟)
اوامر ۔ جمع امر کے یعنے امر اور حکم

الف با ہاء

اہار ۔ وہ شستہ جو کپڑا کاغذ پر لگاتے ہین ۔

الف با یاء

ایسر ۔ جہت ... بایان یعنے بایان طرف انسان کا
... (؟)
ایثار ۔ ... اختیار ... (؟)
ایدار ... (؟)
ایار ۔ ... (؟)

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف با اور آخر مین رای ہے

با با الف

باقر ۔ مرد فاضل و دانشمند لقب امام پنجم پسر امام زین العابدین رضی اللہ تعالے عنہ ۔
بادفر ۔ ف ۔ پہرکے جیسے لڑکے چرخیکے بنا کر اور رشتہ ڈالکر کہیلتے ہین
بار ۔ ف ۔ نام خدا تعالے و بستہ خروار و انبار و بزرگ و گرانی و بزرگی و نیک و نصیب و حضیت و دخل و بیخ و بن و کرت و مرتبہ و بارگاہ و کثرت و انبوہ و ثمرہ و میوہ و حمل زنان و ساز مطربان اور برسنے والا و یعنے بیکو کار ۔
باحور ۔ گرمی کا پڑنا گرمی کے موسم مین اور یہہ ایام انیسوین تموز سے چہبیسوین تک آٹہہ روز مقرر ہین اور یہہ آٹہہ روز اگر نہایت گرمی مین گذر جائین تو علامت نزول باران اور نشان ارزانی اسکے کا ہے اور اگر یہہ دن سرد ہوجائین تو قحط کا خوف ہے گویا یہہ آٹہہ روز حاکم مین آٹہہ ماہ کے احوال پر اول امرداد کے مہینے سے آخر اسفندیار تک ۔
بارگیر ۔ ف ۔ اسپ شتر و گاو وغیرہ چارپا جو بار اوٹہاتے ہین
بادگیر ۔ ف ۔ دریچہ و روزن گہر کا جسطرف سے ہوا آتے ہو ۔
باخ زنگر ۔ ف ۔ کرمان مین ایک ... (؟) جسکا یہہ نام ہے ۔
باہر ۔ روشن و آشکارا و ظاہر جو ... ہو ۔
باختر ۔ ف ۔ ملک خراسان و نواحی قندہار و یعنے آفتاب ... (؟)
پار ۔ ف ۔ سال گذشتہ یعنے پارسال یہہ لفظ ہندی مین مستعمل ہے
پیرار ۔ ف ۔ سال گذشتہ تین برس کا جو سال گذر چکے ہون
باور ۔ ف ۔ اعتبار ... استعمال اسکا بلفظ کردن اور داشتن ہے ۔
بازار ۔ ف ۔ جای خرید و فروخت اور مقام تجارت
بابر ۔ نام بادشاہ جد اکبر بادشاہ جو ... تخت پر بیٹہا تہا

پاگیر فرسنگ کی داؤ کا نام ہی جسمی حریف کو لات پکڑ کر گرا دیتی ہین

باجدار ف محصول مقرر کرنیوالا یا محصول دینے والا-
باج گذار ف جو سرکاری محصول دیتا ہو زمیندار وغیرہ
باجگیر ف محصول لینے والا حاکم و بادشاہ وغیرہ-
باخبر ف حال کا واقف راز کا محرم اور مرد صاحب علم و فضل
باربردار ف بوجھ اوٹھانیوالا احمال جو بوجھ اوٹھا کر لیجائے
بارگیر ف شریک سفر و رفیق راہ اور بار اوٹھانیوالا
باد ژ ف شتابندہ یعنی دوڑنیوالا چالاک -
بادام زنجیر ف ایک حلقۂ زنجیر جو گلے مین پہنتے ہین
بانکستے والا نکارہ صبح و شام دن رات-

با - با - با

ببر ف ایک درندہ جانور کا نام ہی جو شیر پر غالب آتا ہی شبیہ اوسکی شیر و گربہ سی ملتی ہے مگر دُم نہین ہوتے-

با - با - تا

بتر ف مخفف بتر اور ابتر بے فرزند ہونا بے اولاد ہونا-
بتر ع کاٹنا اور بیخ سی کاٹنا خراب و ابتر کرنا-

با - با - ثا

بثر ع آبلہائی خورد و دانہ سرخ و زرد جو بدن پر نکلین-
بثور ع جمع بثرہ آبلہائی خورد جو انسان کے بدن پر نکلتے ہین

با - با - حا

بحر ع دریای شور و جوی بزرگ اور وزن شعر اور بحر نظم کے جو اوسمین ہین طویل مدید بسیط وافر کامل ہزج رجز رمل منسرح مضارع مقتضب مجتث سریع جدید قریب خفیف مشاکل متقارب متدارک-
بحور ع جمع بحر خواہ بمعنے دریا کے خواہ بحر نظم کے معنے
بحار ع جمع بحر دریا-

بحر اخضر ع نام دریا جسکے جانب شرق چین شمال کو ہند اور غرب مین مین جنوب مین دریائے محیط طول دو ہزار فرسنگ اور عرض پانسو فرسنگ ہے-

با با خاء

بخور ع وہ خوشبوئین جو کسی چیز کے جلانیسے حاصل ہون-
بخت نصر ع نام بادشاہ کا فرجسنے بیت المقدس گرایا تھا
بخر ع بدبوی دہان وہ بدبو جو مونہہ سے آوے-
بخار ع دہوان جو آگ یا گرمی پانی وغیرہ سے نکلے مجازاً تپ
بختاور ف صاحب نصیب و صاحب قسمت دولتمند
بختیار ف قسمت والا طالعمند آدمی سیر آدمے-

با با دال

بدر ع ماہ تمام و نام مقام متصل مدینہ جہان پہلے کفار پیغمبر صاحب سے لڑے تہے-
بدور ع جمع بدر بہت سے چاند جو پورے ہون

با با را

برخوردار ف بہرہ مند یہ لفظ اپنی فرزند کی نسبت بولتے ہین
برنگار ت وہ فوج جو بوقت جنگ دا لک کے طرف رہتی ہو
برفور ف جلد و شتاب ابتدا و سبقت اوسے دم-
بردار ف غرفہ و دریچہ اور سردخانہ گہر کا اوپر کا مقام
برقرار ف قایم و پایدار و مستحکم و مضبوط
بردبار ف تحمل بار اوٹھانیوالا قایم مزاج-
بر ف ثمر میوہ درخت و سینہ و بغل و بدن جو ان سیا ہو
برادر ف بہائی حقیقے باپ کا بیٹا-
بر ع نام خشکی ف زمین خشک و بیابان ع نیکو کار و مہربان-
برّ ع نیکی و بخشش و خوشنودی و رضامندی و زندگانی
بُر ع گندم گیہون جو ایک غلہ مشہور ہے
برت ایک جو پہلا عدد اعداد مین سے ہے-

با با زای

بزر ف تخم ہر ایک چیز کا جس سے وہ چیز پیدا ہو۔
بزور ع جمع بزر بہت سی تخم اور بہت سے بیج۔
بزہ کار ف گنہگار فاسق فاجر عاصی بدکار۔
بزرگر ف تخم بونیوالا زمیندار کھیتی کرنے والا۔
بزرجمہر نام وزیر اعظم نوشیروان کا جو آخر معزول ہو گیا تھا
بزرگوار ف بزرگ اور بڑی مرتبی اور بڑی عمر کا آدمی
بزگر ف جو میش شاخدار کو لڑائی جانور لڑانیوالا۔
بزجگر ف ضد بہادر کم حوصلہ کم ہمت آدمی کمزور شخص

با با سین

بستہ نگار ف ایک راگنی کا نام ہے جو گائی جاتی ہے
بسر ع خرمای خام یعنی میوہ کھجور کا جو کچا ہو۔
بستر نام وزیر نصرانی جو بڑا مدبر و عقیل تھا۔
بستر ف بچھونا جو زمین یا تخت وغیرہ پر بچھایا جاوے

با با شین

بشیر ع خوشخبری دینوالا یعنی خبر پہونچانیوالا اور نام رسول کریم ص
بشرہ چہرہ موکھہ یعنی انسان کا چہرہ جو نظر آوے۔
بشر ع انسان صاحب بشرہ یعنے جسکا چہرہ دیکھا جاوے

با با صاد

بصیر ع صاحب بینائی و دانا و عقلمند و صاحب دانش و بینش
بصائر ع بینائیہا جمع بینائی و دانش و رسندین مضبوط۔
تبصر ع بینائی دیکھنا اور آنکھہ جس سے آدمی دیکھتا ہے

با با طای

بطر ع زخم کو چیرنا اور ریم و خون اوس سے نکالنا۔
بطر ع اشت و حیرانی و غفلت و نافرمانی و شادی و تونگری میں شگفتہ

با با عین

بعث و نشور ع روز قیامت یعنے دن اوٹھنے اور پہیل جانیکا۔
بعیر ع اونٹ جسکو فارسی میں شتر کہتے ہیں۔
بعر ع مینگنی شتر و گوسفند وغیرہ یعنی پشکل جسے مینگن کہتی ہیں

با با قاف

بقر ع گاو نر ہو یا مادہ بخلاف ثور کے کہ نر گاو کا نام ہے

با با کاف

بکتر ف ایک آہنین کپڑا ہے جو جنگ میں پہنتے ہیں اور تلوار اوسپر کارگر نہیں ہوتی
بگلر ت امیر و سردار و سپہ سالار و حاکم و فرمان فرما جو حاکم وقت ہو۔
بکر ف زن دوشیزہ و نازک و لطیف یعنی کنواری ہی کہ مرد ہم صحبت نہوئی ہو
بکر ع شتر جوان و نام قبیلہ و نام ملک و نام علاقہ۔
بکرہ ع وقت بامداد یعنی صبح کا وقت فجر کا موقع۔
بکور ع صبح کو اوٹھنا اور فجر کو کام کرنا علی الصباح بیدار ہونا

با با لام

بلجار ت پیمان و عہد و اقرار جو کسی سے کیا جاوے
بلغور ت دلیا جو پکا کر کہاتی ہیں گندم و جو کا دلیا۔
بلغار نام شہر جو ظلمات کے پاس سکندر کا آباد کیا ہوا ہے اور ایک قسم کا چمڑا جسکو ادیم کہتے ہیں۔
بلادر ع نام ثمر جسکو بہلانوا کہتے ہیں اور نام زیور۔
بلور ع نام سنگ جو صاف روشن ہوتا ہے۔
بلعم باعور نام ایک زاہد کا بنی اسرائیل سے جسنے موسی پیغمبر پر بد دعا کی جس سے موسی چالیس برس تک جنگل میں سرگردان رہا آخر یوشع نبی کے دعا سے اوسکا ایمان سلب ہوا اور وہ کافر ہو کر مر گیا۔

با با نون

بندر ع کنارہ دریا جہاں کشتیاں جمع رہتی ہیں جہاز کے قیام کا موقع

بنجر ف غیر آباد زمین جسمین کھیتی باعث نہوتی ہو۔
بنابرین ف اسلئی اسواسطی اس کام کے لئے اس غرض کے لئے۔
بنادر ع جمع بندر یعنی بہت سے مقام کشتیون کے ٹھہرنے کے
بنصر ع وہ انگلی جو وسطی اور خنصر کے درمیان ہے
بنی نوع بشر ع فرزندان جنس انسان یعنی تمام آدمی جو آدم کے اولاد ہین
بنی عامر ع عرب مین ایک قوم کا نام ہے جو عامر کے اولاد مین۔
بنیر کوہستان شمالی پنجاب مین ایک پہاڑ کا نام ہے۔
بہنیر ف حشرات خشک یعنی خشک کیڑے ہیں جو ایک قسم کا
نا سخوریش ہے۔

با با واو

بوتیمار ف نام مرغ ماہی خور یعنی بگلا جو مشہور جانور ہے
بواسیر ع نام مرض جو مقعد یا ناک مین پیدا ہوتی ہے۔
بور ف بواو مجہول سرنگ گھوڑا جو ایک قسم کا گھوڑا ہے۔
بوعمر ع سات کس فضلای علم قرایت سے ایک کا نام ہے
بوذر ع محمد صاحب کے ایک اصحاب کا نام ہے جو نہایت سچے تھا

با با ہاے

بہار عنبر خوشبو عنبر جو ایک قسم کا خوشبو ہے۔
بہادر ت مرد دلاور آزمودہ کار دہیلوان جوانمرد
بہار ف استدای فصل ربیع و موسم گل و نام آتشخانہ و بتخانہ
بہار ہند ایک ملک کا نام ہے ہندوستان مین جو مشہور ہے
بہتیرے ہند مستعمل لغارسی بازاری لوگ جو لشکر مین رہتے مین
بہتر ف بہت اچھا بہت خوب بہت مناسب۔
بہر ف واسطی یعنی فلان بات کے واسطے۔

با با یا

بیطار ع معالج چار پایون یعنی طبیب جو چارپایون کا علاج کرے
بیروزگار ف جو شخص دنیا کا کام نہ کرتا ہو مفلس نکما ہو۔
بیمار ف روگی یعنی وہ شخص جسکو کوئی بیماری ہو۔

بیدار ف ہوشیار خبردار اور جو شخص رات کو نہ سووے
بیت المعمور ع نام مسجد جو آسمان پر مقابل کعبہ کے ہے۔
بید انجیر ف درخت ارنڈ جو مشہور ہے وہ ایک درخت ہے
بیدر ہند ایک شہر دکن کے ملک مین ہے
بئیر ع چاہ یعنی کنوان جسمین پانی بھرا جاتا ہے۔
بئس المصیر بہت برا مقام بازگشت کا یعنی دوزخ۔
بیت القرار ع خانہ عاقبت یعنی وہ گھر جسمین سکونت ہو۔
بیلدار ف خوردہ فروش جو شخص چھوٹی چھوٹی اسباب بیچتا ہے
بے نوکر ف یہہ لفظ غلط ہے نا نوکر صحیح ہے مگر مشہور ہے

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جسکے اول پا فارسی اور اخیر مین را آیا ہے

پا با الف

پالکیر ف دکن مین ایک قوم ہے۔
پاکار ف پیادہ تحصیل و خادم و مزدور روزانہ کا و پیادہ
پارہ کار ف شوخ لچا سرکش نافرمان آدمی
پاسخاطر ف کسی کی خاطر کسیکے رعایت سے
پاسدار ف طرفدار کسی کا حمایتی و مددگار
پائیدار ف محکم و مضبوط اور برقرار رہنے والی چیز
پامی کار ف وہ جگہہ جہان عمارت کا کام کیا جاوے
پازہر ف زہر مہرہ جو ... مخفف پادزہر ...

پا با تا

پتھر ہند ایک ... مشہور ہے ...

پا با خا

پختہ خوار ف آرام طلب کم محنت بیکاری کھانیوالا۔

پا با دال

پدیدار ف ظاہر و آشکار جو چیز سب کے رو برو ہو۔
پدر ف باپ جسکی نطفہ سے یہہ شخص ہو۔

با یا ذال

پذیر ف قبول کرنا یا سننے والا اور قبول کرنیوالا۔

با یا رے

پرستار ف خدمتگار مرد ہو یا عورت حکم ماننے والا تابعدار
پردہ دار ف دربان محافظ دروازہ کا ہو اور پردہ نشین مستور
پرواری ف سرد مکان اور فربہ جانور جسکے بدن پر گوشت بہت ہو۔
پرکار ف آلہ قلم دو شاخہ جسسے دایرہ کھینچتے ہین اور دایرہ بناتے ہین
پروردگار ف پرورش کرنیوالا نام خدا تعالی کا ہی جو سب کو پالتا ہے
پُر ف بھرا ہوا لبالب ہوا ہوا پیالہ یا اور کوئی برتن
پرکار ف دانا و عیار و عقلمند جو ہر ایک کام کر سکتا ہو۔
پرورند ف پالنے والا پرورش کرنیوالا شخص
پرہیزگار ف بچنے والا گناہ سے اور نیک کام کرنیوالا۔
پری پیکر ف خوبصورت آدمی اور معشوق صاحب حسن و جمال
پرندہ ف بال و باز جیسے جانور پرند اڑتے ہین۔
پردہ زنبور پردہ جالی دار جو عورتین پہنتی ہین۔
پریر ف مخفف پریروز یعنی وہ پرسون کا دن جو گذر چکا ہے

با یا سین

پسر ف بیٹا جو اپنے نطفہ سے پیدا ہوا ہو اور لڑکا کم عمر

با یا نون

پندار ف تصور و تکبر و خیال اور وہم جو طبیعت مین ہو۔
پنجر ف جو چیز مشبک ہو اور پنجرہ یعنے جالی۔

با یا واو

پوطدار ف خزانچی جسکی تحویل مین زر نقد رہتا ہو۔
پور ف بیٹا جو اپنے نطفہ سے پیدا ہوا ہو۔
پور ناجر کنایہ اسمعیل علیہ السلام جو نبی مشہور ہے۔

با یا یاء

پیکار ف جنگ لڑائی یعنی معرکہ جو دشمن سے کیا جائے۔
پیداوار ف آمدنی اور کمائی جو کسی کام سے حاصل ہو۔
پیر ف بزرگ بوڑھا عمر کا آدمی و مرشد اور پیشوا۔
پیزار ف جوتا جو پاؤن مین پہنتے ہین۔
پیغمبر ف ایلچی پیام لیجانے والا اور جو خدا کا پیام لایا ہو۔
پیکر ف شکل و صورت قالب بے سر پیر
پیشکار ف گماشتہ نوکر اور کام کرنیوالا۔
پیرانہ سر ف حالت پیری یعنی بڑھاپے و پیرانہ سالی
پیلہ ور ف شیشہ گر و عطار و ابریشم فروش۔
پے سپر ف پامال و پریشان و خراب حالت مین۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف تا اور اخیر مین را ہے

تا یا الف

تار ف ریسمان جامہ یعنی تانا و تار یک و سیاہ مخفف تاریک و نام درخت اور ترکی مین تنگ۔
تاجر ع سوداگر۔
تارمار ف زیر و زبر کجھ و پریشان۔
تالار ف ہانڈ جو زمیندار چار ستون زمین مین گاڑ کر اوسکے اوپر تختہ ڈالکر زراعت مین نگہبانی کرتے ہین اور وہاں پر بیٹھ کر پاسبانی کرتے ہین
تابعدار ف یہہ لفظ محض غلط ہی بلکہ تابعدار کہا جای تو بجا ہے
تاتار ف نام ایک ولایت کا ہے جو مشہور ہے۔
تاثر ع اثر قبول کرنا کسی کا یا دینے اور لینا۔
تاثیر ع اثر کرنا کسی چیز پر حاوی ہونا دباؤ ڈالنا۔
تاجدار ف بادشاہ صاحب تاج یا مالک ملک۔

تاجور ف بادشاہ صاحب کلاہ فرمان فرما۔
تاخیر ع پیچھے ڈالنا توقف کرنا ٹھہر جانا و درنگ کرنا
تاخیر ع پیچھے ڈالنا توقف کرنا ٹھیر جانا درنگ کرنا

تا با باء

تبر ف ایک قسم کا ہتھیار یعنی تلوار کا کام دیتا ہے
تبر ع طلا یعنی سونا جسکو زر کہتے ہین۔
تبار ف خاندان و اولاد دوسرے مین ملا کے
تبختر ع نازو غرور سے چلنا مور کے چال چلنا
تموز عسرزان ع ملاکر کاٹنے و سستے و بدبختے وغیرہ۔
تبذیر ع پراگندہ کرنا فضول خرچ کرنا نکلنا گھاس کا زمین سے
تبحر ع بہت صاحب علم ہونا مثل دریا کے ہونا صاحب فیض ہونا
تبادر ع باہم دوڑنا آگے نکلنا تیز رفتاری سے کرنا۔
تبخیر ع دھوان اوٹھانا بخارا اوٹھانا کسی چیز سے
تبصیر ع دیکھنا نظر کرنا نگاہ ڈالنا کسی پر۔
تباشیر ف سفید دوا کا نام ہے طباشیر اسکا معرب ہے

تا با تاء

تتر ف مخفف تاتار جو ایک مشہور ملک ہے۔

تا با ثاء

تثمیر ع میوہ لگنا اور نفع پانا فایدہ حاصل کرنا۔

تا با جیم

تجبر ع جبر کرنا زبردستی کرنا ظلم و ستم کرنا کسی پر۔
تجاسر ع دلیری کرنا شوخی کرنا گستاخی نافرمانی کرنا
تجار ع جمع تاجر سوداگران یعنی بیوپاری لوگ۔
تجربہ کار ف آزمایا ہوا یعنی جس شخص نے بہت سے تجربے کئے ہوں

تا با حاء

تحذیر ع ڈرانا دہشت دلانا دھمکانا خوفناک کرنا
تحریر ع لکھنا اور باریک خطوط جو کتاب کے چارون طرف ہون و نام کتاب علم اشکال مین اقلیدس حکیم سے اور نغمہ کنکرے جو گانے والا اپنے گلے سے لمبی آواز نکالتا ہے اور آزاد کرنا غلام کو قید غلامی سے
تحشیر ع ملک رکھنا نفقہ اہل و عیال اور نوکر چاکر پر
تحجر ع پتھر کے طرح سخت ہونا نہایت سخت دل ہونا۔
تحسر ع حسرت کرنا افسوس کرنا رنج و اندیشہ مین ہونا
تحقیر ع حقیر ہونا بے عزت ہونا بے آبرو خراب ہونا
تحیر ع حیرت مین آنا حیران و پریشان ہونا غمناک ہونا
تحویلدار ف وہ شخص جسکے سپرد کوئی خزانہ ہو مجازاً خزانچی

تا با خاء

تخمیر ع گوندنا خمیر اوٹھانا کسی چیز کا۔
تخسیر ع کم کرنا ہلاک کرنا نقصان و ضرر کرنا زیان مین ڈالنا

تا با دال

تدبر ع پیچھا کام کا دیکھنا آل کار پر غور کرنا تدبیر کرنا۔
تدابیر ع کسی کام کے اخیر پر غور کرنا تدابیر تدبیر کی جمع ہے
تدمیر ع ہلاک کرنا ہلاکت مین ڈالنا خراب کرنا۔
تدویر ع گرد کرنا اور دور مین لانا مدور بنانا۔

تا با ذال

تذکیر ع مرد ہونا مرد بنانا یہ لفظ تانیث کے ہے

تا با راء

تر ف بہت اور تازہ و آبدار و صاف و پاکیزہ جیسے گل تر وغیرہ
تریاق کبیر ع ایک معجون مرکب کا نام ہے جو نہایت مفید ہے

تا با زاء

تزویر ع مکر و فریب کرنا جھوٹ کو رونق دینا جھوٹ کو سچ بنانا

تا با سین

تسخیر ع فرمانبردار کرنا تابع کرنا اپنی متابعت مین لانا-
تسطیر ع لکھنا تحریر کرنا کسے کتاب یا خط وغیرہ کا-
تستیر ع چھپانا پردہ مین رکھنا پوشیدہ رکھنا-
تسییر ع سیر کرنا جابجا پھرنا ملکون مین پھرنا-
تسییر ع سیر دینا روان کرنا شہر سے نکالنا بدر کرنا کسیکو-
تسکر ع بغیر سے اپنے آپ کو مست ظاہر کرنا فریب سے مست بننا-

تا با شین

تشہیر ع مشہور کرنا رسوا کرنا بے آبرو کرنا کسی کو-
تشمیر ع چستے دچالاکے و دلیر کرنا-
تشویر ع شرمساری و خجلت اور اشارہ کرنا کسے کو-
تشتر ف نام ایک شہر کا ہے-

تا با صاد

تصغیر ع چھوٹا کرنا کم کرنا مختصر کرنا کسے چیز کو-
تصور ع اپنے دل مین کسی چیز کے تصویر کو قایم کرنا-
تصویر ع صورت و شکل کا بنانا تصاویر اسکی جمع ہے یعنے صورتین-
تصدیر ع دیباچہ لکھنا اور مقدم کرنا کسے کو کسے پر-
تصویر سایہ دار ف بت جو مٹی یا پتھر سے بنا ہو-

تا با ضاد

تضجر ع دلتنگ اور بے آرام ہونا پریشان و غمگین ہونا-

تا با طاء

تطہیر ع پاک کرنا پلیدی سے دور کرنا صاف کرنا کسے چیز کو-

تا با ظاء

تظاہر ع پشتی دینا مددگاری کرنا حمایت مین لینا-

تا با عین

تعزیر ع سیاست کرنا کسی کو بعوض جرم کے جو اقل درجہ چالیس مقدہ شرعی ہین

تعسر ع تنگی و دشواری کرنا عسرت کے حالت مین ہونا-
تعطیر ع خوشبودار کرنا عطر لگانا کسے چیز کو-
تعییر ع سرزنش و طعنہ دینا ملامت کرنا-
تعطر ع خوشبو ہونا خوشبوئی لگانا عطر لگانا-
تعبیر ع بیان کرنا اور خواب کا مطلب کہنا اور ترنا عبور کرنا
تعذر ع دشوار ہونا عذر اور حجت لانا کسے بات مین-
تعمیر ع عمارت کرنا کوٹھی مکان بنانا-

تا با غین

تغییر ع بوزن تشریف بدلنا پلٹنا کسے چیز کو-
تغیر ع بدلنا ایک حالت سے دوسرے حالت مین ہونا-
تغار ع طشت گلے یعنے مٹی کا طشت مٹی لگار کا ب-
تغایر ع فرق باہمی مغایر ہونا غیر بننا غیرت مین آنا-

تا با فاء

تفرر ع بھاگنا نفرت کرنا الگ ہونا اور جانا کسے سے
تفسیر ع قرآن کی شرح کا علم و علم معانی قرآن-
تفاسیر ع جمع تفسیر کے بہت سے تفسیرین قرآن کے-
تفاخر ع فخر کرنا بڑائی کرنا بڑا آدمی بننا-
تفکر ع فکر کرنا اندیشہ کرنا غور کرنا کسے بات مین

تا با قاف

تقذر ع پلید رکھنا ناصاف رکھنا خراب رکھنا کسے چیز کو-
تقتیر ع تنگی کرنا تنگ رکھنا کسے کو کسے بات پر-
تقدیر ع اندازہ اور وہ اندازہ جو خدا کے حکم سے ہو چکا ہے
تقصیر وار ف صاحب قصور یعنی جس شخص سے کوئی گناہ سرزد ہوا ہو
تقصیر ع کوتاہ کرنا سستی کرنا گناہ کرنا نافرمانی کرنا
تقریر ع سخن کہنا قرار دینا اقرار مین لانا کسے کو-
تقرر ع قرار پکڑنا ٹھہر جانا کسے مقام پر مقرر ہونا-
تقشیر ع پوست اوتارنا حبوب میوہ وغیرہ سے

تقاطر ع پے درپے گرنا قطروں کا ایک کے اوپر ایک

تا با بے

تکبر ع بڑائی کرنا اپنے آپ کو بڑا جاننا غرور کرنا۔
تکبیر ع بزرگ کہنا خدا کو یعنی اللہ اکبر کہنا اور تکبیر نماز کے
تکدر ع مکدر ہونا دل میں غبار لانا کسی کی طرف غبار آلودہ ہونا۔
تکرار ع دوبارہ ذکر کرنا مکرر کرنا کسی بات کا۔
تکرار ع بار بار کہنا اور بار بار ذکر کرنا کسی بات کا۔
تکاثر ع بہت ہونا زیادہ ہونا کثرت کے ساتھ ہونا۔
تکثیر ع زیادہ کرنا کثرت میں لانا کسی چیز کو۔
تکثر ع بہت ہونا بڑھ جانا اپنی اندازہ سے کسی چیز کا
تکسیر ع بہت توڑنا اور تقسیم کرنا کسی اسم کی عدد ... نوعیہ کو
تکسر ع شکستہ ہونا ٹوٹا ہوا ہونا کسی چیز کا۔
تکریر ع بار بار کرنا اور بار بار کہنا کسی بات کا۔
تکفیر ع کفارت دینا کسیکو کافر کہنا کسی سبب سے۔
تکاور ع اسپ تیز رو وصل اسکا تک آور تھا۔

تا با میم

تمر ع خرمائی خشک یعنی خشک کھجوریں جو مشہور میوہ ہے
تمر ع نام بیماری چشم یعنی آنکھ کی ایک بیماری کا نام ہے
تمسخر ع ہنسی کرنا مسخری کرنا کسی سے۔
تمرت ع لولاد نام بادشاہ مغل جسکو تیمور کہتے ہیں۔
تمام عیار ع کامل عیار یعنی وہ شخص جو نہایت عیار ہو۔

تا با نون

تندر ع غدد کی آواز اور بلبل جو ایک پرند مشہور ہے
تناور ف فربہ وسطبر و قوی جثہ و قوی زور آور ہے
تنگار ف ایک معنے دوا ہی جسکو سہاگا کہتے ہیں
تندیر ع ڈرانا دھمکانا خوف دلانا کسیکو کسی چیز سے
تنگ شکر ف ... تمام ایک قوم ...

تنافر ع نفرت کرنا متنفر کے سبب بھی معنے ہیں یعنے بھاگنا کسے خوفناک چیز سے۔
تنویر ع روشنی اور چاندنی چاند وغیرہ کے
تنور و تنورہ مشہور لفظ ہے جسمیں روٹی پکاتے ہیں۔
تنگنا ف وہ جگہہ جہاں کسیکا دخل نہو و بمعنی تنگ جہاں کسی گنجائش
تنصر ع نصارا ہونا عیسائی ہونا۔
تنظیر ع مثال بنانا شکل بنانا تشبیہ بنانا کسی کا۔

تا با واو

توریط ع ناحق کسیکو گنہگار بنانا فریب میں پہانسنا۔
توفیر و توافر ع بہت ہونا اور بہت کرنا اور ترقی دینا کسی چیز کو
توقیر و توقر ع عزت و حرمت و وقر و قدر کسی چیز کے یا کسی شخص کے۔
تور ف پسر کلان فریدون جسکی نام سے توران کا ملک مشہور ہے یعنے پہلوان و بہادر و نام گیاہ ترش مزہ و بمعنی رم ... کے
تور ف بواو مجہول جال و دام ماہی یعنی مچھلی پکڑنے کا جال۔
تور ع تغار و کوزہ آب و طبق اور اتوار اسکے جمع ہے
توانگر ف زبردست و دولتمند اصل لفظ تو انگر تھا۔
تواتر ع پے درپے اور بار بار ہونا کسی بات کا۔
تواتر ف تنہا تنہا و یک یک اور فرد فرد۔

تا با ہا

تہور ع مردانگی و پہلوانی و جوانمردی و دلیری۔

تا با یے

تیسیر ع بوزن تحریر آسان کرنا کسی مشکل کام کو۔
تیمار ف غمخواری کرنا خدمت کرنا کسی بیمار و علیل کا۔
تیمور ت فولاد اور نام بادشاہ مغل کا جو مشہور ہے۔
تیر ف تیر چلانے کا و ستارہ عطارد و نام ماہ شمسی تقریبا ماہ ساون

تیّار ع جلد رفتار و جهنده و مواج و درست و مہیا و کامل بعض اسکو تیار لکھتے مین وہ قریب الصحت ہے -
تیر آور ف مکار و حیلہ گر و فریبی آدمی دغا باز -

پانچوین فصل

ادن لغات کے بیان مین جن کی اول حرف ثای اور اخیر مین رای ہی

ثا با بار

ثبور ع ہلاک ہونا مرجانا فوت ہونا نیست و نابود ہونا

ثا با غین

ثغر ع دانت اور اگلے دانت اور سرحد درمیان ملک کفر و اسلام کی جو واقع ہو -
ثغور ع جمع ثغر دندانہا و سرحدہائے ممالک کفر و اسلام -

ثا با فار

ثفر ع پاردم یعنے دمچی جو مشہور ہے لفظ ہے -

ثا با میم

ثمر ع میوہ و بار او پھل درختون کا و منافع زر و فرزند و اولاد
ثمار ع جمع ثمر میوہ ہا یعنے بہت سے میوے اور پھل اور اولاد
ثمیر ع میوہ ہر ایک قسم کا اور درخت میوہ دار -

ثا با واو

ثور ع گاو نر نہ مادہ بخلاف بقر کہ بمعنے نر و مادہ دونو کے ہے

چھٹی فصل

ادن لغات کے بیان مین جن کی اول حرف جیم اور اخیر مین رائی ہے

جیم با الف

جاثر ع ہمسایہ نگہبان شتر کہ پیٹ پھولا ہو دیا گیا اور ترکی مین نذر کرنا اور سعادی و جمعیت -
جانور ف جو صاحب جان ہو یعنے زندہ ہو مجازاً وحش و طیور سوائے انسان کے -
چاکر ف جو شخص پیٹ کا نوکر یا خدمتگار ہو -
جائر ع جور کرنیوالا ظلم کرنیوالا راہ حق سے پھرنیوالا -
جاربلجار ت اندک طلب و بسیار طلب آدمی -
جاندار و جاندار ف سلاح دار و دوست و مددگار و جا کیسکا -
جاگیر و جاہی گیر ف وہ زمین بادشاہ کیطرف سے منصب دار کو ملے -
جاغر ف چینہ دان مرغان جو مرغ کہاتے ہین -
جاجنگر ہندستہ مین ایک شہر مشہور ہے -
جابر ع جبر کرنیوالا زبردستی کرنے والا -
چار ف اربع و مخفف چارہ جسکے معنے علاج کے ہین -
چار یار ف حضرت ابو بکر و عمر و عثمان و علی رضی اللہ عنہم جو محمد صلعم کے جانشین تھے -
چار تکبیر ف نماز جنازہ اور مجازاً ترک کرنا -

جیم با بار

جبائر ع جمع جبیرہ وہ لکڑیان جو شکستہ عضو پر باندہتی ہین
جبیر ع ٹوٹے ہوئے کو باندہنا اور نیک کرنا حال کسی کا اور کسی کام پر کسیکو بزور مامور رکہنا -
جبار ع ٹوٹے کو باندہنے والا اور نام خداوند تعالے

جیم با دال

جدار ع دیوار و عمارت جو بنی ہوئی ہو -
جدر و جدر ع دیوار و عمارت جو بنی ہوئی ہو -
جدر ع جمع جدار دیوارہا یعنے بہت سے دیوارین و عمارتین جو بنی ہوئی ہون -
جدر ع گلے جانور کے کاٹنے کا نشان اور آبلہ نکلنا بدن پر

جَبَندوار ع ۔ نہ بسے جو ایک مشہور پیچ ہے اور اوردو امین مستعمل ہے ۔
جَدیر ع لایق و سزاوار جو چیز کارآمد ہو سو کام مین ہو ۔

جیم با ذال

جَذر ع بیخ سے اوکھاڑنا اور وہ عدد جسکو اوسکی نفس مین ضرب کرین تو دوسرا عدد حاصل ہو ۔

جیم با رای

جَرّ ع کھینچنا کسے بہار چیز کا اور نام علم کا جسکو جرثقیل کہتے ہیں
جَریر ع نام شاعر عرب جسکے اشعار عام فہم و خاص پسند تھے
جَرنغار ت فوج جانب چپ بادشاہ جو جنگ کے روز بائین طرف ہو اور برنغار فوج جانب راست یعنے دہنی طرف ہو
جَرّار ع کھینچنے والا اور بہت سا لشکر اور انبوہ مردم اور بہادر جوان
جَرم ع کھینچنا اور گروہ اور گناہ کرنا اور حرکت زیر کے کسی حرف پر دسسونا جمع جرّہ اور رفا سے مین وہ شگاف جو زمین مین ہو یعنے نقب ۔
جَبَر ع گھوڑیکا زین جو گھوڑی پر باندہ کر سوار ہوتے مین

جیم با زا

جَزر ع کاٹنا اونٹ کا و بیج کرنا میوہ اوتارنا درخت سے اور اوترنا پانی دریا کا اور کم ہونا بخلاف لفظ مد کے ۔
جَزر ع معرب گزر بمعنی گاجر جو مشہور بیخ ہے ۔
جَزائر ع جمع جزیرہ اور ایک قسم کے لمبی بندوق جو کوہستانی لوگ رکھتے ہین ۔

جیم با سین

جَسر و جِسر ع پل جو پانی پر باندھتے ہین ۔
جَستہ خوار ف وہ شخص جسکو اچھے روپے بے تلاش ملجائے

جیم با شین

جَشم شور ف چشم بد جو جلد نظر ہو یعنے بد نظر ۔

چشمہ خضر ف آبحیات جسکے پینے سے آدمی نہین مرتا
چشمۂ شاپور ف یہہ چشمہ ارمن کے زمین مین ہے شاپور اسکا بانی ہے ۔

جیم با عین

جَعفر ع جوے خورد و خربزہ و نام اکثر امرا عہد نام رسول صلعم و نام امام صادق رضہ

جیم با غین

جِغز ف غوک یعنی مینڈک اور وہ زخم جسکا منہ بند اور اندر ریم ہو

جیم با فاء

جَفیر ع بروزن فقیر ترکش جسمین تیر رکھتے ہین
جَفر ع بزہ و بزغالہ چار ماہہ نام مقام در بکہ و نام علم اختراع امام جعفر صادق جسسے احوال غیب معلوم ہوجاتا ہے ۔
جَگر ف باد تند جسکو ہندی مین جھکڑ کہتے ہین ۔
جِگر ف نام عضو یعنے کلیجا و بمعنے رنج و غم و غصہ و اضطرار و صبر و تاب و طاقت ۔

جیم با لام

جُلنار معرب گلنار یعنے انار کا پھول یا کوئی سرخ پہول

جیم با میم

جُمہور ع گروہ آدمیونکا اور ہجوم و انبوہ خلقت کا ۔
جَمادار ف سرگروہ اور جمعدار جو مشہور ہے غلط ہے
جَمّ غَفیر ع ہجوم عام یعنے جم بمعنے گروہ و غفیر بمعنے چھپانے والا ہجوم سے زمین چھپ جاتی ہے اسلئے جم غفیر کہا ۔
جَماہیر ع جمع جمہور آدمیون کے گروہ اور ہجوم خلقت کے
جِمار ع ڈالنا سنگریزہ حاجیون کا ادای مناسک حج مین
جَمدہر ہ ایک قسم کے خنجر کا نام ہے ۔

جیم با نون

جَلَنتَرہ ہ نام ساز جسکو بین کہتے ہین ۔

جبار ف نام درخت کلان جسکے پتے بیچ کے طرح مین -
جنبر دایرہ دف و حلقہ و طوق و کمند و قید اور چرخ تارنا -

جیم با واو

جوع البقر ع ایک بیماری کا نام ہے جسمین بیمار ہر وقت گرسنہ یعنے بہوکا رہتا ہے -
جوی شیر ف نام نہر شیرین جسکو فرہاد نے بنایا تہا اور نام دریاے کابل جو کوہ کابل سے نکلکر دریاے سند مین آملتا ہے -
جویبار ف جس زمین مین بہت نہرین ہون -
جوار ع ہمسائگی اور بعض نے تبعیح جیم غلط ہے -
جوہر ع معرب گوہر سنگ قیمتی و اصل و خلاصہ ہر چیز اور ضد عرض یعنے وہ چیز جو بذات خود قایم ہوا اور عرض وہ جو قایم بذات خود نہ ہو بلکہ قیام عرض کا بوسیلہ جوہر کے ہو چنانچہ لوح و نقش لوح جوہر ہے اور نقش عرض
جوذر ع بچہ گاو دشتی معرب گوذر جسکے معنے بچہ گاو کے مین
جوذر ع گہاس جو گندم مین پیدا ہوتا ہے دانہ اوسکا باریک ہوتا ہے
جور ف ظلم و ستم اور جام بہرا ہوا پانی یا شراب کا -

جیم با ہا

جہر ع ظاہر ہونا آواز بلند کرنا بلند آوازی سے پڑہنا -
جہار ع ظاہر ہونا سب کے روبرو ہونا پردہ سے نکلنا -
جہاد اکبر ع ریاضت عبادت و نفس کشی کے ریاضت
جہاد اصغر ع کفار سے لڑنا دین کے ترقی کے لئے -
چہار پیر و چہار یار ف چہار صحابہ یعنے ابوبکر و عمر و عثمان و علی جو محمد کے جانشین تہے

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف

حا اور اخیر مین را ہی

حا با الف

حار ع گرم اور گرمی کرنیوالا ضد بارد کے -
حاصر ع وہ شخص بات کرتے کرتے رک جاے -
حاصر ع حصر کرنیوالا روکنے والا ٹہرا کرنیوالا کسی بات پر
حاضر ع آگاہ و خبردار و موجود و دربرو -
حافر ع سم اسپ اور چاہ کہودنے والا حوافر اسکی جمع ہے

حا با با

حبر ع سیاہی دوات کے و دانشمند و نیکوکار اور اچہا آدمے
حبور ع خوش کرنا اور خوش ہونا و جمع حبر جسکے معنے خوش کرنے کے مین -

حا با جیم

حجر ع منع کرنا حرام اور باز رکہنا کسی بری کام اور حجرات جمع حجر
حجر ع سنگ یعنے پتہر جو مشہور معروف چیز ہے -
حجر ع عقل و خرد و لیاقت و ہوش جو انسانکو حاصل ہو -
حجر ع جمع حجرہ یعنی بہت سے کوٹہریان اور مقام
حجر ع بغل و کنارہ ہر چیز کا اور گوشہ

حا با دال

حدر ع نیچے اترنا بلندی سے تنزل کرنا عروج سے
حدار ع سیاہ کپڑے ماتم کے -

حا با ذال

حذر ع پرہیز کرنا اور بچنا کسی نقصان رسان چیز سے -
حذر ع خائف و ترسان ڈرتا ہوا و خوف کرتا ہوا آدمے
حذار ع ڈرنا اور خوف کرنا دہشت مین آنا -
حذور و حذیر ع پر خوف و خوف ناک اور ڈرتا ہوا آدمے -

حا با را

خسر ع بے مین نقصان در فارسی مین پدر شوہر دیدہ زن
خسور م وہ شخص جسکا نقصان ہوا ہو اور نقصان اوٹھایا ہو
خسیر ع زیان کار و صاحب نقصان و غریب ٹوٹا ڈالنے والا

خا با شین

خشک زر ف زر خالص و کنایۃ آفتاب یعنے سورج
خشت زر ف کنایۃ آفتاب یعنے سورج -
خشت قمار ف جس خشت پر قمار کہیلتے ہین -

خا با صاد

خصر ع میان یعنے کمر اور درمیانے موقع ہر ایک چیز کا
خصر ع سرما اور سرد ہونا اور سردی کا موسم
خصر ع ابر یعنے سرد و تر بہت سرد چیز نہایت سرد

خا با ضاد

خضر ع نام پیغمبر اور اصلی نام اوسکا ارمیا تہا
اور خضر اسواسطے نام رکہا گیا کہ جس جا ستے سو وہ جاتا
تہا سبز گہاس پیدا ہوتا جاتا تہا آخر یہ سکندر
رومی کے ہمراہ ظلمات کو گیا اور آب حیات پیے
کر لوگون کے نظرون سے غایب ہوگیا اگرچہ وہ
زندہ جاوید ہی مگر ہر کسے کو نظر نہین آتا سوائے
حکم خدا تعالی جلشانہ کے کسیکو نہین ملتا -
خضر ع شاخ سبز اور سبز کہیتی اور ترہ سبز
یعنے سبز ساگ -
خضرت ع تازگی و سبزہ و رونق و خوبے اور
سبزہ رنگ -
خضور ع سبز ہونے والا درخت تازہ ہونیوالا
با رونق ہونے والا -

خا با طا

خطر ع قدر و جاہ و عظمت و بزرگی و آفت و اندیشہ
و ضرر و درد و رنج -
خطیر ع بزرگ و صاحب عظمت و صاحب عزت و وزن دار -
خط جواز ف اجازت نامہ جو کسے مسافر کے گزرنے کے لئے
گزربان کو لکہا جائے -

خا با فا

خفر ع شرم و حیا و نگہبانے و حفاظت و پاسداری و لحاظ
خفیر ع شرم ناک و فریادرس و نگہبانی کرنیوالا محافظ
لحاظ کرنے والا و پاسبان -

خا با لام

خلار ف شیراز کے پاس ایک موضع ہے جسکا یہ نام ہے -
خلیع العذار ع اسپ بے لگام و شتر بے مہار و انسان بے قید

خا با میم

خمار ع اوڑہنے جو عورتون کے اوڑہنے جو سر پر اوڑہتی ہین
خمار ع شراب ساز و میفروش جو شراب بناتا اور بیچتا ہو
خمار ع بقیہ نشہ شراب کا و بقیہ مستے شراب کے -
خمر ع شراب جسکے پینے ستے نشہ حاصل ہو -
خمیر ع وہ چیز جو دوسرے چیز کے زیادتے کا باعث
ہو چنانچہ مٹی مین پانی ڈالین تو وہ بڑھ جاتے ہے

خا با نون

خنیاگر ف مطرب و سرود کرنیوالا گانیوالا آدمے -
خنزیر ع خوک سور خنازیر اسکی جمع ہی یعنی بہت سے خوک
خنجیر وہ بدبو جو ہڈی اور چمڑے کے جلنے سے ہوتی
خنصر ع چہوٹا انگلا جو انگوٹھی کی چار من سے چہوٹی ہے
خنور ع ظرف و کاسہ آوند یعنے برتن ہر ایک قسم کا
خندگار ف مخفف خداوندگار صاحب عالم مالک -

خا با واو

خون کبوتر ف کنایۃ شراب سرخ سے جاتے ہے -

خورده کار ف دقیقه و باریک بین جو ہر ایک بات مین غور کرے
خورۂ سستے دکہ بلے دکم تو جیسے کام مین -
خور ف خوراک و طعام خوردنی و آفتاب یعنے سورج -
خوار ع آواز گاؤ یعنے گائے بیل کی آواز -
خوار ف ذلیل و خراب نام مقام عراق مین -
خواستگار ف و خواستار ف طلبگار خواہشمند کسی چیز کا
خورشید سوار ف سحر خیز و بیدار دل اور عابد شخص
خویشدار ف اپنی آپ کو بچانیوالا ہر ایک بُرے کام سے
خوازه گر ف خوانیده و خواہشمند و طلبگار و سوالی
خوالگر و خوالیگر ف طباخ و باورچی کہانا پکانیوالا -
خوشگوار ف لذیذ و شیرین طعام یا شربت وغیره -
خودسر و خودسوار ف جو شخص کسیکا کہنا نہ مانے اپنی
مرضی سے کام کرے -
خوندگار ف بادشاه و صاحب و مالک و حاکم و فرمان فرما
خوگر و خوگیر ف عادت یافته و صحبت کسی کو عادت ہو
خواجه عبد الله ف نام ایک اوستاد کا جو علم
موسیقی مین صاحب کمال آدمی تہا -

خا با یاء

خَیِّر ع بہت نیکوکار نہایت اچہا آدمی بہت خوب آدمی
خیر ع نیکی بہلائی و نیکوکاری و اعمال حسنہ -
خیره سر ف بیہوده و خودپسند و سرکش و متکبر و مغرور
خیار ع ککڑی اور کہیرا جو دو قسم کا ریان شہور مین
خیر خیر ف بیہوده و بیفائده و بیکار و کم رتبه -

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی ابتدا
مین حرف دال اور اخیر مین را ہے

دال با الف

داور ف حاکم عادل اصل مین یہہ لفظ دادور تہا کثرت
استعمال سے ایک دال گر گئی -
دار ع عربی مین مجازاً سرا اور فارسی مین چوب و درخت
اور سولی یعنے صلیب -
دار العیار ع چاندی سونے کے پرکہنے کا مقام صرافون کی دوکان
دار السرور ع [illegible] شہر بیجاپور و خانه فرحت
و خانه عیش و عشرت -
داور ف بہره و داد و دست و برابر [illegible]
دار البوار ع خانه ہلاکت یعنے دوزخ [illegible] ہوتا ہے
دار القرار ع لقب شہر قندہار و بہشت اور عشرت خانه -
داروگیر ف حکومت و سیاست و دار و گیر و جنگ [illegible] و مقدمات مرجوعه
دابر ع پیرو و پیچہے چلنے والا تابعدار فرمان بردار -
دادار ف حاکم عادل اور نام خدا تعالی کا
ارسطاطالیس ی نام حکیم جو وزیر سکندر رومی کا تہا۔

الف با سین

اَساس ع جمع اس بنیادین دیوارون عمارتون وغیرہ کی۔

آس ف نام درخت جسکو فارسی مین مورد کہتے ہین نیز چکی

اِساس ع بیخ و بنیاد عمارت کی اور نیو دیوار کی۔

اُسُس ع جمع اساس یعنی بہت سی بنیادین۔

اُسطقس ع عنصر یعنی آگ پانی ہوا خاک مین سے ایک عنصر

استیناس ع خوگیر ہونا الفت و محبت پکڑنا مائل ہونا۔

استنفاس ع زندگی چاہنا اور خون نکالنا۔

الف با شین

اشکبوس ف نام پہلوان جو رستم کے ہاتھ پر قتل ہوا۔

الف با ضاد

اضراس ع ڈاڑھ دانت جمع ضرس کی

الف با طا

اطلس ع درہم بے نقش اور جامہ ابریشمی جو بے نقش ہو اور نام آسمان نہم جو نقوش کواکب سے سادہ ہے اور گرگ درندہ و سرخ تیرہ رنگ۔

الف با عین

اِنعکاس ع اولٹا کرنا اور عکس ڈالنا شیشہ و پانی وغیرہ مین

الف با فاء

اُفسوس ع طنز و بازی و ظرافت و تمسخر ہنسی کہیلی -

اَفسوس ع دریغ و حسرت و ظلم و رنج جو کسیکے حال پر کیا جاوے

اِفلاس ع نادار ہونا بے زر ہونا مفلس و تنگدست ہونا -

اِفتراس ع گردن توڑنا مارنا سوار ہونا نشان سے فیت دریا کر کے

اَفراس ع جمع فرس بمعنی اسپان یعنی گہوڑے بہت سے

الف با قاف

اِقتباس ع آگ لینا نور حاصل کرنا ماخوذ قبس سے جسکے
معنی آتش پارہ کے ہین -

اُقلیدس ع بمعنی لغوی معنی اسکے کلید ہندسہ ہین و نام
کتاب در علم اشکال ہندسہ و نام مصنف کتاب اور
اس مین اقلی معنی کلید اور دس بمعنی ہندسہ ہین -

الف با کاف

اَکیس ع بہت زیرک بہت دانا و عقیل و ہوشمند آدمی

الف با لام

اَلماس ف ہیرا جو مشہور جوہر ہے و قسم فولاد و کارد و خنجر -

اِلیاس ع نام پیغمبر برادر خضر علیہ السلام جنہنے آب حیات پیا تہا
اور خضر کی طرح ہمیشہ زندہ جاوید ہو گیا -

اَلوس ت گروہ و قوم و جماعت و انبوہ مردم -

اِلتباس ع شبہ پانا شک پڑنا وہم واقع ہونا -

اِلتماس ع چاہنا مانگنا طلب کرنا آرزو کرنا -

الف با میم

اَملس ع سادہ و صاف و نرم و ہموار -

امرؤالقیس ع نام شاعر جو عرب کے ملک مین تہا -

اَمس ع شام کا وقت غروب آفتاب کے بعد -

اِمساس ع مس کرنا چہونا ہاتہ سے کسیکے بدن کو -

الف با نون

اَنفاس ع دم جمع نفس کی ہے یعنی بہت سے دم -

اُناس ع مردمان بہت لوگ ہے لفظ مفرد ہے مگر معنی جمع کے دیتا ہے

اِنس ع آدمیان مفرد لفظ ہے مگر معنی جمع کے دیتا ہے

اُنس ع خو پکڑنا آرام پکڑنا الفت پکڑنا -

اَنس ع نام ایک شخص کا اصحاب رسول علیہ السلام سے

اِندراس ع کہنہ ہونا پرانا ہونا بہت مدت کا ہونا -

اِنغماس ع پانی مین جانا دریا مین جانا -

اِنغراس ع پیدا ہونا اور سبز ہونا درخت کا -

اَنفس ع جمع نفس جسکے معنی روح و ذات کے ہین -

اَنیس ع خوگرفتہ و ہمدم و غمخوار و مصاحب و ہمنشین -

اِنعکاس ع اولٹنا اور ہونا ظاہر ہونا صورت کا آئینہ یا پانی سے

اَندلس ع زمین مغرب مین ایک ملک ہے جسکا یہہ نام ہے

اَنجاس ع پلیدیان اور نجاستین -

اَنقاس ع جمع نقس معنے اسکے لکہنے کی سیاہی

اَنجس ع بہت پلید نہایت نجس و خراب -

الف با واو

اَوس ع گرگ درندہ و عطا و عوض و نام قبیلہ عرب سے

الف با یا

اَیاس ع و ایاز نام غلام سلطان محمود غزنوی جسپر بادشاہ عاشق ہے

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول
حرف با اور آخر مین سین ہے

با با الف

بالوس ع کافور مغشوش یعنے وہ کافور جسمین کچہہ
ملا ہوا ہو خالص نہ ہو -

باس ع خوف بیم عذاب سختی قوت جنگ دلیری اِس ایک لفظ کی سات معانی ہین۔

بازپرس ف تحقیقات کرنا اور پوچھنا جوابدہی لینا کسی سے

بائس ع سخت محتاج و درویش و مفلس و نادار آدمی۔

باباحمنس ع نام ایک مسخرہ کا جو اپنی کام مین لگا نہ تہا۔

با با خاء

بخس ع زر قلب و زر ناسرہ و ناقص و نقصان کرنا خسارہ اوٹہانا

با با راء

برجیس ع ستارہ مشتری جو چھٹی آسمان پر ہی گہراو قوس برج حوت ہے

برجاس ف نشانہ تیر وغیرہ کا۔

برنس ع جامۂ پشم سیاہ سی بنتی ہین سفید بہی درستا ہے جسے نصاریٰ پہنتی ہین اور دراز ٹوپی جو کشیش یعنی پادری کہتی ہین

با با سین

بس ف بہت اور کافی یعنی اسقدر نہ کم نہ زیادہ۔

بسّ ع کباب کی سیخ جسپر کباب بہون کر کہاتے ہین۔

با با طاء

بطلیموس ع نام حکیم یونانی صاحب کتاب مجسطی۔

با با لام

بلقیس ع نام زوجہ سلیمان علیہ السلام جو بادشاہ شہر سبا کی تہی اور حضرت کو اوسکی حسن و جمال کی خبر ہُدہُد جانور نے پہونچائی

بلنیاس ع نام حکیم ندیم اسکندر رومی جسکو علم سحر یاد تہا۔

بلاس ع مکر و فریب داؤ و حیلہ جو کسی کام کے لئے کیا جاتا ہے

با با واو

بؤس ع درویشی و شدت احتیاج و سختی و مفلسی و ناداری

بوس ف بی ہمزہ بوسہ اور بوسہ لینی والا شخص

بوفراس ع کنیت فرزدق شاعر عرب جو مشہور شاعر ہے

بوقبیس ع نام کوہ جو ازمکہ معظمہ مین یعنی مکہ معظمہ کے پاس

بوالہوس ع صاحب ہوس خلاف قیاس کہ بو لفظ عربی ہے اور ہوس فارسی ان دونون مین الف لام کا ادخال درست نہین ہی بلکہ یہ لفظ بُلہوس ہے کہ بُل کے معنی بہت ہین مگر صاحب غیاث اللغات اس لفظ کو صحیح لکھتا ہی اور ہوس کو عربی بیان کرتا ہے مثل بوالفضول و بوالعجب۔

با با یاء

بیت المقدس ع مسجد اقصیٰ جو شام مین داؤد و سلیمان نے بنائی تہی اور پہلا قبلہ وہ تہا

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف بائی فارسی و در آخیر مین سین ہے

بای فارسی با الف

پارس ف نام شخص یعنی پارس بن پہلو بن سام بن نوح اور اوسکے نام سے ملک پارس آباد ہی اور ترکی مین پارس پلنگ درندہ کو کہتے ہین اور نام ایک پتہر کا۔

پابوس ف تعظیم کرنا اور تعظیم کرنے والا قدم چومنا۔

پاس ف حفاظت اور چوتہا حصہ دن یا رات کا۔

با ربای فارسی با خاء

پخس ف پژمردہ و گداختہ یعنی خراب اور گلی ہوئی چیز

با ربای فارسی با راء

پرطاس ف نام ولایت حدود روس ہے و نوع پوستین و نام قوم

با ربای فارسی با سین

پس ف پسر یعنی بیٹا جسکو عربی مین ولد کہتی ہین۔

پس ف پیچھے وہ چیز جو روبرو نہ ہو اور مین بعد و بعد از ان اسکے معنی بہی اسی سے نکلتے ہین اور مقابلہ پیش کے لفظ کا مصطلح حیرت کا

مقابلہ جیب اور جیب کا تقابلہ راست ہے۔

با ہی فارسی با لام

پلاش ف ڈھاک درخت ڈھاک جسکے پھولون کو ... کہتے ہین و قسم نگینہ کم قیمت و مکر و حیلہ۔

باء پارسی با نون

پنج حس ف پانچ قوتین سمع و بصر و شم و ذوق و لمس
پنجۂ الماس ف فولادی پنجہ جو پہلوان بناتے ہین۔

باء پارسی با یاء

پلیس ف پیسہ یا پھول مرض برص و سبروص یعنی کوڑہ کی بیماری

چوتھی فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف
تا اور اخیر مین سین ہے

تا با الف

تاج خروس ف گل کلغہ جو ایک مشہور پھول ہے۔
تانّس ع خو پکڑنا عادت پذیر ہونا کسی بات پر۔
تاسیس ع بنیاد رکھنا مضبوط کرنا قدیم کرنا۔

تا با جیم

تجسس ع جستجو کرنا خبر پوچھنا ڈھونڈنا تلاش کرنا۔

تا با دال

تدریس ع پڑھانا سبق دینا درس پڑھانا علم سکھلانا۔
تدنیس ع میلا کرنا۔

تا با رائے

ترس ... سپر یعنی ڈھال ... فارسی مین سخت چیز جسکا توڑنا مشکل ہو۔
ترمیس ع باقلا ہندی جو کھٹا ہوتا ہی اور دوا مین مستعمل ہے

ترس ف خوف اور صیغہ امر ترسیدن سی یعنی خوف کر اور ڈر

تا با سین

تسویس ع وسواس کرنا وہم مین پڑ جانا۔
تسدیس ع کسی چیز کو چھ گوشہ کرنا یا چھ حصے کرنا
تس م گوز بے صدا جسکو پھسکی بھی کہتے ہین۔
تسلّس ع سالوسی و مکاری و دغا و فریب داد۔

تا با عین

تعریس ع اترنا مسافر کا پچھلی رات مین کسی منزل پر

تا با فاء

تفرس ع پانا کسی چیز کو اول نظر مین اوسکی علامات سے
تفریس ع پھاڑنا درندہ ہونا چار پایہ کا بننا۔
تفلیس ع معرب تپلیس نام شہر دار الملک ارمن مین

تا با قاف

تقدس ع پاک کرنا اور پاک ہونا پاکیزگی سی بیان کرنا۔
تقدیس ع پاکیزہ کرنا اور پاکی کی ساتھ منسوب کرنا کسیکو

تا با لام

تلبیس ع کپڑا پہننا لباس مین آنا مکر و فریب دینا دا دو دینا

تا با نون

تنافس ع باہم نفیس و فخر کرنا دم لینا اور بڑائی کرنا۔
تنفس ع سانس لینا نفیس بننا بڑائی مین آنا۔

تا با یاء

تیس ع نر بز جو بکریون کے گلہ مین رہتا ہی فارسی مین اوسکا نہاز اور ہندی مین بوک کہتے ہین۔

پانچوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف
جیم اور اخیر مین سین ہے

جیم با الف

جاموس معرب گاؤمیش جسکو بھینسا ہندی مین کہتے ہین
جاسوس خبر گیر مخبر جو کسی غیر ملک مین جاکر خبر لائے
جاپلوس خوشامد کرنا اور خوشامد کرنیوالا شخص۔
جالینوس ایک یونانی حکیم کا نام ہے جو مشہور حکیم ہے
جادرس معرب گادرس جینہ جو ایک غلہ کی قسم ہے
جالس نشیننده یعنی بیٹھنے والا کسی مسند یا مقام پر
چار نفس اماره لوامہ ملہمہ مطمئنہ یہہ چار نفس ہیں جو
دلی ارادون پر متعین ہین نفس اماره اسکو بدی کی
طرف کہینچتا ہے اور اسکی متابعت سے انسان برے
کام کرنے پر آماده ہو جاتا ہے لوامہ اوس بدی و
گناہ کے کرنے پر اوسکو ملامت کرتا ہے کہ آیا تو نے
یہہ کام کیون کیا ملہمہ خبردار کردینے والا ہر ایک
بات کا ہے اور مطمئنہ اطمینان دینے والا اور
نیک کام مستعد کرنیوالا ہے۔

جیم با رائے

جرس آواز نرم مثل آواز زنگولہ وغیره۔
جرس گھڑیال جو ہر ایک ساعت وقت کے اظہار کیلئے بجتا ہے
اور قافلون کی روانگی کے وقت بجتا ہے۔
جرجیس نام پیغمبر جسکو دشمنون نے چند مرتبہ قتل کیا اور دوبارہ بار
بحکم اعجاز زنده ہو جاتا رہا۔
جرکس ترکستان مین ایک کافر قوم ہے

جیم با شین

جشم خروس یہہ ایک قسم کی دانے جسم پر نکلتے ہین جو
سرخ رنگ کے ہین اور سرا اونکا سیاه ہوتا ہے

جیم با کاف

جکش نشیمن باز و چرغ و شاہین یعنے وه آلہ جسپر باز و چرغ
کو بٹھلاتے ہین۔
جکلس وه لکڑی جسپر باز و چرغ و باشہ کو بٹھاتے ہین

جیم با لام

جلیس ہمنشین دوست جو پاس بیٹھے ملکر بیٹھین
جلوس بیٹھنا کسی جگہہ یا مسند یا تخت پر۔

جیم با نون

جنس قسم و نوع یعنے نوع انسان و نوع وحوش و طیور
جناس عبارت یا شعر مین دو لفظ آنا جو لفظ مین مشابہ ہون

جیم با واو

جواسیس جمع جاسوس کی یعنی بہت سے جاسوس و خبر گیر

چھٹی فصل

اون لغات کے ذکر مین جنکی اول حرف حا اور اخیر مین سین ہے

حا با الف

حارس پاسبان چوکیدار محافظ پہره والا۔

حا با با

حبس قید بند یعنے قید کرنا اور باندھنا کسی کو۔

حا با دال

حدس دانائی و فراست جو انسان کو حاصل ہو۔

حا با رائے

حرس نگہبانی کرنا پاسبانی کرنا حفاظت کرنا۔
حرس نگہبانان یعنی بہت سے محافظ و پاسبان

حا با سین

حسیس آواز نرم و آواز آتش جو آگ روشن ہونے
کے وقت نکلتا ہے۔
حساس نیک اور برا جاننے والا معلوم کرنے والا۔

حِسّ ع دریافت کرنا کسی ایک کے ساتھ جو اعم ہے۔

حا با لام

حَلَس ع ٹاٹ اور گودڑی و خرقہ او زیرانا کپڑا۔

حَلَسّ ع مرد شجاع و بہادر جو لڑنے پر مستعد ہو۔

حا با واو

حواس ع جمع حاسہ در وہ ایک حس قسم منقسم ہے پانچ ظاہری اور پانچ باطنی حواس ظاہری تو باصرہ و سامعہ و شامہ و ذائقہ و لمس ہے اور باطنی حواس کا نام مشترک و خیال و واہمہ و حافظہ و متصرفہ ہے۔

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف خا اور آخیر مین سین ہے

خا با الف

خانہ رس ف کچا میوہ جو گھر مین پکایا جاوے اور بظاہر پختہ معلوم ہو

خا با با

خَبیس ع ظریف و خوش طبع اور ہنسی کرنے والا آدمی۔

خا با را

خر مگس ف بڑی مکھی جو زخم پر کرم ڈالتی ہے یعنی جس زخم پر بیٹھتی ہے اوس مین کرم پڑ جاتے ہین۔

خروس ف مرغ خانگی جو مشہور پرندہ ہی مرغا بھی اسکو کہتے ہین

خرکش ف احمق و بیوقوف و جاہل و بے تمیز و نادان آدمی

خرس ف ریچھ جو مشہور درندہ ہے۔

خُرس ع ضیافت و جشن ولادت فرزند و نیز بعض کے نزدیک جمع اخرس جسکی معنی لال اور گنگ کے ہین یعنی مرد بے زبان

خَرس ع گنگ ہونا لال ہونا بے زبان ہونا۔

خُرس ع خُم یعنی مٹکا جس مین پانی یا شراب رکھتی ہین۔

خراس ف آسیا کلان جس مین غلہ پیسین۔

خرّاس ع خم بنانے والا یعنی کمہار مٹی کے برتن بنانے والا۔

خا با سین

خسّ ع کاہی اور گھاس اور قسم گیاہ خوشبودار جسکی بیخ ہوتی ہے

خَسّ ع تخم کاہو و مرد کمینہ و بخیل و ناکس و نا آزمودہ کار

خسائس ع ناکسیہا و زبونیہا اور زبون چیزین۔

خسیس ع ناکارہ آدمی خراب و نا آزمودہ کار آدمی۔

خا با میم

خمس ع پانچ۔

خُمس ع پانچوان حصہ یعنی پانچ مین سے ایک۔

خمیس ع روز پنجشنبہ جمعرات کا روز اور وہ لشکر جسکے پانچ گروہ ہون یعنی مقدمہ قلب میمنہ میسرہ ساقہ۔

خا با نون

خندریس ع پرانی شراب و پرانا غلہ گندم جو ناکارہ ہوجاتا ہے

خنوس ع کسی چیز کے پیچھے چھپ جانا کسیکے بیچ مین آنا۔

خنّوس ع چھپ جانیوالا پوشیدہ ہونے والا۔

خنّاس ع دیو سر کشندہ و واپس رونده یعنی خیالات بد انسان کے جو شیطان دل سے اوٹھائے۔

خنافس ع جمع خنفسا وہ کرم جو نجاست مین سیاہ رنگ کے ہوتے ہین

خا با واو

خون خروس ف کنایہ شراب جو سرخ رنگ ہوتی ہے۔

خون ناموس ف کنایہ شراب جسکے پینے سے آبرو جاتی ہے

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف دال اور آخیر مین سین ہے

دال با الف

داس ف درانتی جو آلہ آہنی ہوتا ہے اور جس سے کھیت جو گندم اور جو کے خوشہ پر ہوتا ہے

دال با با

دَبُّوس ف و دَبُوس ع گرز آہنی جو پہلوان ہاتھ مین رکھتے ہین

دِبْس خ دوشاب یعنی شیرہ انگور یا چہاچہہ دودہ کی

دال با رای

دَرس ع کتاب کا پڑہنا یہ لفظ خواندن کسدن از فتن مستعمل ہے

دَرْدَبیس ع زن پیر دشمنی و بلا مصیبت و آفت

دال با سین

دَس ع دِس ف مثل و مانند یہ لفظ تشبیہ مثال کا ہے

دَستبرس ف قوت زور توفیق جو انسان کو حاصل ہو

دال با قاف

دقیانوس ع نام ظالم بادشاہ کا جسکے خوف سے اصحاب کہف بہاگ کر غار مین چھپے تھے

دال با نون

دَنَس ع میل اور میلا ہونا ناپاک و چرکین ہونا -

دَنِس ع میلا و چرکین و ناپاک و نامطبوع

دال با واو

دوس ع جرمن کو بیلون سے پامال کرنا روش کرنا صیقل کرنا اور نام معشوقہ کا

دال با یا

دیس ف بیای مجہول لفظ تشبیہ مثل مانند

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف راء اور اخیر مین سین ہے

را با الف

راس ع سر اور بلندی اور عزت و حرمت

راے با جیم

رِجْس ع پلیدی اور گناہ کا عذاب جو گنہگار کو دیا جاوے

راے با دال

رَدِیُّ الکیموس ع وہ غذا جسمین خلط غیر معتدل الغوام و الکیفیت پیدا ہو اور طبیعت کو نقصان پہونچاوے

راے با فا

رَفْس ع پاؤن کے ساتھ ہٹانا کسی چیز کو لات سے ہٹانا

راے با واو

رُوحُ القُدُس ع جبرئیل علیہ السلام کا خطاب ہے اور معنی دم پاک

رُؤس جمع راس معنی مہتران و سرداران و امیران و عمدگان

روس نام ایک مشہور ملک کا ہے جسکے بادشاہ کو شہنشاہی کا خطاب ہے

روناس ع مجیٹھ جس سے سرخ رنگ کپڑا رنگا جاتا ہے

روزہ متنفس ع بولنی کا روزہ جو بعض اہل ہند ریاضت کی نیت اور سیاحت کو کرتے ہین یعنی دن بہر نہین بولتے

روشناس ع پہچانا ہوا آدمی و واقف اور دیکہا ہوا آدمی

راے با یا

رَئیس ع سردار قوم اور سالار لشکر اور بڑا آدمی عزت دار

رِیباس معرب ریواج یہ ایک قسم کا خودرو نہال ہے مزا کا ترش و شیرین میخوش ہوتا ہے -

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف سین اور اخیر مین بھی سین ہے

سین با الف

سالوس ع خوشگو و چرب زبان و خوشامدی یعنی بیہودہ آدمی

سادس ع ششم یعنی چھٹا اور چھٹا حصہ کسی چیز کا

ساسؔ کرم بدبو یعنی کھٹمل جو چارپائی مین ہوتے ہین
سائیس و سیئس ف تیماردار اسپان یعنی گھوڑون کا خدمتگار
سائیس ع سیاست کنندہ و نگہبان و نگہبان اسپان و خادم اسپان
ساقِ عروس م قسم شیرینی جو نہایت لذیذ ہوتی ہے

سین با با

سبوس ف پوست گندم جو آٹے سے نکلتا ہے ہندی مین اوسکو بورا سا کہتے ہین۔
سپس ف پس پس تر پیچھے سے پیچھے
سپاس ف شکر و تعظیم یہہ کلمہ تعظیمی ہے

سین با دال

سدس و سُدس ع چھٹا حصہ ہر ایک چیز کا۔
سدیس م گاؤ و گوسپند و اسپ پنجسالہ و اشتر ہشت سالہ

سین با را

سرخس ف خراسان مین ایک شہر ہے

سین با لام

سلس ع روان و ہموار جسمین کسیطرح کی تکلیف نہو۔
سلیس ع روان و ہموار اور وہ عبارت جو نہایت صاف و آسان ہو

سین با میم

سمت الراس ع جانب سر و وسط آسمان و بلندی

سین با نون

سندس ع قسم دیبا بیش قیمت جو لباس بہشتیون کا قیامت کو ہوگا
سندروس م قسم صمغ زرد رنگ جسکو کہربا کہتے ہین یہہ ایک گوند ہوتا ہے روغن کار اوسے بناتے ہین۔

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف شین اور اخیر مین سین ہے

شین با قاف

شق النفس ع مشقت نفسہا و محنتہا و ریاضتہای شاقہ

شین با میم

شمس ع آفتاب یعنی سورج جسکا مقام چوتھے آسمان پر ہے
شموس ع سرکش و بدخو جمع شمس یعنی بہت سے سورج
شماس ع مہتر ترسایان اور جو شخص سر کو درمیان سے منڈائے اور گوشہ نشین ہو اور نام اوسکا جسنے دین آتش پرستی ایجاد کیا۔

شین با نون

شناس ف پہچاننے والا چنانچہ لفظ قدرشناس وغیرہ۔

شین با یا

شیخ الرئیس ع لقب ابوعلی سینا جو بڑا حکیم و طبیب تھا۔

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف ضاد اور اخیر مین سین ہے

ضاد با را

ضرس ع داڑھ بڑی دانت جسسے کہانا چبایا جاتا ہے

ضاد با یا

ضیق النفس ع نام مرض جسکو دمہ اور کوتہ دمی نام ہے

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف طا اور اخیر مین سین ہے

طا با الف

طاس ف بڑا طشت اور بڑا کاسہ اور بڑا رکاب۔
طاقدیس ف نام تخت خسرو پرویز جو ایکسو ستر گز لمبا اور ایکسو بیس گز چوڑا مکلل بجواہر تھا۔

طائر قدس جبرئیل علیہ السلام کا خطاب ہے۔
طاؤس ع مور جو مشہور پرند ہے اور بہت خوبصورت ہوتا ہے

طا با باء

طبس نام شہر۔

طا با راء

طرابلس نام شہر جو شام کی ملک مین ہے اور رومی زبان مین شہر آباد کو کہتے ہین۔
طرطوس نام شہر و نام پہلوان جو نہایت زور آور تہا
طروسیقوس نام بادشاہ نصارا جو بڑا عادل تہا۔

طا با میم

طمس ع چہپ جانا و دور ہونا فاصلہ پر ہونا۔

طا با واو

طوس خراسان مین ایک شہر ہے۔
طورسیقوس زاہد نصرانی و نام بادشاہ نصارا

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف عین اور اخیر مین سین ہے

عین با باء

عبس عبس ع ترش روئی بول و سرگین خشک سے کہا ہوا گوبر۔
عباس و عبس ع نام شخص مکار جو بڑا دغاباز و فریبی تہا۔
عبوس ع ترش روئی و نام بیماری۔
عبوس ع مرد ترش روئی غضب۔
عباس ع نام عم آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم و فرزند علی المرتضی و بمعنی شیر درندہ و مرد پہلوان۔

عین با دال

عدس ع غلہ مسور جو ایک مشہور غلہ ہے

عین با راء

عروس زن و مرد نو کدخدا اگرچہ اطلاق اسکا اکثر نو کدخدا عورت پر ہوتا ہے۔
عرائس جمع عروس یعنی بہت سے نو کدخدا لوگ۔
عرس ع زن شوہردار جسکا شوہر زندہ ہو۔
عرس ع طعام عروسی مجازاً طعام فاتحہ بزرگان جو ایک سال کے بعد کرتے ہین

عین با سین

عسعس صیغہ ماضی عسعسہ سے جسکے معنی تاریکی لانا رات کا ہے
عس ع قدح بزرگ یعنے بڑا پیالہ پانی پینے کا۔
عسس ع شحنہ و شب گرد دمحافظ شب و کوتوال جسکے متعلق شہر کی حفاظت ہوتی ہے۔

عین با طاء

عطاس ع عطسہ اور وہ عارضہ جسسے عطسہ آئے مین۔
عطس ع چہینک۔

عین با کاف

عکس ع الٹانا اور وہ صورت جو پانی اور آئینہ مین نظر آئے

عین با یاء

عیس شتران سفید بسرخی آمیختہ یعنے وہ اونٹ جنکا رنگ سفید سرخی سے ملا ہوا ہو۔

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف غین اور اخیر مین سین ہے

غین با الف

غارس ع درخت لگانیوالا باغبان جو درخت لگاتا ہے

غین با رے

غَرس درخت لگانا اور زمین مین لگا یا ہوا درخت

غین با لام

غَلَس تاریکی آخر شب پچھلی رات کا اندہیرا

سولھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف فا اور اخیر مین سین ہے

فا با الف

فارِس ف سوار و مالک اسپ اور نام ولایت کا علاقہ ایران جسکے متعلق شیراز وغیرہ کرمان و یزد چار شہر ہین

فاشِ ع تیر لکڑی یا ان چیرنے کا

فانُوس معن مین بجاے چراغدان

فا با رے

فَرَس گہوڑی یا مالک اونٹ سواری کی چیز جو لکڑی سے بنائی جاے مثل محملہ کشتی وغیرہ

فَرَس ع اسپ یعنے گہوڑا جسپر سواری کیجاے

فُرس ع فارس کے رہنے والے لوگ جنکا وطن ملک فارس ہو

فِراس ع شیر درندہ اور وہ شخص جو سوار ہو

فَرّاس ع خادم اسپ سائیس اور مالک گہوڑے کا

فِردوس ع نام بہشت اور باغ جسمین انگور اور ہر قسم کے درخت ہون

فَرادِیس ع جمع فردوس یعنی بہشت انگوری باغ

فرنگیس ف نام دختر افراسیاب جو سیاوش کے نکاح مین تھی اور کیخسرو اوسکا بیٹا تھا

فراست شناس قیافہ پہچاننے والا شخص

فُرسان ع جمع فارس یعنی بہت گہوڑے

فا با سین

فَسُوس بازی و ظرافت و ٹھٹھا و دریغ و حسرت و لا مجہول نام شہر دقیانوس

فَسُوس ف مخفف افسوس جو مشہور لفظ ہے

فا با طاء

فَطَس چوڑی ناک اور چوڑی ناک والا آدمی

فِطِّیس ع تیا ک سلان یعنی بڑا ہتوڑا لوہار کا جسسے لوہا کوٹتے ہین

فا با لام

فلکِ اطلس ف فلک الافلاک یعنے عرش

فَلس ع پیسہ تانبے کا

فُلُوس ع جمع فلس بہت سے پیسے تانبے کے

فا با یا

فیلقوس نام حکیم و نام پدر اسکندر رومی میر لشکر

فیلاقورس و فیلوفوس نام حکیم جو یونان مین تہا

فیثاغورس نام حکیم جو یونان مین تہا

سترہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف قاف اور اخیر مین سین ہے

قاف با الف

قامُوس ع دریاے عمیق اور نام کتاب جو لغت مین مصنفہ مولوی مجد الدین بن یعقوب فیروز آبادی ہے

قادُوس ع بڑا جہاز اور بڑی کشتی جسپر سوار ہو کر دریا کا سفر کرین

قابوس نام بادشاہ و نام حکیم جو یونانی حکیم تہا

قاف با با

قبلہ گاہ مجوس ف آگ جسکو مجوس پوجتے ہین

قَبَس ع آگ لگ جانا جل اوٹھنا

قبس ع آگ کا انگارا جو بید و دہو

قاف با دال

قدس و قدس ع پاکیزگی و پاک نام کوہ و زمین نجد مین

قدوس ع بہت پاک اور نام حقتعالے جل شانہ کا

قاف با راے

قرلوس ع بلندی بہشت مین ہے جسکو خاص زمین کہتے ہین

قرناس ع بنی کوہ و نام دیو ۔

قرقبوس ع بلاے عظیم و صدمہ ہولناک

قرطاس ع کاغذ جسپر کتاب وغیرہ لکہی جاوے ۔

قاف با سین

قسطاس رومی زبان مین ترازو ہی کلان کو کہتے ہین جسکو ہندی مین تک کہتے ہین

قسیس معرب کشیش دانش مند و عالم دین نصارے

قاف با ضاد

قضیہ منعکس ع وہ مقدمہ جو بالعکس ہو اولٹا جہگڑا ۔

قاف با طار

قطاس معرب قتاس جسکی ترکی مین معنی پہاڑی گاے کی دم کے ہین وہو دم گاو کوہی ۔

قاف با فار

قفل ع و ف گورکہ دہندا جو مشکل سے کہولا جاتا ہے

قفس و قفص ع پنجرا جسمین جانوروں کو ڈال رکہتے ہین

قاف با قاف

ققنس مخفف قوقنوس نام مرغ جسکے آواز سے حکماے علم موسیقی استخراج کیا ہے جب وہ بولتا ہے ہزاروں طرح کی راگ اوس سے نکلتے ہین ۔

قاف با لام

قلیدس نام حکیم و نام کتاب علم اشکال مین

قلس ع جو چیز ایک دفعہ قی کے ساتھ نکلے جو دوسرے مرتبہ نکلے اوسکو قے کہتے ہین

قلقاس ع اروی جو ایک مشہور ترکاری ہے

قاف با واو

قواس ع کمان بنانے والا یا کہینچنے والا کمان کا ۔

قوس ع کمان و آٹہ تیر چلانے کا جو مشہور ہے ۔

قومس ع ایک شہر کا نام ہے

قاف با یار

قیس ع نام مجنوں عاشق لیلی جو عرب کا رہنے والا تہا

قیاس ع اندازہ اور انداز فکر یا کسی کام مین فکر کرنا

اٹہارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف کاف اور آخر مین سین ہے

کاف با الف

کارشناس ف عقلمند دانا لیق ہر ایک کام کو پہچاننے والا

کاس ف فارسی مین نقارہ اور خنزیر یعنی خوک اور عربی مین جام شراب بہرا ہوا ہو یا نہو ۔

کاوس ف نام بادشاہ جسکا نوکر رستم تہا ۔

کابوس ع حالت سکاچہ یعنی خواب مین ڈرنا نیند مین حالت ابتر ہو جانا ایسی کہ ہل نہ سکے ۔

کاورس ع غلہ چینہ یا باجرہ کا جو مشہور ہے ۔

کاف با بار

کبس ع خاک سے بہر دینا چاہ کا یا نہر کا مٹی سے اور سر گریبان ہونا شبخون مارنا فکر مند ہونا ۔

کبس بیشانی کے بل منہ خاک مین گرنا

کبس وہ خاک جسسے چاہ یا نہر بہردی جائے ہندی مین

اِسکو ملبہ کہتے ہین۔

کاف با دال

گدس ع جو من ؟ کو فتہ جیسے غلہ جدا نکیا گیا ہو۔

کاف با رے

کرباس معرب کرباس ہند ؟ یعنی روئی کا کپڑا
کراریس ع جمع کراسہ کتاب کے اجزا اور سپارہ قرآن کے
کریاس ع طہارت خانہ و بالاخانہ و در باشاہی اور محل سلطانی
کرس ع سرگین جو مٹی مین ملا کر کہگل کرین
کرکس ف طائر مردار خوار جسکو گدہ کہتے ہین۔
کرفس ع اجمود ولایتی یعنی اجوائن جو ولایت مین پیدا ہو۔
گربش ع چلپاسہ یعنی ایک جانور کا نام ہے جسکو چہپکلی کہتی ہین

کاف با سین

کس ع یار و رفیق و مرد شریف و آدمی و انسان جو لائق ہو۔
کس ف ستر گاہ عورت۔

کاف با لام

کلس ع آہک یعنی چونہ وکلی جو عمارت مین لگتی ہین
کلیات خمس ع پانچ کلیہ منطق کے اول جنس مثلاً حیوان دوم نوع مثلاً انسان سوم فصل مثلاً ناطق چہارم خاصہ مثلاً ضاحک پنجم عرض عام مثلاً ماشی۔

کاف با نون

کناس ع خاکروب جلاد وگردن زن و ناپاک آدمی۔
کناس جائی خواب آہو وگوزن یعنی ہرن اور گوزن کی سونیکی جگہہ
کنایس ع مساجد معابد ترسایان جمع کنیسہ یعنی بہت سے گرجے

کاف با واو

کوس ف بواو مجہول یعنی کوفتن اور مجازاً نقارہ بزرگ و صفت لشکر و بزرہ فوج و قطار و گوشہ جامہ و گلیم و پلاس اور ایما و اشارات اور نام ایک بازی کا مانند شطرنج

کاف با یاء

کیس ع زیرک دانا عقلمند و لائق و ہوشیار آدمی۔
کیکاؤس ع نام بادشاہ جسکا ملازم رستم تہا۔
کیوس ع جمع کاسہ یعنی بہت سے کاسے اور پیالے
کیلوس ع پہلا طبخ غذا کا جو معدہ مین ہوتا ہے۔
کیموس ع طبخ دوم غذا کا جو جگر مین ہوتا ہے

انیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف لام اور آخیر مین سین ہے

لام با الف

لاقیس ع نام دیو جو نماز مین وسوسہ ڈالتا ہے
لامس ع چہونے والا ہاتہہ کیونکہ جسم کو لگانے والا
لاس ع ابریشم کم قیمت خراب ریشم۔
لامساس ع مجہکو ہاتہہ مت لگا۔

لام با باء

لبس کپڑا پہننا۔
لباس پوشاک انسان کے پہننے کے
لبوس ع جامہ پوشش زرہ۔
لبس ع وہ پوشاک جو پہنی جائے۔

لام با میم

لمس ع ہاتہہ لگانا چہونا جماع کرنا۔

لام با واو

لوس ع بواو مجہول تملق و چاپلوسی۔

لام با یاء

لیوس ع بے غیرت دیوث بے حمیت آدمی۔
لیثر غش و سام بلغمی ع ایک مہلک مرض ہے

بیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف میم اور آخیر مین سین ہے

میم با الف

مَایُوس ع عربی مگر مستعمل فارسیان نا امید۔
مَانُوس ع خو کیا گیا پسند و مرغوب۔

میم با تاء

مُتَلَبِّس ع کپڑا پہننے والا یا پوشیدہ۔
مُتَجَسِّس ع ڈہونڈنے والا تلاش کرنے والا۔

میم با ثاء

مثردلیطوس ع ایک معجون مرکب کا نام ہے
مثرد طاس ع بڑا طشت جسمین ترید کہاتے ہین۔

میم با جیم

مَجَس ع ہاتہہ رکہنا طبیب کا نبض پر نبض دیکہنا۔
مَجْلِس ع بیٹہنے کا مقام جلوس کا مقام۔
مَجَالِس ع جمع مجلس یعنے بہت سے بیٹہنے کے مقام۔
مَجُوس ع آتش پرست لوگ جو لوگ آگ کو پوجتے ہین
مجلس نویس ع واقعہ نویس و اخبار نویس وغیرہ۔

میم با حاء

مَحْبَس قید خانہ جسجگہہ کسی قیدی کو قید کیا جاے
مَحْسُوس ع دریافت کیا گیا ساتہہ ایک حواس خمسہ کے۔
مَحْبُوس ع قید کیا گیا حبس مین رکہا گیا۔
مَحْرُوس ع نگاہ رکہا گیا حفاظت کیا گیا۔

میم با خاء

مُخَمَّس ع پانچ گوشہ کیا گیا اور پانچ مصرعہ کی نظم

میم با دال

مُدَرِّس ع پڑہانے والا درس کہنے والا آدمی۔
مَدْرُوس ع پرانا بوسیدہ بے رونق اور پڑہا ہوا درس یا یاد ہوا اکثر
مَدَارِس ع پڑہنے کے مقام جمع مدرسہ کی ہے۔

میم با راء

مَرْؤُس ع تابع و خادم و رعیت جو حاکم کی زیر حکم ہو۔
مَرَس ع وہ رسن جو گہوڑے اور گاے کی گلے مین باندہتی مین کو طبیب و کہال اور رسن و درسن لٹکانا۔
مَرَس ع نام میوہ مینوش اور چوسنا لڑکے کا انگلی کو اور مرد علاج کرنے والا اور تر کرنا خرما کا پانی مین۔

میم با سین

مِسَاس ع ہاتہہ لگانا یا چہونا جماع کرنا نزدیک ہونا۔
مِس ع تانبا جو ایک قسم کی دہات ہے۔
مَس ع ہاتہہ سے ملنا اور چہونا جماع کرنا
مُسْتَانِس ع الفت پکڑنے والا محبت و انس کرنیوالا۔
مُسَدَّس ع شش گوشہ اور چہہ مصرع کی نظم۔
مَسْقِطُ الرَّاس ع جاے ولادت و وطن جسجگہہ انسان رہتا ہو۔

میم با عین

مَعْکُوس ع نگونسار یعنے اولٹا پہیر یا نوا و بر۔
مَعَانِس ع جمع معنس جوان و کنواری لڑکیان
مَعَارِس ع اترنیکی منزلین جہان مسافر مقام کرین۔

میم با غین

مَغْرِس ع درخت لگانا تخم درخت کا بونا۔

میم با فاء

مُفْلِس ع تنگ دست و غنا وارہ محتاج آدمی۔

میم با قاف

مُقَوْقِس ع نام مرغ طوق دار و لقب حاکم مصر و اسکندریہ جو اول ترسا تہا پہر مسلمان ہوا۔

مقیاس ع اندازہ لینے کا آلہ
مقتبس ع آگ لینے والا روشنی لینیوالا فیض حاصل کرنیوالا۔
مقدس ع پاک آدمی جو گناہ سے پاک ہو۔
مقناطیس ع چمک پتھر سنگ آہن جو لوہے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے
مقوس ع خمدار چیز جو کمان کی شکل پر ہو۔

میم با کاف

مکاس تو قف کر صاحب کالا کا اوسکے بیچ ہین
مکناس ع جاروب جس سے جگہہ صاف کرتے ہین۔
مکیس ا املہ مکاس یعنے معاملہ مین تنگی و طلبی کرنا و
مرد باوقار اور نہائیت تاکید اور مبالغہ کرنا
مکتنس ع خس و خاشاک و ریزہ۔
مگس ف مکھی جو مشہور جانور ہے

میم با لام

ملبوس ع پہننے کے کپڑے مثل پیراہن قبا و کلاہ وغیرہ
ملابس ع جمع ملبس یعنی پوشش و لباس
ملتبس ع پوشیدہ اور اشتباہ کیا ہوا۔
ملبس ع لباس پہنایا گیا چھپایا گیا
ملتمس ع التماس کرنے والا آرزو کرنے والا عرض کرنیوالا
ملماس ت قلم جیسے لکھتے ہین۔

میم با میم

ممس ع آپسمین گھسایا ہوا اور گھسنے لگا اور جگہہ گھسانے کی
یعنے بمعنی فاعل و مفعول و ظرف ماخوذ مس سے

میم با نون

منغمس ع غریق اور پانی مین ڈوبنے والا
مندرس ع پرانا و فرسودہ
منتکس نگونسار و سرنگون۔
منتطس ع پیچھے بیٹھنے والا نشست و نابود ہونیوالا

منگلوس ع نام شہر
منجس ع ناپاک کرنے والا
منعکس ع عکس قبول کرنیوالا یعنے جو چیز عکس قبول کرے

میم با واو

مونس ع ہمدم و آرام دینے والا
موسس ع استوار کرنیوالا بنیاد بنانے والا

میم با ہا

مہندس ع جو علم ہندسہ کا جانتا ہو۔

اکیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف نون اور آخیر مین سین ہے

نون با الف

ناموس ع عصمت و عفت و توقع حرمت خلق سے
و نیکنامی و تدبیر و سیاست و ملائک و احکام الٰہی
و جبرئیل ع و قاعدہ و دستور و بانگ و صاحب راز و مکر و حیلہ پنہانی
ناسپاس ف ناشکر و ناقدر شناس۔
ناکس ف فرومایہ و نالائق کم حیثیت و نادان آدمی
ناکس ع نگونسار و سرنگون اور الٹایا ہو
ناخس نام بیماری جسسے بیمار کو ایسا معلوم ہوتا ہے
کہ اوسکے جسم مین کوئی سوئیان چبھوتا ہے
نارس ف میوہ خام و نارسیدہ یعنی کچا میوہ۔
ناوس ف آتشکدہ جہان مجوس آگ جلاتے ہین
ناس ع اسم جنس یعنی ایک آدمی اور بہت آدمی
ناقوس ع سنکھ جو ہنود عبادت کے وقت بجاتے ہین

نون با را

نبراس ع چراغ روشن اور شمع جو روشن ہو۔

نبتسع دهوتی یا دهوتا جو لڑکی کی اولاد ہو۔

نون با جیم

نجس و نجس ع پلید و ناپاک اور ناپاک ہونا پلید ہونا۔

نون با حاء

نحاس ع مس یعنے تانبا و دود بے شعلہ آتش۔
نحاس ع سرشت و اصل و طبیعت اور تانبا جو مشہور ہے

نون با خاء

نخس کسیکی انگلیون کو ہاتھ مین پکڑ کر دبانا
نخاس ع بردہ فروش و حیوان فروش و بخاس وہ بازار جسمین غلام اور حیوان فروخت ہون۔

نون با رای

نرگس ف مشہور پھول ہے جسکو شعرا آنکھہ کے ساتھہ تشبیہ دیتے ہین
نرجس ع معرب نرگس جو مشہور پھول ہے۔

نون با سین

نسناس نام ایک حیوان کا جو ایک پانوسی کودتا ہی اور بعض کے نزدیک نسناس ایک جانور نصف بصورت انسان اور نصف بصورت حیوان کے ہے اور بزبان عربی کلام کرتا ہے۔

نون با عین

نعاس ع غنودگی اور سونا اور اونگنا

نون با فاء

نفاس ع عورت کے زچہ ہونیکے ایام جسمین خون آتا ہے و خون ولادت
نفائس جمع نفیس تحفے۔
نفس دم جو گلی کی راہ سے آتا جاتا ہی جمع اسکی انفاس ہے
نفس ع جان و روح و حقیقت شی و ہستی و عین ہر چیز یعنے ہر ایک چیز کی عین ذات و اصل جمع اسکی نفوس و انفس ہے اور نفس تین قسم پر منقسم ہے اول امارہ جو بدی پر امر کرتا ہے دوم لوامہ یعنی بدی پر

ملامت کرنیوالا اور سیوم مطمئنہ جو عبادت سے تسلی پاتا ہے۔
نفوس جمع نفس کی روح و جان یعنے روحین اور جانین
نفیس ع چیز گران مایہ و لطیف دلپسند و مطبوع طبع۔

نون با قاف

نقوماخس ع نام پدر ارسطو و استاد اسکندر جس سے سکندر نے تعلیم پائی
نقرس ع نام درد شدید جو پاون کی انگلیون اور ٹخنون مین ہوتا ہے

نون با کاف

نکس ع عود کرنا بیماری کا اور نگونسار کرنا ایضا و الٹا لینا

نون با واو

نوروز ف میوہ تازہ و ہر چیز جدید اور نام کتاب تعویذ موسیقی بزبان ہندی۔
نوامیس ع جمع ناموس عزتین آبروئین۔

بائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف واو اور اخیر مین سین ہے

واو با الف

واپس ف پھٹا ہوا لوٹا ہوا ہٹ جانا اور لوٹنا۔

واو با رای

ورس ع وہ ورم جو بن پاتی مین پیدا ہوتا ہی اور سخت درد ہوتا ہے

واو با سین

وسواس ع خدشہ و خطرہ جو دل مین پیدا ہو اور شیطان دل مین پڑ جائے
وساوس ع جمع وسواس کے لفظ کی بہت سے خدشے۔

واو با کاف

وکس ع نقصان و زیان خسارہ جو کسی چیز مین عائد ہو۔

واو با یاء

ویس ف بیاہی ہوئی نام معشوقہ جسپر رامین عاشق ہوا تھا و بمعنی مثل ہے
ویس ع کلمہ استحقار ہی یعنی یہہ حقارت کا لفظ ہے۔

تیئیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ہا ہے اور اخیر مین سین ہے

ہا سے با رے

ہِزَماس ع شیر درندہ جو مشہور چار پایہ ہے۔

ہِرمِس ع اسم اصلی ادریس نبی علیہ السلام کا ہے۔

ہِراس ع خوف و دہشت و ڈر او و د باؤ

ہا سے با میم

ہمنفس شریک مددگار یا دوست رفیق۔

ہا سے با واو

ہواجس خطرات شیطانی اور وسوسے اور حدیث جو دل مین انسان کے پیدا ہوں

ہا سے با یا

ہیچکس ناکس ناکارہ خراب آدمی بیکار شخص

چوبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف یا ہے اور اخیر مین سین ہے

یا با الف

یاس ع فارسی مین مخفف یاسمن اور عربی مین ناامیدی و محرومی

یابس خشک کرنے والا اور خشکی دینے والی چیز

یای معکوس ع اولٹی یا جو اس شکل پر لکھی جاتی ہے (ے)

یا با با

یَبس ع خشک ہونا اور خشکی و بے آبی و بیرونقی

یا با واو

یونس نام پیغمبر جنکو مچھلی نگل گئی تھی اور پیٹ سے زندہ نکلا تھا

تیرہوان باب

اون لغات کے بیان مین جن کے اخیر مین حرف شین ہے اور پہلے حروف بر رعایت حروف تہجی کے اپنے اپنے موقع پر بدلتے چلے گئے ہین اسمین چھبیس ۲۶ فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف الف اور اخیر مین شین ہے

الف با با

آب گردش روزی قسمت نصیب جو انسان کو ملتا ہے

ابرش ف سرخ و سفید رنگ کا گھوڑا بعض کے نزدیک ابلق

الف با تا

آتش ف آگ جسکو عربی مین نار کہتے ہین۔

اِتمش ت ترکی مین بسنے کردہ یعنی کیا ہوا۔

الف با خا

اخفش ع کسکی آنکھین قتاب مین نہ کھلین مچا یا شپرہ جو مشہور ہے لوز اور نام ایک شخص کا جو علم صرف و نحو و قراءت مین امام تھا جو بخوبی علم رکھتا بیدار رہتا تھا ایسی اخفش سے مخاطب ہوا۔

الف با دال

آدرفش ف شالی یعنی وہ آلہ جسے حجام مین سوراخ کرتے ہین

آدیش د آذیش آتش و خس و خاشاک جو ہیزم یعنی ہیزم دروازہ کی کٹرکی

آدرخش ف صاعقہ برق۔

الف با را

آ

آرش ف نام پہلوان جو ایران مین تیر انداز دیکتا اوستاد تہا مجازاً مرد بہادر دبو انمرد -

آرش ف ہاتہہ یعنے آرنج سے سر انگشت تک کا فاصلہ جسکو کونہی کہتے ہین اور نام شہر کا ہے نام اَسپ اور ہرن سبز رنگ کا جو نہایت قیمتی ہوتا ہے

ارش ف عاقل وزیرک و انجمن و مقدار ہر دو دست آدمی اور عربی مین بمعنی فتنہ و نباشت فساد و لڑائی -

ارتعاش ع کانپنا اور نام بیماری جسکو رعشہ کہتی ہین

آرایش ف آراستگی و نیا زینت دنیا سنوارنا کسی چیز کو -

آرامش ف آرام و آسایش کرنا -

آزمایش ف آزمانا کسی کو کسی بات مین

الف باسین

استعماش ع ضعیف البصر کرنا کم نظر کرنا -

اسپیش ف وہ کرم جو بعد دو سہ ستین گندم مین پڑجاتین

آسایش ف آرام کرنا -

الف باشین

آشش وہ طعام رقیق جسکو پانی کی طرح پی سکین -

الف باطاء

اطروش ع کر یعنے بہرا جو سُن نہ سکتا ہو -

الف باعین

اعمش ع وہ شخص جسکی آنکہون سے پانی بسبب غم کے جاری ہو

الف باغین

اغلمش ت نام بادشاہ ترک جو بڑا عالیجاہ تہا

آغوش ف بغل و کنار و بندہ و غلام و کنیزک و پرستار -

الف بافاء

افتتاش و تفتیش کرنا ڈہونڈنا جستجو کرنا تلاش کرنا -

الف باکاف

اکدش و اکدش ت مخلوط یعنے وہ آدمی یا گہوڑا جسکا باپ ہندی ہو

آگندہ گوش ف وہ شخص جو کسیکی نصیحت سنی ہان بوجہ کر بہرا بنے

الف بالام

التمش ت فوج ہراول سردار فوج و عدد و شش و خطاب سلطان شمس الدین غوری بادشاہ ہند کا

الش و الوش ت بچا ہوا کہانا امراؤن کا جو نوکر کہاتے ہین

المش ترکی مین یعنی شدہ سے یعنے ہوا ہوا -

آلایش آلودہ ہونا کسی خراب چیز سے -

الف بامیم

آمرزش ف بخشنا معاف کرنا گناہ کسی گنہگار کا -

آموزش ف سیکہنا علم و ہنر کا اوستاد سے -

آمیزش ف ملنا باہم ہیدا کرنا یکجان و یکدل ہونا

الف بانون

انبیاش ع برہنہ کرنا اور کفن چورانا مردے کا -

اندیش ف سوچ فکر اندیشہ غور -

الف باواو

اوباش ع مردم مختلف اور آپسمین ملے ہوے ہون و مردم فرومایہ کسر جمع بوش اور فارسی مین مفرد پر مستعمل ہے -

الف باہای

آہیکش ف وہ آہ جو ضبط کر لیجائے اُٹہا اوسکا نہو -

الف بایاء

ایلدش ت دو چیزین ملی ہوئی ہین یعنی وہ آدمی یا گہوڑا جسکی ماں اور ولایت اور باپ اور ولایت کا ہو -

ایمیش ت بہ یای غیر ملفوظ بمعنے فرود آمدہ یعنی [illegible] اوترا ہوا

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف یا اور آخیر مین شین ہے

با با الف

بارش ف مینهه برسنا -
بارکش ف بوجه اوٹهانا لعد بوجه اوٹهانے والا -
باش ت ترکی مین سرکو اور عربی مین راس -
بازی گوش ف شوخ و شنگ اور کهیلنے والا خوش مزاج -
باقلمش ت ترکی مین معنی دیده شده یعنی دیکها گیا -
باخمش ت ترکی مین معنی دیده یعنی دیکها -
بادفروش ف خوشامد گو و لاف زن اور هند مین نام ایک قوم کا جسکو بهاٹ کهتے هین -
بادریش ف غرور و لاف و ترقی و افزایش -
بالش ف تکیه جو سر کے نیچے رکهین و بالیدگی یعنی پهولنا اور وه تکیه جس مین پر بهرے هوئے هون -

با با خاء

بخشایش ف گناه بخشنا معافی دینا کسی کو -
بخش ف حصه و نصیب و بهره جو کسیکو ملے -
بخش بخش ف پاره پاره حصه حصه ٹکڑے ٹکڑے -

با با دال

بدخش ف مخفف بدخشان جو ایک مشهور ملک ہے -
بدکیش ف بدمذهب جسکا مذهب بد هو -
بداندیش ف بدخیال بدنیت جسکی نیت اچهی نهو -

با با رائے

برش ت قاش خربزه خربوزه کا چهلکا یا ٹکڑه -

با با شین

بشش ف هر چیز کا بند اور لوهے کا بند جو صندوق وغیره پر لگاتے هین اور جوڑ جو چاندی سونے پر لگایا جاتا ہے یعنی ٹانکا -

با با طاء

بطش ف حمله و سخت گیری یعنی حمله کرنا مضبوط پکڑنا -

با با کاف

بکتاش ت نام شاه خوارزم یعنی خیوا کی ملک کے شاه کا نام

با با نون

بنگش ف ایک ملک کا نام ہے -
بنفش ف کبود رنگ و نیلگون جسکا رنگ بنفشه کے پهول جیسا هو -
بنات النعش ف سات تارے جو قطب شمالی کے پاس هین -
بناگوش ف نرمه گوش کان کے نیچے کا گوشت -
بنوماش ف غله سبز رنگ یعنی مونگ جسکا رنگ سبز ہے -
بوش ف کر و فر و خود نمائی و مرد درویش عیالدار و تار آنکه جسم جو

با با یائے

بیش ف زیاده بڑهکے
بینش ف دیکهنا نظر کرنا مجازاً عقل و دانش -
بیخویش بیخود و بیهوش مست بیخبر -

تیسری فصل

ادن لغات کے بیان مین جن کی اول بای فارسی اور اخیر مین شین ہے

بای فارسی با الف

پاغوش ف غوطه جو کوئی پانی مین لگائے -
پالوش ف کافور مغشوش یعنی ناخالص کافور جسمین آمیزش هو
پاینده کیش ف نام شهر نام جزیره و زمین نمناک
پالایش ف صاف کرنا درست کرنا اچها بنانا -
پاش پاش ف ٹکڑے ٹکڑے ذره ذره علحده علحده -
پاداش ف مطلق جزا جزای کار بد جو گنهگار کو دیجائے -
پاپوش ف جوتا جو انسان پانو مین پهنتے هین -

بای پارائے

پرورش ف پالنا کسی بچہ وغیرہ کو مہربانی کرنا -

پرسیاوش ع آسمان پر ایک شکل مرکب چھبیس ستارون سے ہے عرب مین اسکو راس الغول کہتے ہین -

پریش ف امر پریشان ہے یعنی پریشان کن و بمعنی فاعل یعنی پریشان کنندہ چنانچہ خاطر پریش -

پردہ پوش ف پردہ چہپانے والا شخص -

پرستش ف عبادت کرنا بندگی کرنا پوجنا کسیکو -

پرسش ف پوچھنا دریافت کرنا کسی حال کا -

پرخاش ف جہگڑا خصومت و لڑائی و عداوت و بغض و کینہ

باے با ژاء

پژوہش ف جستجو و تلاش کرنا ڈھونڈہنا -

باے با سین

پس و پیش ف آگے پیچہے ادہر اودہر -

باے با لام

پلنگتوش نام اوس شخص کا جو شاہ توران کی طرف سے وکیل ہوکر شاہ عباس کے پاس گیا تہا -

باے با واو

پوزش ف عذر و معذرت جو اپنی گناہ پر کیا جائے -

پوش ف امر یعنے چہپا اور فاعل چہپانے والا چنانچہ پردہ پوش

باے با یاء

پیش ف آگے روبرو -

پیچش ف پیچ و تاب -

پیشکش ف تحفہ و نذرانہ جو کسیکو دیا جاسکے -

پیمایش ف ماپنا اندازہ کرنا کسی چیز کا -

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف تاء اور اخیر مین شین ہے

تا با الف

تازش ف دوڑنا کسی پر حملہ کرنا

تاش ف صاحب یا دستر کا ہمراہ و ہم سبق -

تابش ف چمک دمک سورج چاند وغیرہ کی -

تارکش ف وہ شخص جو چاندی کا تار بناتا ہے -

تالاش ت تفحص جستجو مگر صحیح تلاش ہے -

تا با جیم

تجمش ع ماخوذ جمش سے یعنے اسکے بال ڈھونڈنے اور آواز بالتر اور بازی عشق اختیار کرنے کے ہین -

تا با خاء

تخش ف بالا و صدر مجلس اور تیر آتشبازی اور ایک قسم کی کمان

تا با راء

تراش ف انتخاب و آرایش و طمع و توقع و امید

ترکش ف اصل مین تیرکش تہا آلۂ تیر رکہنے کا

ترش و ترمش ف کہٹا مزہ عربی مین حامض کہتے ہین

تا با سین

تش ف مخفف تیشہ جسسے لکڑی کترتے ہین

تشوش و تشویش ع پریشان کرنا اندیشناک کرنا غم کرنا

تا با عین

تعطش ع تشنہ ہونا یعنے پیاسا ہونا کسی چیز کا -

تعریش ع سخت پر لیجانا اور اوٹہانا مانند کہولنا -

تعیش ع اسباب معیشت کا بہم پہونچانا -

تا با فاء

تفش ع نہایت گرمی اور سخت گرمی جو پڑتی ہے -

تفتیش ع کہودنا ڈھونڈنا تلاش کرنا جستجو کرنا -

تا با قاف

تقدمۃ الجیش ع پیشوا سی لشکر جو لشکر کے آگے چلے

تا با کاف

تکش ت نام بادشاہ جو خوارزم مین حاکم تھا-

تا با لام

تلاش ت سعی و جستجو مگر تلاش کہنا غلط ہے-

تا با نون

تنقیش ع نقش کرنا کسی چیز کا کاغذ وغیرہ پہ-
تنعیش ع عیش کرنا آرام مین آنا خوشی کرنا-
تنگ عیش ف مفلس عیالدار و محتاج آدمی-

تا با واو

توش ت سینہ اور قوت و توانائی جسم-
توحش ع وحشی ہونا بے عقل و بے شعور ہونا-

تا با یا

تیر تخش ف تیر ہوائی و تیر ناوک و تیر آتشبازی کا-
تیر رومی تر کش ف بہت اچھا تیر-
تیش ت دندان اور لفظ تیشہ کا اسی سے لیا گیا ہے-
تیرکش ف ترکش تیردان کا یا تیلہ کمان کا-

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی ابتدا مین حرف جیم اور اخیر مین شین ہے

جیم با الف

جاش ت تودہ غلہ اندہ انبار ہر چیز کا جو جمع ہو-

جیم با با

جبہ ور یش ت آمانا ہندستان جاڑون کا سوتی ح

جیم با حا

جحش ع بچہ خورد و بچہ اسپ و نام صحابی
جحمرش ع زن پیر یعنے بڑھیا عورت-

جیم با را

جریش ع بلغور یعنے دلیا ناج کا گیہون کا ہو یا کسی اور غلہ کا-

جیم با سین

جستیش ع بلغور یعنے دلیا پختہ ہو یا خام ناج کا-

جیم با عین

جعشوش ع مرد زشت رو و بدشکل و بدصورت-
جعباشیش ع مردان زشت رو و بدصورت و بدشکل

جیم با میم

جماش ع مرد دلیر و شوخ اور کھیلنے والا خوش طبع-

جیم با نون

جلیبت کش ع اسپ کوتل اور گھوڑون کا مو
جنبش ف حرکت مین آنا ہلنا کسی چیز کا-

جیم با واو

جوش ع زرہ اور ابلنا دیگ کا اور شور کرنا دل کا-
جوش ف سینہ انسان کا یا آدمی کے
جوش ف فارسی مین حلقہ اور ابلنا دیگ کا اور دھڑکنا دل کا-
جوارش ف دوا مرکب با خوش مزہ خوش ذائقہ ہو-
جوشش ف جوشش کہانا کسی دیگ وغیرہ کا-

جیم با یا

جیش ع لشکر اور ابلنا دیگ کا دھڑکنا دل کا-
جیوش ع جمع جیش یعنے بہت سے لشکر اور جوش-

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول جیم فارسی اور اخیر مین شین ہے

چاؤش ت نقیب لشکر کا قافلہ کا خبرگیر و محافظ
چالش حملہ جنگ کا جو دشمن پر ہو ۔
چالیش ف خرامیدن یعنی ناز سے چلنا کسی کا ۔
چاش ف خرمن گیاہ یعنے گھاس کا انبار ۔
چار بالش ف مسند و اربع عناصر و چار طرف ۔

جیم فارسی با بای فارسی

چپقلش ف جنگ شمشیر تلوار کی لڑائی جسمین بہت ہتھیار استعمال ہو

جیم با شین

چش ف مخفف چشم یعنے آنکھہ

جیم با کاف

چکلش ف دست افراز نگران جسکو سطرقہ کہتی ہین اور جا نشست باز و چرغہ و بلبل جسکو اوڑ سکتے ہین ۔
چگلمش ترکی مین بمعنی کشیدہ شدہ یعنے کھینچا گیا ۔

جیم با میم

چمروش ف خرامش یعنی ناز سے چلنا اور کھیلنا

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف
حا اور اخیر مین شین ہے

حا با باء

حبش ع ملک کا نام ہی جو حبشہ ہو ر ملک ہے ۔

حا با شین

حشیش ع گیاہ خشک یعنے سوکی گھاس
حشائش ع جمع حشیش جسکے معنی سوکی گھاس کے ہین

حا با لام

حلقہ بگوش ف غلام زرخرید یعنی مول لیا ہوا غلام و خدمتگار

حا با نون

خنشش ع سانپ اور ایک قسم سانپ کا جو زہریلا ہوتا ہے

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف
خا اور اخیر مین شین ہے

خاموش ف چپ کرنا اور چپ کرنے والا شخص
خاش ف مادر زن و مادر شوہر یعنے ساس ۔
خانہ بردوش ف مسافر فقیر و بے تعلق غریب آدمی ۔
خام ریش ف مسخرہ و کم عقل و نادان بیوقوف ۔
خارش ف کھجلی جو ایک بیماری جلد کی کھجانے کو ہوتی ہے

خا با رای

خروش ف شور و غوغا و فتنہ و فساد ۔
خردہ فروش ف بساطی جو چھوٹی چھوٹی چیزین بیچتا ہے
خراش ف چھیلنا کسی چیز کو ۔
خرگوش ف مشہور جانور ہے ۔
خروس عرش ف ایک مرغ عرش پر ہے صبح کو اول وہ بانگ دیتا ہے تو زمین پر بھی مرغ بولتے ہین ۔

خا با فاء

خفاش ع شبپرہ مشہور جانور ہے جو رات کو اوڑتا ہے

خا با لام

خلاش ع گل و لای یعنی کیچڑ و شور و غوغا و فتنہ و فساد
خلاش ع یعنے تقلید و خصومت و مناقشہ ۔

خا با واو

خوش ف شاد و خوب و بضم خا محض غلط ہے ۔
خواہش ف تمنا و آرزو و امید رکھنا کسی کا ہے ۔
خورش ف خوراک جو انسان یا حیوان کھاتا ہے ۔
خویش ف ہم قوم و قریب بمعنی خود یعنی آپ ۔

خواجہ تاشش - ایک آقا کے دو نوکر ایک استاد کے دو شاگرد
خواب خرگوشش - تغافل و کاہلی و سستی و کم توجہی -

غا با یائے

غیرہ کشش - ضعیف کو مارنیوالا ظالم ستمگار صاحب جور و جفا -
غیشش - ایک قسم کی پارچہ کتان کا نام ہے اور بعض کے نزدیک ایک کیڑا ہے جسکو کہیش کہتے ہین -
خیلتاش - صاحب امیر و نوکران جو ایک جگہہ نوکر ہون

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف دال اور آخیر مین شین ہے

داشش - جسجگہہ آگ بہت جلے مثلاً بہٹی چونہ وغیرہ کی -
دانشش - فضل و دانائی جو انسان کو حاصل ہے -

دال با رے

درازگوشش - ایک قسم کا گدہا جسکے کان لمبے ہوتی ہین اور اسپر ۔۔۔ جیسے سوار ہوتے ہے -
درباشش - مخفف دورباش نیزہ کوچک دو شاخہ -
دروشش - دریوزہ گر سوالی اصل مین یہہ لفظ درویش تہا
درفشش - پارچہ گوشتہ جو علم کے سیر باندہتے ہین
درفشش - آلہ آہنی جسسے چمڑی مین سوراخ کرتے ہین
درخششش - برق و فروغ و روشنی -
درششش - نشتر جسسے فصد لیتی ہین یعنی خون نکالتی ہین

دال با سے

درستشش - آراستہ کی ہوئی چیز اور درست کی ہوئی

دال با سین

دستخوشش - دستمال و قدرت و استعمال و مشق -

دستکشش - آزمایش دوست فرسودہ و تحفہ جسکو دیا ہے

دال با غین

دغلمشش - ترکی مین بمعنی سفتہ شدہ یعنی پرو دیا گیا -

دال با میم

دم کشش - جو شخص کسی دوسرے کے ساتہ ملکر گائے -

دال با واو

دوشش - شب گذشتہ اور مونڈہا -
دوششش - بازی نرد کا داؤ بتعداد دوازدہ
دودکشش - روزن ہوا ن نکلنے کا -
دور اندیشش - دور کی بات سوچنے والا آل پر خیال رکہنے والا
دورباشش - ایک قسم کے نیزہ خورد کا نام ہے جسکی نوک دو شاخہ ہوتی ہے اور بادشاہ کے سواری کے آگے چوبدار کے ہاتہہ ہوتا ہے دور ہی جاؤ اسکو دیکہا ہے الگ ہو جاتا ہے

دال با ہا

دہششش - سخاوت اور دینا و بخشنا کسی چیز کا

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف راے اور آخیر مین شین ہے

راے با الف

رامشش - نغمہ و سرود یعنی گانا جو گایا جاتا ہے
راششش - تودہ و انبار غلہ کا جو ایک جگہہ جمع ہو -

راے با حا

رخششش - وہ گہوڑا جو سفید و سرخ ملا ہوا رنگ رکہتا ہو اور نام رستم کے گہوڑے کا مجازاً ہر ایک گہوڑا -
رششش - تیرہواں روز ہر مہینے شمسی کا اور ایک قسم کا علم آہنی اور بازو جسکو عربی مین عضد کہتے ہین و مسافت

انگلیون سی آرنج تک اور فاصلہ دونو ہاتہہ کا جب آپس سے کہلے ہوئے ہون مخفف ارش۔
ریزش و ٹپکنا پانی کا اور تہوڑا برسنا بارش کا۔

راے با میم

رمش ف بہاگنا علیحدہ ہونا الگ ہونا۔

راے بانون

رنجش ف رنج کرنا دل مین کینہ رکہنا۔
رندش ف وہ لکڑی کے چہلکے جو رندہ کرنیسے گرے ہین

راے باواو

روکش ف شرمندہ کرنے والا حریف مقابل و روبرو ہونیوالا
روش ء رفتار و طرز اور باغ کے راستے۔
روزبخش ف پہلا دن قسمت دن روز اول
روپوش ف پردہ دار اور ستردار جو پردہ مین بیٹہے

راے بایای

ریزش ف ڈالنا گرانا اور زکام جو مشہور بیماری ہے
ریش ف بیای مجہول زخمی و زخم و بیای معروف داڑہی اور داڑہی کے بال اور عربی مین مرغ کے پر۔

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف زاے و راخیر مین شین ہے

زاے بابائے

زبان فروش ف بدگو و بسیار گو و یا وہ گو آدمی۔

زاے باراے

زرد گوش ف منافق و مذبذب بدکمال جو دلسی کچہہ ہو اور زبانسے کچہہ

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف سین اور اخیر مین شین ہے

سین باالف

سازش ف اتفاق محبت و یکجہتی جو دو شخصون مین ہو

سین بابائے فارسی

سپش ف کرم جو بالون مین پڑجاتا ہی یعنے جون
سپارش ف سونپنا کسیکو کسیکے ہاتہہ مین۔

سین باتاء

ستایش ف تعریف کرنا صفت کرنا سراہنا کسیکو

سین باراے

سرشت ف مشہور چیز ہے جسسے لکڑی چپکاتی ہین
سرخشش ء حصہ اور بڑا حصہ اور قسمت جو کسیکو ملے
سرجوش ف اصلی شراب یا عرق جو پہلے نکالا جائے
سرپوش ف ڈہکنا ہنڈیا یا کسی اور چیز کا۔
سرخوش ف خوشحال اور نشہ مین مستی کی حالتمین
سرزنش ف ملامت و طعنہ جو کسیکو دیا جائے
سرکش ف نافرمان و متمرد و متکبر آدمی۔
سروش ف فرشتہ اور نام ہفدہم ماہ شمسی۔
سرآغوش ف کلاہ زنانہ جو ایران مین پہنتی ہین

سین باسین

سست ریش ف احمق و نادان و بیوقوف اور جاہل آدمی

سین بافاء

سفتہ گوش۔ غلام و کنیز و مطیع و خادم و نوکر
سفارش ف کسیکی نیکی مین کوشش کرنا سونپنا۔

سین باکاف

سگالش ف فکر و اندیشہ جو کسی کام مین کیا جائے

سین بالون

سناکش ف سنان کشیدہ سنان دراز لمبی برچھی ـ

سین باواو

سولش ف براده جو سوہان سے گرتا ہے
سوزش ف جلنا آگ یا کسی اور چیز سے

سین بایا

سیاوش ف پسر کیکاؤس دامادِ افراسیاب جو آخر ناحق افراسیاب کے ہاتھ سے مارا گیا ـ
سیاه گوش ف ایک درندہ کا نام ہی کان اوسکی سیاہ ہوتے ہیں
سیاه گوش ف مرد غافل اور ناشنوا و سست و کاہل
سیم کش ف فضول خرچ جو ناحق مال خرچ کرے
سیب آرایش ف قسم سیب صفہان میں ـ
سیامنش ف نام ایک بادشاه کا ـ
سیاوخش نام پسر دوم کیکاؤس شاه ایران کا

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف
شین اور آخیر بھی شین ہے

شین باالف

شاش معرب چاچ نام شہر جسکو تاشکند کہتی ہین اور فارسی مین شاب ہندی موت ـ
شاباش ف آفرین مخفف شادباش کے لفظ کا ـ

شین بابا

شب پوش ف جامہ خواب و کلاه جو رات کو پہنکر سوئین

شین باشین

ششش ف شستہ یعنی چھ شمار عدد مین اور بضم اول شُشش پھیپھڑا

شین باکاف

شکرخش ف نمونہ کسی عمدہ چیز کا ـ

شین باہا

شہرتاش ف ہمسایہ اور ایک شہر کی رہنی والا اور ہموطن

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف
صاد اور آخیر مین شین ہے

صاد باالف

صاحب فراش ف بیمار و ناتوان جو فرش پر پڑا رہتا ہو

صاد باحا

صحرانیوش ف صحرانورد یعنے جنگل مین پھرنے والا آدمی

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف
طا اور آخیر مین شین ہے

طا باالف

طاوس عرش ف جبرئیل علیہ السلام جو مشہور مقرب فرشتہ ہے

طا بایا

طی کش ف جو شخص طی کا روزہ رکھی اور طی کا روزہ رکھنی والا تین دن کے بعد کھانا کھاتا ہے ـ
طیش سبک ہونا بیعقل ہونا خطا ہونا تیر کا نشانہ سے
طیاش ع بیہودہ آدمی پر غضب و کینہ ور آدمی

سولھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف
عین اور اخیر مین شین ہے

عین باراے

عین باراے

عرش ع تخت اور سقف یعنے چھت ہر ایک مکان کی
عریش ع کارہ دکلیہ و ہودج و نے بست جسپر انگور کی بیل چڑہاتے ہین۔

عین با شین

عشش ع آشیانہ مرغ جسمین مرغ رہتا ہے۔

عین با طاء

عطش ع تشنگی یعنے پیاس پانی کی خواہش۔
عُطاش ع ایک شدید طا بیماری تشنگی جسسے آدمی بہت پیتا ہے
عِطاش ع تشنگان یعنے بہت سے پیاسے لوگ۔

عین با میم

عمش ع بیماری ضعف البصر و اجرای اشک جسمین نظر ضعیف ہو جاتی ہے اور آنسو جاری رہتا ہے۔

عین با نون

عنان گردش ف گہوڑا پہیرنا جابجا سواری کرنا۔

عین با یاء

عیش ع خوش زندگانی کرنا آرام سے رہنا نعیم رہنا۔
عیّاش ع خوش زندگانی کرنیوالا آرام سے رہنیوالا نعیم و بیفکر ازادی

سترہوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کا اول حرف غین اور اخیر مین شین ہے

غین با الف

غاشیہ بافان ریش ف مردمان مسخرہ یعنی بہانڈ اور بہاٹ وغیرہ۔

غین با بائے

غبن فاحش ف خسارہ صریح کسی لین دین مین واقع ہو۔

غین با رائے

غرش ف آواز کرنا ہیبت دکہلانا خشم نمائی کرنا۔

غین با شین

غشّ ع کدورت جو دل مین بیٹہا ہو۔
غِشّ ع ظاہر کرنا برخلاف ارادہ دل کے اور خیانت کرنا اور چاندی سونا وغیرہ مین بہا چیز دکہوٹ ملانا اور بیہوش ہونا باستعمال لفظ کردن کے فارسی مین۔

اٹہارہوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کا اول حرف فا اور اخیر مین شین ہے

فا با الف

فاش ف آشکارا و ظاہر یعنے ہر ایک کے روبرو۔
فابیش ف مخفف فرا پیش یعنے آگے اور مقابل و روبرو۔
فاحش ع حد سے گزرنے والا اور بدی حد سے زیادہ

فا با تاء

فتش کہودنا اور جستجو کرنا تلاش کرنا کسی چیز کا۔

فا با حاء

فحش ع حد سے گزرنا بدی کا اور ارتکاب کبیرہ گناہون کا۔

فا با رائے

فِرش ع تاخت و تاراج کرنا لوٹ مار کرنا۔
فَرش ع بچھونا بساط جو بچھایا جاتا ہے۔
فراموش ف بہول چوک۔
فِراش ع جامہ خواب و فرش و بساط جو بچھایا جاتا ہے
فَراش ع پروانہ جو جانور مشہور ہی اور شمع پر گرتا ہے
فرود کش ف اترنیوالا اور مقام اترنیکا جہان کوئی اترے
فرّاش ع فرش بچھانیوالا جو فرش بچھائے۔
فروش ع بیچنے والا چنانچہ کتاب فروش و غلہ فروش وغیرہ

فا با شین

فش ف مرادف وش یعنے مانند و بمعنے شملہ دستار

و موئے یال اسپ۔
فَشافَش ع آواز سانپون کے اڑنے کی اور وہ آواز جو تیر چلانے کے وقت نکلے۔

فا با نون

فنجنوش ع لوہے کا میخ جو لوہے کی گلا نیکے وقت نکلتا ہے

فا با واو

فَوَاحِش جمع فحش یعنی بد کاریان اور کبیرہ گناہ۔

اونیسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کا اول حرف قاف اور اخیر مین شین ہے

قاف با الف

قاش ت اجزا در پہانک خربوزہ وغیرہ کی۔

قاف با رے

قُریش ع نام قوم شرفاے عرب جس قوم مین سے حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم تہے اہل اسلام مین یہہ قوم شریف شمار کیے جاتے ہین۔

قاف با رے

قزلباش ت سرخ سر نام قوم مریدشاہ اسمعیل صفوی جو سرخ تاج رکھتے تھے

قاف با شین

قشع بعد لاغری کی فربہ ہونا مفلسی سے دولتمند ہونا ترقی کرنا ایک بد حالت سے نیک حالت پر۔

قاف با لام

قلاش ع مخفف قل ما شئت یعنی بگو ہرچہ میخواہی یعنی جو کچھ تیرے دل مین تہا۔
قَلّاش ع مرد بےنام و ننگ و مفلس و بےخبر و لوند و بے عزت و بے آبرو۔

قاف با میم

قماش ع رخت و اسباب و متاع خانہ و جامہ ابریشمی و جوہر و صفت

قاف با واو

قُوش ت مرغ شکاری جو اور جانورونکا شکار کرے

بیسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کا اول حرف کاف اور اخیر مین شین ہے

کاف با الف

کاوش ف کہوج نکالنا تلاش کرنا جستجو کرنا۔
کاہِش ف کم ہونا نقصان مین پڑنا گہٹ جانا۔
کاش ف کلمہ آرزو و افسوس و نام شہر و شیشہ و آبگینہ
کاویانی درفش ف نام علم جو فریدون بادشاہ نے بنایا تہا۔
کاوریش ف احمق و بیوقوف و بے عقل و نادان آدمی

کاف با با

کبش ع گوسپند نر و میش نر شاخدار جسکو لڑاتے مین

کاف با دال

گدازش ف گلنا۔

کاف با رے

گرفش ف جلپاسہ یعنی چہپکلی جو مشہور جانور ہے
گرکش ف خبکینہ یعنی اوجڑی جا پایہ کے معدہ جانور کا۔
گرایش ف میل و رغبت و توجہ۔
گردش ف دورہ کرنا پہرنا گشت کرنا۔
گردبالش ف بہوما تکیہ جو رضائی کی نیچے رکہتے ہین۔

کاف با زے

گزارش ف ادا کرنا بیان کرنا ظاہر کرنا۔

کاف با شین

کشاکش ف کھینچ تکلیف کدورت غصہ رنجش۔
کشایش ف فراخی وکشادگی یعنی کھلنا وسعت مین آنا۔
کشمش ف کھینچ و رغبت وجذب جو کسی چیز کی نسبت ہو
کشمش ف سوکھی انگور اور داکھ سوکھی ہوئی۔
کشش ف بغل وکرد سیہ و نام شہر ماورالنہر مین
کمیش ت معلم گفتار کا فردن کی تعلیم دینے والا۔
کلش ف خوش رفتار اور اچھی چال چلنے والا آدمی۔

کاف بافا

کفش ف جوتا زیر پائی جو لوگ پاؤن مین پہنتے ہین۔

کاف بانون

کنکاش ت مشورت وصلاح جو کسی کام کے لئے آپسمین کرین
کنکش ت مشورہ وتجویز جو آپسمین کرین۔
کنش ت کینہ جو دل مین ہو
گنجایش سمائی کسی چیز کی کسی جگہہ مین ہو
کنش ف عمل وکردار وافعال جو انسان سے سرزد ہون

کاف باواو

کورنش ت جھکنا مجازاً سلام کرنا تعظیم دینا جھک جانا۔
کوکلتاش ف برادر رضاعی ودودہ کا بھائی۔
گوارش ف خوش مزگی وہضم طعام ونام دوائے مرکب نشہ لیکہ
خوش مزہ ہو جوارش اسکا معرب ہے۔
گوش ف کان مخفف گوشہ اور نام چودھوین تاریخ ماہ شمسی کا
کوشش ف سعی جو کسی کام مین کیجائے۔

کاف باہا

کینہ کش ف وہ شخص جو دل مین غصہ رکھے
کیش بیائی مجہول خوے وعادت ودین ومذہب نام
شہر جزیرہ بحر فارس ہن اور ترکش تیرون کا ونام
جامہ قسم کتان ونام جانور جسکے چمڑے کی پوستین

بناتے ہین ودرخت شمشاد۔

اکیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف لام اور اخیر مین شین ہے

لام باالف

لاش ف تاراج وہ اوعربی مین مخفف لاشی یعنی ہیچ وناچیز

لام باباء

لب چشین ف چاشنی جو کھانے مین سی چکھہ لیتی ہین۔

لام باغین

لغزش ف پھسلنا پاؤن کا برعکس ٹھیک ماند بسرکا۔

لام بانون

لنک سرکش ف ایک کشتی کے داؤ کا نام ہے۔

لام باواو

لواش ت نرم اور پتلی گیہون کی روٹی جسکو پھلکا کہتی
لوش ف بواو مجہول بےخبر وبیہوش احمق ومست وکیچ
دہن وجذامی وگل ولائی یعنی کیچڑ۔

بائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف میم اور آخر شین ہے

میم باالف

ماش ف مشہور غلہ ہے جسکو مونگ واڑ دکھتے ہین۔
مالش ف ملنا کسی کو اسکا جسم پر یا ہاتھہ ملنا افسوس کی حالت
مین علے ہذا القیاس۔
مادر آب آتش ف کنایۂ برق یعنی بجلی
مار پیکر وفش ف کنایۂ شیاے آسمان۔

مالیدگوش ف اے ہوشیار کردیئے خبردار کیا۔

میم با باء

مپیش ف الا مباش یعنے مرزمت گرا اور مت بکھیر

میم با تاء

متعطش ع تشنہ یعنے پیاسا جسکو پانی کی خواہش ہو
متفتش ع ڈھونڈنے والا جستجو و تلاش کرنے والا
متوحش ع وحشت زدہ دیوانہ وحشی بے خبر
متشرش ع مرد ریش تراشیدہ یعنے جسکی داڑھی کتری ہوئی ہو

میم با حاء

محشوش ع جلا ہوا آلودہ ہوا ہوا و مکروہ ماخوذ حش سے جسکے معنی آگ جلانے کے ہین۔

میم با خاء

مخدوش ع خراشیدہ شدہ یعنی چھیلا ہوا اور پوست اوتارا ہوا
مخرش ع چھیلا ہوا پراگندہ و پریشان ہوا ہوا۔

میم با دال

مدہوش ع متحیر و بے خبر یہ لفظ عربی ہی مستعمل فارسی مین بمعنے مست و بے ہوش۔

میم با راء

مرزنجوش و مرزنگوش اسم ریحان خوشبو دار ہندی مین اسکو دونہ کہتے ہین۔
مرتعش ع رعشہ دار و لرزان اور وہ بیمار جسکو رعشہ ہو
مرعش ع بازیگر کبوتر یعنے کبوتر بازی لگانے والا۔
مرعش ع شام مین ایک شہر ہے۔
مریش ف ریش مکن یعنی زخمی نکر صیغہ نہی ہے
مرشوش ع چکیدہ شدہ و پاشیدہ شدہ یعنی ٹپکا ہوا و گرا ہوا

میم با سین

مستوحش ع وحشت ناک جسکے دیکھنے سے وحشت پیدا ہو۔

میم با شین

مشوش ع پریشان کرنیوالا پراگندہ کرنے والا۔
مشوش ع پریشان کیا گیا پراگندہ کیا گیا۔
مشمش ع زرد آلو و خوبانی جو ایک قسم کا میوہ ہے۔
مشت و درفش کنایۂ از دشوار جسکا کرنا دشوار ہو

میم با عین

معاش ع زندگانی کرنا اور جس چیز سے زندگانی کرین یعنے دنیا
معایش ع اسباب زندگانی اور معیشت کا سامان۔
معشوش ع جمع کیا گیا کسب کیا گیا سیراب کیا گیا۔
معطش ع پیاس لگانے والی چیز۔

میم با غین

مغشوش ع خیانت کیا گیا اچھے مین ناقص ملایا گیا۔

میم با فاء

مفرش ع جامہ خواب کہتے کا مقام و بستر و فرش وغیرہ
مفروش ع فرش کیا گیا بچھایا گیا۔
مفشوش ع سست بے عقل و نادان بیوقوف آدمی
مفتش ع ڈھونڈنے والا جستجو کرنے والا۔

میم با قاف

مقدمۃ الجیش ع جو لشکر کے آگے بھیجا گیا ہو سب سے اگلا لشکر
مقیش ع تار ہای نقرہ جو جوڑے کیے گئے ہون۔

میم با نون

منقوش ع نقش کیا گیا لکھا گیا نقشہ اوتارا گیا۔
منفوش ع دھنی ہوئی روئی یا پشم نداف کی کمان سے
منقاش ع موچنہ بال اوکھاڑنے کا اور ناخن گیر۔
منش ع طبیعت و خوی انسان و عادت جو انسان کی ہو
منجوش ع ماہچہ علم یعنے پھلی کی شکل جو علم پر بناتے ہین
منیوش ع کلمہ نہی ہے یعنے مت سن کان مت رکھ

میم با واو

مُوش ف چوہا جو مشہور جانور ہے عربی مین اسکو فار کہتے ہین
مُوحِش ع مرد زن بصورت وحشت بیچے والا دیوانہ بنانیوالا-
مُوَحَّش ع وحشت دیا گیا جسکو وحشت حاصل ہوئی ہو-
مُوحِش ع اندوہگین کرنیوالا غمناک کرنے والا-

میم با ہاء

مہوش ف خوبصورت

میم با یاء

میشکوش ف نام ایک غلام کا-
میخوش ف مزہ ترش و شیرین مثلاً سکنجبین-
میش ف بہیڑی جو مشہور چارپایہ ہے-
میر آتش ف داروغہ توپخانہ و افسر آتشخانہ-
مینوش ف شراب پینے والا یعنی جسکو شراب پینے کی عادت ہو

تیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف نون اور اخیر مین شین ہے

نون با الف

ناتراش ف بے ادب سفلہ ناخواندہ بیوقوف جاہل آدمی-
ناؤنوش ف نغمہ و شراب عیش و عشرت و محفل شراب کی
نانخورش ف سالن روٹی کا جسکے ساتھ روٹی کہاتے ہین
ناعِش ع زندگی دینے والا آسودگی و آرام بخشنے والا
نازبالش ف نرم تکیہ جو امیرون کی مسند پر ہوتا ہے-
ناخوش ف غمناک اندوہگین و دلگیر آدمی-
نالش ف فریاد کرنا رونا حاکم کے آگے کسی کے ظلم سے-

نون با باء

نبّاش ع کفن دزد یعنی کفن چور جو مردون کی کفن اوتارے

نون با تاء

نَتش ع بال اوکہاڑنا یا نوچنا کانٹا نکالنا کسیکے پانو سے

نون با راء

نرمہ گوش ف کان کی لو یعنی نرم گوشت کان کے نیچے کا
نرمشیں ف بہیڑا اور سینڈہا جو مشہور چارپایہ ہے-

نون با شین

نَشِش ع سایہ درخت کا اور مقام سایہ دار جہان درخت ہون

نون با عین

نعش ع مردہ کا جسم جسکو لاش بھی کہتے ہین-

نون با قاف

نقش ع کسی چیز کی شبیہ جو اصل کے مطابق ہو اور بمعنے عام تحریر جو کسی کاغذ وغیرہ پر لکہی ہو-
نقّاش ع لکھنے والا اور نقش کرنے والا-
نُقوش ع بہت سے نقش جو لکھے ہوئے ہون-

نون با کاف

نکوہش ف سرزنش و ملامت و بدگوئی و بدکلامی
نگارش ف لکھنا نقش کرنا کاغذ وغیرہ پر-

نون با میم

نمش ع ایک بیماری کا نام ہے جسسے بدن پر سفید داغ پڑجاتے ہین-
نمکش نمک چہکنا ہنڈیا وغیرہ سے
نمایش ف دکہلاوٹ اور ظاہرداری

نون با واو

نوش ف شیرین و گوارا یعنے وہ طعام جو ذائقہ دار ہو
نوازش ف مہربانی و شفقت جو کسیکے حال پر کیجائے

نون با ہاء

نہش ف کتے اور سانپ کا کاٹنا اگلے دانتوں سے-

نون با یاء

نیائیش ف زاری کردن و آفرین و عاشنا و عجز
نیوش ف شنو یعنی سن اور سننے والا شخص
نیش ف دندان نوک دار سگ و خوک وغیرہ کے

چوبیسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کا اول حرف واو اور اخیر مین شین ہے

واو با حا

وحش ع جمع وحشی یعنے بہت سے وحشی جانور جنگلی
وحوش ع جمع وحش یعنی جمع در جمع بیشمار وحشی -

واو با خا

وخش ف نام ایک شہر کا ہے -
وخش ع نام بیماری جو چار پاؤنکو پاؤن مین ہوتا ہے

واو با را

ورزش ف ڈنڈ پیلنا کثرت کرنا کشتی کے استعمال کے لئے

واو با زا

وزش ف ہوا کا چلنا وزیدن کے بھی یہی معنی مین -

واو با شین

وشش ف خوج و بش و نظیر و مانند و نام شہر ترکستان مین و قسم بافتہ ابریشمی شملہ دستار -

پچیسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کا اول حرف ہا اور اخیر مین شین ہے

ہاے با را

ہراش ع قی استفراغ و شگوفہ جو نیا نکلے
ہراش ع کتون کو لڑنے کے لئے برانگیختہ کرنا -

ہاے با شین

ہشش ع شادان و کشادہ یعنے خوش اور کھلا ہوا
ہُش ہ مخفف ہوش جو مشہور لفظ ہے -
ہشاش ع خندان و کشادہ پیشانی -

ہاے با واو

ہوش ف زیرکی و دانائی و جان و مرگ و ہلاکت -
ہورخش ف سورج یعنے آفتاب -

چھبیسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف یا اور اخیر مین شین ہے

یا با الف

یارش قصد ارادہ جو کسی کام کے انجام کرنیکی کیا جاے

یا با تاے

یتمش ت بمعنی رسیدہ یعنے پہونچا -
یتورمش ت رسانیدہ یعنے پہونچایا

یا با واو

یواش ت اسپ کوتل و اسپ نرم رفتار نرم چلنے والا گھوڑا
یورش ت دشمن پر حملہ کرنا سواری کرنا -

چودھوان باب

ان لغات کے بیان مین جن کی اخیر مین حرف صاد ہی اور پہلے حروف برعایت حروف ہجی اپنے اپنے موقع پر بدلتی جاتی ہین

اس مین اٹھارہ فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف
الف اور اخیر مین صاد ہی

الف با با

اَبْرَص ع وہ شخص جسکے بدن پر سفید داغ ہون اور برص اس بیماری کا نام ہے ۔

الف با جیم

اِجّاص ع ایک قسم کا آلو ترش ہوتا ہے اور دوا مین مستعمل ہے ۔

الف با خا

اَخَص ع خاص تر یعنی و شخص جو کسیکے ساتھ بہت خصوصیت رکھتا ہے

اِخلاص ع دوستی محبت پیار اور دل سے چاہنا ۔

اَخْمَص ع میانہ کف پا جو زمین پر نہین لگتا ۔

اِختِصاص ع خصوصیت پانا خاص ہونا ۔

الف با سین

اِستِرخاص ع رخصت چاہنا فرصت مانگنا ۔

اِستِخلاص ع چھوڑنا رہائی دلانا کسی کو ۔

الف با شین

اَشخاص ع جمع شخص کی یعنے بہت سے لوگ ۔

الف با عین

اَعْوَص ع دشوار کرنا کام کا دشمن پر سخت گیری کرنا ۔

الف با قاف

اِقتِناص ع شکار کرنا کسب کرنا کوئی کام کرنا ۔

الف با میم

اِمتِصاص ع کمید یعنی چوسنا کسی چیز کو جسے لذت ملے

الف با نون

اَنقَص ع کمتر عیبناک یعنے بہت ناقص و ناتمام ۔

اِنقاص ع کمی ہا و عیبہا بہت سے نقصان و عیب ۔

اِنقاص ع کم کردن یعنی ناقص کرنا کمی مین ڈالنا ۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف
با اور اخیر مین صاد ہے

با با رائے

بَرَص ع بیماری کا نام ہے جسمین داغ سفید لیسا کی جسم پر پیدا ہوتے ہین

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف
تا اور اخیر مین صاد ہے

تا با حا

تَحرِیص ع رغبت دلانا برانگیختہ کرنا حرص مین ڈالنا ۔

تا با خا

تَخصِیص ع خاص کرنا اپنا بنانا کسیکو ۔

تَخَلُّص ع چھٹکارا پانا و مختصر نام شاعر کا ۔

تَخلِیص ع خلاص کرنا رہائی دینا چھوڑنا قید وغیرہ سے

تا با رے

تَرصِیص ع استوار کرنا اور قلعی سے تہہ بند کرنا کسی چیز کو ۔

تَرخِیص ع رخصت کرنا اجازت دینا کہین جانے کے لئے ۔

تَرَبُّص ع امید رکھنا توقف کرنا اور غلہ بامید گرانی کرکہہ چھوڑنا ۔

تا با شین

تَشخِیص ع معین کرنا اجارہ لینا مقرر کرنا کسی حساب وغیرہ کا ۔

تَشَخُّص ع تعین پانا معین ہونا مقرر ہونا کسی بات کا ۔

تا با فا

تَفَحُّص ع کھودنا ڈھونڈنا جستجو کرنا تلاش کرنا ۔

تا با قاف

تَقَلُّص ع اوٹہنا اور اوبہرنا اور اونچا ہونا بلند ہونا جامہ یا پانی کا اور آپسمین کہنچے جانا -

تا با لام

تَلخِیص ع خلاصہ کرنا پاک صاف کرنا اور نام کتاب علم معانی مین

تا با نون

تَنقِیص ع نقصان کرنا عیبدار کرنا زیان مین ڈالنا -
تَنصِیص ع ظاہر کرنا کسی پوشیدہ چیز کا

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف جیم اور اخیر مین صاد ہے

جیم با صاد

جَصّ و جِصّ ع عمارت کا چونہ و گچ -

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف حا اور اخیر مین صاد ہے

حا با الف

حَارِص ع حرص رکہنے والا خواہش و امید و طمع رکہنے والا -

حا با رائے

حِرص ع بے انتہا خواہش و طمع جو کسی چیز کے حاصل کرنے کے لیے ہو
حَرِیص ع بے انتہا خواہش رکہنے والا بہت سا خواہشمند آدمی اور لالچی

حا با صاد

حِصَص ع جمع حصہ کی یعنی بہت سے حصے جو بانٹے جائین

حا با فا

حَفص ع آرام کرنا او بچہ شیر درندہ اور فارغ ہونا کسی کام سے اور ابوحفص کنیت حضرت عمر بن خطاب کی تہی اور حفص نام ایک امام قرأت شاگرد امام عاصم کوفی کا تہا -

حا با میم

حِمَّص و حِمِّص ع غلہ نخود جسکو ہند مین چنا کہتے ہین -

حا با یا

حَیص بَیص ع جنگ و غوغا و شور و فتنہ و فساد و لڑائی -
حَیص ع رستے سے ایکسو پڑنا رستہ بہول جانا -
بَیص ع سختی و تنگی کی حالت اور حالت ناچاری کی

چہٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف خا اور اخیر مین صاد ہے

خا با الف

خَاص ع مشہور لفظ ہے یعنی ایک چیز یا شخص سے لگاؤ رکہنے والا -

خا با با

خَبِیص ع وہ طعام جو روغن اور خرما سے بنایا جاوے

خا با رائے

خَرص ع تخمینہ کرنا میوہ کا درخت پر اور غلہ کا زراعت پر اور جہوٹ بولنا
خُرص ع سنان یعنی برچہ نیزہ و نخل بیریاں و حلقہ زر و نقرہ -
خِرص ع شتر قوی یعنی وہ اونٹ جو فربہ اور بارکش ہو -
خَرَص ع گرسنہ ہونا بہوکہا و شکم خالی ہونا -

خا با صاد

خَصَائِص ع جمع خصیصہ خوبیاں و اثرات یعنی خوبیان یا دتین یا اثرین
خُصُوص ع خاص ہونا ایک چیز کا ایک شخص سے خصوصیت رکہنا

خا با لام

خِلَاص ع خالص و برگزیدہ و صدق محبت و بوتہ زرگران جسمین سونا چاندی گلاتے ہین -
خَلَاص ع مصدر ہے یعنی رہائی پانا اور کبہی بمعنی مفعول کے

آتا ہے بمعنی رہا و آزاد اور چھوٹا ہوا۔
خُلُوص ع سادہ و پاک ہونا اور دوستی و اخلاص جن کسیکے تئیں ہو۔

خا با واو

خواب خرگوش ف۔ تغافل و فریب و سستی و کاہلی
خَوَاص ع جمع خاص و جمع خاصہ یعنے خدمتگاران و نوکران و خادمان دربار ستاران ممتاز و مصاحب واحد کی معنی مین بھی آتا ہے یعنی ایک نوکر و خادم۔

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف دال اور اخیر مین صاد ہے

دال با لام

دِلَاص ع زرہ آہنی و روشن و تابندہ اور چمکتی ہوئی چیز

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف راے اور اخیر مین صاد ہے

راے با الف

رَاقِص ع رقص کرنیوالا ناچنے والا اور نام ستارہ کا

راے با خاے

رُخِیص ع ارزان و کم قیمت چیز جو ہر ایک کو مل جائے

راے با صاد

رَصَاص ع ارزیز قلعی رانگ جو برتن وغیرہ پر لگائی جاتی ہے

راے با قاف

رَقْص ع ناچنا کودنا حالت وجد مین یا کسی اور حالت مین
رَقَّاص ع ناچنے والا یعنے جو شخص حالت وجد وغیرہ مین ناچے جسطرح فقرا سرود سنکر رقص کرتے ہین۔

راے با میم

رَمَص ع سفید چرک جو آنکھ سے نکلتا ہے۔

راے با ہاے

رَہَص ع بیخ و بنیاد اور ابتدا و آغاز۔
رَہْص ع بنیاد دیوار و سنگریزہ یعنے کنکر۔

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف سین اور اخیر مین صاد ہے

سین با الف

سَامِ اَبرَص ع گرفش جسکو چلپاسہ کہتے ہین

سین با واو

سُوْرَہِ حَمَّاص ع نام سورت قرآن شریف کا۔

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف شین اور اخیر مین صاد ہے

شین با الف

شَاخِص ع حیران اور کھلی آنکھہ والا متحیر آدمی۔

شین با خاے

شَخْص ع کالبد و جسم انسان کا مجازاً ہر ایک آدمی
شُخُوص ع ظاہر ہونا و برو آنا باہر آنا نکلنا۔

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف عین اور اخیر مین صاد ہے

عین با صاد

عُصْعُص ع استخوان مابین ہر دو سرین جو قریب مقعد کے ہین

عین با فا

عفص ع ایک دوا کا نام ہے جسکو مازو کہتے ہین۔

عین با میم

عمر خاص ع لقب جرجیس پیغمبر کا جو چند بار کفار کے ہاتھ سے قتل ہوکر پہر زندہ ہوا تھا

عمر عاص ع نام صحابی پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کا جو ضعیف ہوکر دوبارہ جوان ہوا تھا۔

عین با واو

عوص ع دشواری و سختی و تنگی و حالت معذوری۔

عویص دشوار و مشکل و سخت و تنگ۔

عین با یا

عیص ع درخت بہت پیچیدہ اور انبوہ اور نام اسحاق کے بیٹے کا جسکی اولاد سے رومی لوگ ہین

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف غین اور آخیر مین صاد ہے

غین با الف

غائص ع غوطہ مارنے والا پانی مین غواص کے بھی یہی معنے ہین۔

غین با با

غبن فاحش ع خسارہ صریح اور نقصان زیادہ جو ظاہر معلوم ہو

غین با صاد

غصص ع یہہ لفظ جمع غصہ کی ہے جسکے معنے غضب کے ہین

غین با میم

غمص ع ترنا کہ یعنی چرک چشم یعنی پیپ چشم اور آنکھہ کا میل

غموص ع قلعہ ... ایک قلعہ کا نام ہے۔

غین با واو

غوص ع پانی مین غوطہ لگانا اسکا فاعل غواص ہے۔

غوّاص ع غوطہ لگانیوالا پانی مین۔

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف فا اور آخیر مین صاد ہے

فا با حا

فحص ع ڈھونڈنا تلاش کرنا جستجو کرنا۔

فا با رے

فرص ع جمع فرصت جسکے معنی مہلت کے ہین

فا با صاد

فصّ و فصّ ع نگینہ جو انگشتری پر لگایا جاتا ہے

فصوص ع جمع نگینہ کا اور نام کتاب مصنفہ محی الدین عربی

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف قاف اور آخیر مین صاد ہے

قاف با با

قبص ع ناخن سے پکڑنا کسی چیز کا اور چٹکی بھرنا

قبص ع درد شکم و درد جگر و شادمانی و بزرگی۔

قبص ع خوش و مسرور جسکو کوئی غم و فکر نہو۔

قاف با رے

قرص ع ٹکیا اور گول چیز اور روٹی اور ہر چیز مدور

قاف با صاد

قصص ع جمع قصہ یعنے بہت سے قصے اور کہانیان

قَصَص ع قصہ کرنا کہانی کہنا یہہ لفظ مصدر ہے -
قِصَاص سزا جو عوض گناہ کے مجرم کو دیجائے
قَص ع سینہ کی ہڈی اور کترنا اور کاٹنا کسی چیز کا

قاف با لام

قَلُوص ع شتر مادہ جوان یعنی اونٹنی جو نو عمر ہو

قاف با نون

قَنَص ع شکار کرنا دام رکہنا جال پہیلانا -

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف لام اور آخیر مین صاد ہے

لام با صاد

لِص ع دزد و سارق جو کسی کا مال چورائے
لُصُوص ع دزدان و سارقان یہہ لفظ جمع لص کی ہے

سولہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف میم اور آخیر مین صاد ہے

میم با تا

مُتَفَحِّص ع کہودنے والا جستجو کرنیوالا تلاش کرنیوالا -
مُتَخَصِّص ع خصوصیت رکہنے والا کسی چیز سے -

میم با جیم

مُجَصَّص ع ٹہرایا گیا گچ کیا گیا -

میم با حا

مَحِیص ع خلاصی پانا خلاص کرانا اور پہرنا -
مُحَرِّص ع حرص مین ڈالنیوالا طمع مین ڈالنیوالا -
مُحَرَّص ع حرص مین ڈالا گیا طمع مین ڈالا گیا

میم با خا

مُخَصَّص ع خاص کیا گیا درست بنایا گیا -
مَخْصُوص ع خاص کیا گیا علاحدہ کیا گیا اپنی واسطے -
مُخْلِص ع اخلاص کرنیوالا محبت کرنے والا -
مُخْلَص ع خالص کیا گیا صرف کیا گیا -
مُخْلَص ع جاے اخلاص محل دوستی و رفاقت و محبت -

میم با رے

مَرْصُوص ع استوار کیا گیا محکم و مضبوط کیا گیا -
مُرَخَّص ع رخصت کیا گیا علاحدہ کیا گیا روانہ کیا گیا کسیطرف کو

میم با سین

مُسْتَخْلَص ع خلاص کیا گیا رہا کیا گیا -

میم با شین

مُشَخَّص ع تشخیص کیا گیا اندازہ کیا گیا مقرر کیا گیا -

میم با صاد

مَص ع مکیدن یعنی چوسنا لڑکے کا پستان کو دودہ کے واسطے یا صرف چوسنا کسی چیز کو -
مَصُوص ع مرغ بریان جو گرم مصالحہ ڈالکر سرکہ مین چہوڑ دیا جاے تاکہ ترش و ذایقہ دار ہوجائے -

میم با غین

مَغْص ع پیچش شکم و نافہ کی جو ایک بیماری نافہ کی شکم مین ہوتی

میم با قاف

مُقْتَنِص ع شکار کرنیوالا قید کرنیوالا کسب کرنے والا
مِقَص ع وہ رسی جسی دودہ دہنیکے وقت چارپا کی پانو باندہتے ہین
مِقْنَص ع گہوڑے کی باگ ڈور جسے اوسکو باندہتے ہین -

میم با لام

مُلَخَّص ع پاک و خلاصہ و خالص کیا گیا درست بے عیب بنایا گیا -

میم با نون

مَنَاص ع بھاگنا پیچھے ہٹنا اور گریزگاہ -

مَنْصُوص ع جو بات آیت و حدیث سے ثابت ہو چکی ہو -

مَنْقُوص ع ناقص کیا گیا کم کیا گیا -

مُنَغَّص ع مکدر و تیرہ و ناخوش و خراب -

ستر ہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف نون اور آخیر مین صاد ہے

نون با الف

نَاشَخَّص ع [illegible] و ناسپید وہ نص ہو ایک [illegible] -

نَاقِص ع کم ہونا [illegible] اور [illegible] جس کے [illegible] -

نون با صاد

نَصّ ع بلند کرنا تحقیق کرنا ظاہر کرنا و آیات قرآنی جو ظاہر و ممتاز کرنے والا [illegible] کو -

نُصُوص ع جمع نص کی یہ لفظ ہے -

نون با قاف

نَقْص کم ہونا کم کرنا یا نقصان مین ڈالنا یا پڑنا

نون با کاف

نُکُص ع [illegible] یا خوف مین [illegible] ہونا -

نون با میم

نَمَص ع بال چکنے ہونا [illegible] -

اٹھارہوین فصل

اون [illegible] بیان مین جن کی اول حرف واو اور آخیر مین صاد ہے

واو با باء

وَبِيص ع درخشیدن یعنی چمکنا روشن ہونا جلوہ دینا -

واو با قاف

وَقَّاص گردن توڑنے والا و حنیکچو و نام ایک صحابی کا اصحاب محمد صلے اللہ علیہ وسلم سے -

پندرہوان باب

اون لغات کے بیان مین جن کی اخیر مین حرف ضاد ہے اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی اپنے اپنے موقع پر بدلتی جاتی ہین اس مین چبیس فصلین ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف الف اور اخیر مین ضاد ہے

الف با تاء

اَبْيَض ع سفید رنگ مجازاً تلوار و چاندی وغیرہ سفید چیزین

الف با حاء

اَحْمَض ع ترش مجازاً ناخوش و دشوار و نامطبوع -

الف با راء

اِرْمِض ع گرم ریگ سے جلنا کسی عضو وغیرہ کا -

اَرْض ع زمین جسکو ہند مین دہرتی کہتے ہین -

الف با عین

اِعْرَاض ع منہہ پہیرنا روگردانی کرنا انکار کرنا کسی سے

اَعْرَاض ع متاع و بیماریہا یعنی بہت سے اسباب بیماریان -

اِعْتِرَاض ع آگے آنا درمیان آنا حایل ہونا دو چیزون مین

اِعْتِيَاض ع عوض دینا بدلہ دینا کسی کو -

الف با غین

اِغماض ع چشم پوشی کرنا آسان پکڑنا عیب پوشی کرنا۔

الف با میم

اَمراض ع بیماریان جسمی مثل تپ وغیرہ۔

الف با نون

اِنقباض ع گرفتگی یعنے پکڑا جانا قبض مین آنا۔

اِنتقاض ع شکستگی عہد یعنی عہد توڑنا اقرار سے پھر جانا۔

اِنتہاض ع اوٹھنا اور کوچ کرنا رحلت کرنا۔

اِنقراض ع کاٹا جانا آخر ہونا مدت کا جو مقرر ہو۔

اِنخفاض ع نشیب مین پڑنا اور کسرہ ہونا کلمہ کا۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف
با اور اخیر مین ضاد ہے

با با عین

بعوض ع یعنے مچھر جو مشہور زہریلا جانور ہے۔

بعض ع ٹکڑا یا جزو یا حصہ کسی چیز کا۔

با با غین

بغض ع کینہ و دشمنی و عداوت جو کسی سے ہو۔

با با یا

بیض ع جمع بیضہ تخمہائے مرغ۔

بیض ع سفید رنگ کی عورتین اور ہر چیز مؤنث جو سفید ہو جمع بیضا و نام تاریخ سیزدہم و چاردہم و پانزدہم ہر ایک مہینے قمری کا جسمین تمام رات کا چاند ہو۔

بیلش قبض ف ایک ہتھیار کا نام ہے جو کمر سے باندھتے ہین

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف تا
اور اخیر مین ضاد ہے

تا با با

تباغض ع باہم بغض و عداوت رکھنا دشمن ہونا۔

تا با را

تراض ع راضی ہونا اصل مین تراضی تھا۔

تا با عین

تعریض ع سخن کہنا آگے ناعرض کرنا محبت ظاہر کرنا۔

تعرّض ع پیش آنا مزاحم ہونا محبت ظاہر کرنا۔

تا با فا

تفویض ع سپرد کرنا اپنا کام کسی پر چھوڑنا پھر دیا کرنا۔

تا با میم

تمارض ع اپنے آپ کو بیمار ظاہر کرنا ایسی حالت مین کہ بیمار نہ ہو۔

تا با نون

تناقض ع ایک دوسرے کی ضد ہونا مخالف ایک دوسرے کا ہونا۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف
حا اور اخیر مین ضاد ہے

حا با الف

حامض ع ترش یعنے کھٹا مزہ اور وہ چیز جو کھٹا مزہ رکھے

حا با را

حرض ع بیماری اور غم جو عشق سے ہو و سست و فاسد بدن و مرض مہلک و فساد مذہب و فساد عقل۔

حا با ضاد

حضیض ع پستی و نشیب یعنے وہ زمین جو پست ہو۔

حُفحُض ع ایک تلخ دوا کا نام ہے جسکو رسوت کہتے ہین

حُضُض ع ناز دا زنیا

حا با میم

حَمَض ع ترشی یعنے کہٹا مزہ

حُمّاض ع ایک ترش ترکاری کا نام ہے

حا با یا

حَیض ع وہ خون جو عورت کو ہر مہینے آتا ہے

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف خا اور اخیر مین ضاد ہے

خا با الف

خَافِض ع نام خداوند تعالی اور معنی خوار کرنیوالا جابر کا اور ڈالنیوالا اور حرکت کسرہ کی دینے والا

خا با فا

خَفض ع ڈالنا کسیکو اوسکے رتبہ سے اور کہتے دنیا کیو تین آسانی وعیش وعشرت ونرم رفتاری

خا با واو

خَوض ع پانی مین غوطہ لگانا کسی چیز مین فکر کرنا

چہٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف راے اور اخیر مین ضاد ہے

را با الف

رَائِض ع گہوڑے کو ریاضت سکہلانیوالا یعنے چابک سوار

رَابِض ع قلعہ دار و حاکم قلعہ جسکا کسی جگہہ پر اختیار ہو

راے با با

رَبَض ع دیوار شہرپناہ وحصار قلعہ

رُبُض و رُبْض ع زنان خانہ مثل زوجہ وہمشیرہ ومادر وغیرہ

راے با فا

رَفض ع چہوڑنا ترک کرنا علیحدہ ہونا کسی رفیق کی رفاقت سے

راے با کاف

رَکض ع پانو ہلانا گہوڑا دوڑانا تیز رفتاری کرنا

راے با واو

رَوض ع جمع روضہ بہت باغ اور گلستان میوہ دار

رَوافِض ع جمع رافضی کی معنے اسکے چہوڑنے والے اہل سنت تو شیعہ کو رافضی کہتے ہین اسواسطے کہ اونہون نے رفاقت امام زید شہید کی عین دشمن کے مقابلہ کے وقت چہوڑ دی

راے با یا

رِیاض ع جمع روضہ بہت سے باغ اور چمن

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف شین اور اخیر مین ضاد ہے

شین با قاف

شَقِّ نقیض ع صورت وطرز وطریق

شین با یا

شیاف ابیض ع نام اودیہ چشم جو مرکب ہوتی ہے

آٹہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف صاد اور اخیر مین ضاد ہے

ضاد با یا

ضیاء الارض ع رنگریز زمین کا یعنے آفتاب جسکے نمودار ہوتے ہی زمین روشن ہو جاتی ہے۔

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف عین
اور اخیر مین ضاد ہے

عین با الف

عارض ع رخسار و پیرا الفوج کا پتی و سپیدار اور وہ چیز جو کسی چیز کے ساتھ لاحق ہو و رخسارہ و ابر پراگندہ و مطلق ابر۔

عین با را

عرض ع ظاہر کرنا اور چوڑان کسی چیز کی اور اسباب گھر کا و ملامت و دیوانگی۔

عرض ع وہ چیز جو دوسری چیز کے وسیلہ سے قائم ہو جسطرح رنگ کپڑے کا اور حروف کا غذ پر پس جامہ و کاغذ جوہر ہے اور حروف و رنگ عرض و نیز بیماری و رنج جو بسبب کسی اور بیماری کے حادث ہو جسطرح درد سر بسبب تپ کے یا تپ بسبب کسی درد کے۔

عروض ع علم جو موزونی نظم کا شاعری کا علم۔

عریض ع چوڑا اور نام ایک بحر کا شعر مین۔

عین با واو

عوض ع بدلہ جو کسی چیز کے بدلے مین لیا یا دیا جائے

عوارض ع جمع عارضہ یعنے بیماریان۔

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف غین
اور اخیر مین ضاد ہے

غین با الف

غامض ع گہرا و پیچیدہ عمیق کنوا یا دریا کا پانی یا کوئی مغاک

غین با راے

غرض ع ہدف و نشانہ و مطلب و مقصود و حاجت۔

غین با ضاد

غضض ع چشم پوشی کرنا آواز کم کرنا تحمل کرنا نقصان اوٹھانا

غین با میم

غمض ع زمین پست و مغاک و پوشیدہ و دور سمجھنے سے۔

غمض ع غنودگی مین آنا سونیکے لیے آمادہ ہونا۔

غموض ع پوشیدگیہا و مشکلات وغیرہ علوم جو حل طلب ہون

غین با واو

غوامض ع پوشیدہ معانی و رموز باریک جو حل طلب ہون

غین با یا

غیض ع تھوڑا پانی و غصہ و اندک و تھوڑا و بیشہ و جنگل۔

غیض ع شگوفہ تازہ جو درخت سے نکلا ہو۔

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف فا
اور اخیر مین ضاد ہے

فا با الف

فائض ع فیض دینے والا فائدہ پہونچانے والا۔

فا با راے

فرض ع تعین کرنا وقت و اندازہ کا و حکم خدا جسکی لیے نص الٰہی تعلق ہو

فرائض ع خدا کی عبادت جسکا ادا کرنا فرض عین ہو جمع فریضہ و نام علم تقسیم میراث جسکی روسے ورثہ تقسیم ہوتا ہے۔

فا با یاے

فیض ع بہنا پانی کا اور زیادہ ہونا نیکی کرنا کسی کے ساتھ

قبوض ع جمع قبض کی یعنی بہت سی نیکیان۔
فیاض ع فیض پہونچانیوالا نیکی کرنے والا شخص

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف قاف اور آخیر مین ضاد ہے

قاف با الف

قابض ع قبضہ کرنے والا اپنے قبضہ مین لانے والا۔

قاف با با

قبض ع درد و گرفتگی کہ یعنی [illegible] اور حبس شکم کی۔
قبض ع پکڑنا اپنے قبضہ مین لانا

قاف با را

قرض ع وام و اسکا ادا جو اپنے ذمہ ہو۔
قریض ع شعر یعنی کلام منظوم
قرب فرائض ع وہ قرب جو سبب فرائض کے حاصل ہو۔

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف میم اور آخیر مین ضاد ہے

میم با با

متعرض ع [illegible] ہونیوالا سوالی

میم با حا

محرض ع [illegible] والا [illegible] اٹھانے والا۔
محرض ع [illegible] گیا [illegible] گیا کسی بات پر۔
محیض ع حیض کی حالت مین جو عورت ہو۔
محض ع خالص اور صرف۔

میم با خا

مخیض ع دوغ جیسے مسکہ نکال لیا ہے
مخاض ع درد زہ یعنی درد جننے کا و شیر مادہ حاملہ و بچہ شتر دو سالہ اور کسی کام مین آنا اور مقام آنے کا۔

میم با را

مرتاض ع ریاضت کرنیوالا محنتی آدمی مشقت کرنیوالا
مربض ع جای گوسپندان جہان بکریان رہتی ہون
مروض ع ریاضت دیا گیا محنت و مشقت دیا گیا
مروض ع ریاضت دینے والا محنت [illegible] پہونچانیوالا
مریض ع ریاضت دیا گیا محنت [illegible] اٹھایا گیا۔
مرض ع بیماری جو کسی قسم کی کسیکو لاحق ہو۔
مریض ع بیمار دکھیا جو کسی بیماری مین مبتلا ہو۔

میم با سین

مستفیض ع فیض پایا گیا فائدہ پہونچایا گیا۔

میم با عین

معراض ع تیر بے پر جسکو تیر گز کہتے ہین
معرض ع ظاہر کرنے کی جگہ عرض کا مقام۔
معارض ع جھگڑنے والا اعتراض کرنے والا۔
معترض ع اعتراض کرنے والا جھگڑنے والا۔
معروض ع عرض کیا گیا بیان کیا گیا۔
معرض ع روگردانی کرنے والا پیٹھ پھیرنے والا

میم با فا

مفروض ع فرض کیا گیا اندازہ کیا گیا مقدار ٹھہرایا گیا۔
مفوض ع سپرد کرنیوالا کوئی چیز کسیکے حوالے کرنیوالا۔
مفیض ع فیض پہونچانیوالا فائدہ دینے والا۔
مفوض ع سپرد کیا گیا یعنے وہ چیز جو سپرد کی گئی ہے۔

میم با قاف

مقبوض ع قبضہ کیا گیا اپنے تحت مین لیا گیا۔
مقروض مقروض کیا ہوا یعنے کتری ہوئی چیز۔

مُقرُوض ع قرضدار جسے کسیکا قرض دینا ہو۔
مِقراض ع کاٹنے کا آلہ قینچی جسکو کہتے ہین

میم با نون

مُنقرِض ع کٹ جانیوالا الگ ہو جانیوالا
مُنخفِض ع نشیب مین پڑنے والا پست ہونیوالا۔
مُنقبِض ع تنگ باندھا ہوا قبض کیا ہوا۔
مُناقِض ع توڑنیوالا اور مخالف اور دشمن۔

چودھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکو اول حرف نون
اور آخیر مین ضاد ہے

نون با الف

ناقِض ع پھاڑنیوالا ہلانیوالا اور تپ لرزہ جو بخار کسیکا نام ہے
ناھِض ع بچہ پرند کا جو اوڑنے لگے اور پر دار ہو جاے

نون با با

نبّاض ع نبض دیکھنیوالا طبیب و معالج انسان کا۔
نبض ع رگ متحرک یعنے وہ رگ جو جنبش کرتی ہو۔

نون با فا

نفض ع جھاڑنا لرزہ مین آنا کانپنا۔

نون با قاف

نقض ع توڑنا کسی [illegible] چیز کا دشمنی و عداوت کرنا۔
نقیض ع توڑنیوالا عہد و اقرار کا مخالف دشمن۔

نون با ہا

نہوض ع کوچ کرنا روان ہونا اوٹھنا ایک مقام سے

سولھوان باب

اون لغات کے بیان مین جن کی آخیر مین حرف طا ہے
اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی اپنے اپنے موقع پر بدلتے جاتے ہین اسمین بیس فصلین ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف الف
اور آخیر مین طا ہے

الف با با

اِبط ع بغل۔

الف با حا

احتیاط ع حافظہ کرنا دور رہنا لینا [illegible] تامل کرنا۔

الف با خا

اِختلاط ع ملانا ملنا پیار کرنا محبت و دوستی کرنا۔
اَخلاط ع جمع خلط اور نام شہر کا روم مین۔

الف با را

ارتباط ع ربط دینا ایک چیز کو دوسرے کے ساتھ ملانا گانٹھنا۔

الف با سین

اسباط ع جمع سبط اولاد کو دہتے اور گروہ ہجوم قوم
استنباط ع بات سے بات نکالنا کھینچنا بات کی مغز کو پہونچنا۔
اسقاط ع ڈالنا دور کرنا حمل کا اور خطا کرنا گنوانا۔

الف با شین

اشتراط ع شرط کرنا سبب نکالنا کسی بات مین۔

الف با غین

اغلط ع بہت غلط جو صحیح نہو یعنے عیب دار۔
اغلاط ع غلط کرنا نادرست و عیب دار کرنا۔
اَغلاط ع جمع غلط کے غلطیان بہت سے نادرستیان

الف با فا

افراط ع زیادہ کرنا بڑھانا کسی چیز کو۔

افراط ع بہت سی زیادتیاں اور ترقیاں -

الف با قاف

اقط ع پنیر جو دہی کو خشک کر کے بنایا جاتا ہے اور
نمک وغیرہ ڈالکر ان خورش بناتے ہین قرت اور
کشک بھی اوسکو کہتے ہین -

الف با لام

التقاط ع بیدان پڑی چیز اوٹھانا اور جمع کرنا کسی چیز کو -

الف با نون

انبساط ع کشادگی فراخی کشادہ روئی خوشی اور فرحت و فارغبالی
انحطاط ع [illegible] یا کسی چیز کا [illegible] آنا سوقین یا گاڑا النا
پشت مین [illegible] پیدا [illegible]
انحطاط ع نیچے اوترنا کم ہونا کم درجہ و کم قدر رہنا -
انضباط ع ضبط کرنا مستحکم کرنا -
انباٹ نفط [illegible] درخت ہے جو بارود سے بھر کر دشمنو پر
پھینکتے ہین اور دشمنونکو وہ جلا دیتا ہے -

الف با واو

اواسط ع جمع اوسط جسکے معنی درمیان کے ہین -

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف با
اور اخیر مین طا ہے

با با الف

باسط ع فراخی دینے والا نام خدا کے نامو مین سے ہے
جو ہر ایک کو رزق مین فراخی دیتا ہے -
باد شرطہ [illegible] ہوا موافق جس سے جہاز بامراد چلین -

با با را

بربط ف ایک ساز کا نام ہے جو طنبورہ کی طرح ہوتا ہے اور آواز
اوسکی نہایت مطبوع ہوتی ہے -

با با سین

بسط ع فراخی دینا بچھانا پھیلانا کسی چیز کو -
بسط ع بچھانا -
بساط ع فرش [illegible] میدان [illegible]
[illegible] لفظ [illegible]
[illegible]
بسیط ع فراخ اور بچھا ہوا اور ہر چیز جو غیر مرکب ہو اور
جزو اوسکا کل کے ساتھ تشبیہ تامہ رکھتا ہو جیسے آگ پانی
خاک ہوا اور نام ایک بحر کا جو نظم سے -
بسائط ع جمع بسیط اور مجازا اربع عناصر -

با با طا

بط ع نام جانور معروف و مجازا صراحی شراب -

با با لام

بلوط ع نام درخت ہے جسکو سیتا و سپاری کہتے ہین -

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف
تا اور اخیر مین طا ہے

تا با با

تبسط ع فراخی دینا کشادگی مین لانا پھیلانا بچھانا کسی چیز کو -

تا با خا

تخلیط ع ملانا بیچ مین جو مونھہ کو سخن سازی کرنا -

تا با سین

تسلط ع ہاتھ ڈالنا غلبہ کرنا غالب ہونا کسی پر قابض ہونا -

تا با فا

تفریط ع کوتاہی و کمی کرنا ضائع کرنا نا درست کرنا -

لقط ع احمقین حقائق ہی انکا کہ بایات کو مانا

تا با نون

نشیط ع خوش کرنا اور خوشی کرنا خوشی سے معلوم ہونا

تا با واو

توسط ع میانہ روی واعتدال نہ زیادہ نہ کم

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف ثا اور اخیر مین طا ہے

ثا با را

ثرط ع ریشہ جو مشہور ہے اور دو لکڑیونکو جدا اوس سے جوڑتے ہین

پانچوین فصل

اون لغات کی بیان مین جنکے اول حرف حا اور اخیر مین طا ہے

حا با با

حبط ع ناچیز ہونا معدوم ہونا ضائع ہونا نابود ہونا

حبوط ع ناچیز ونابود ہونا ضائع ہونا۔

حا با نون

حنوط ع وہ خوشبو جو چند خوشبو ملا کر مردہ کو ملتی ہین

حناط ع گندم فروش وخوشبو فروش یعنے عطار

چھٹی فصل

اون لغات کی بیانمین جنکے اول حرف خا اور اخیر مین طا ہے

خا با با

خبط ع پریشانی عقل کی جنون کے ساتھ مجازاً دیوانگی ونادانی

خباط ع دیوانگی وجنون ونادانی واحمقا پن۔

خا با را

خراط ع لکڑی کو چرخ پر چڑہا کے بنانے والا اور کمان

خرط ع لکڑی چھیلنا اور ہر چیز تراشی ہوئی اور صفائی دینا لکڑی کو

خرنیط ع بطہ کلان نر مرغابیہ واحمق وبیوقوف ونادان۔

خا با طا

خط ع لکھنا اور لکھا ہوا کاغذ جو مشہور لفظ ہے۔

خطوط ع جمع خط کی یعنے بہت سے لکھے ہوئے کاغذ۔

خا با لام

خلط ع ہر چیز ملی ہوئی اور ایک خلط منجملہ چار جسم کی خلطونکی یعنے دم وبلغم وصفرا وسودا۔

خلط ع آپس مین ملانا دو یا بہت سی چیزونکو یکجا کرنا۔

خلیط ع شریک وسہیم وانباز اور ملا ہوا۔

خا با میم

خمط ع درخت اراک یعنے پیلو جسکو بقدر نخود میوہ لگتا ہے اور ہر چیز جو ترش وتلخ ہو ودرخت خاردار

خا با یا

خیاط ع سوزن یعنے سوئی جس سے کپڑا سیتے ہین

خیاط ع درزی کپڑے سینے والا شخص۔

خیط ع رشتہ یعنی تاگا جو سوئی مین ڈالتے ہین۔

ساتوین فصل

اون لغات کی بیان مین جنکے اول حرف را اور اخیر مین طا ہے

را با با

رباط ع مسافرخانہ سرائے جہان مسافر آرام کرین

رباط ع وہ چیز جس سے کسیکو باندہ لین مجازاً رسی وغیرہ

رابطہ ع پیوند اور پیوستگی و ملاپ و الفت وگرہ -

راے با واو

روابط ع جمع رابطہ یعنے بہت سے پیوند اور توسل ہاہی

راے با یا

ریطہ ع چادر ایک پاٹ کی جسکو دوسرا پاٹ نہ لگے

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف سین اور اخیر مین طا ہے

سین با الف

ساقط ع افتادہ و ناکس و فرومایہ و کمینہ و بے قدر

سین با با

سبط ع [illegible] اولاد کو دوسرے خویش قبیلہ یعنی رشتہ دار

سبط [illegible] بال [illegible] ہون یعنی کھلے ہوی بال اور جو [illegible] لغین -

سین با خا

سخط [illegible] ناپسند و [illegible] وخراب -

سخط [illegible] جوش طبیعت کا -

سین با را

[illegible] پالودہ جو میدہ کا بنا کر [illegible] ملا کر بیتے ہین -

[illegible] اقرار نامہ جو مشہور لفظ ہے -

سین با قاف

سقط [illegible] پایہ کا مرجانا اوسکا [illegible] نو مہینے سے اول -

سقط [illegible] حساب [illegible] مین غلطی کہانا -

سقراط [illegible] سقراط [illegible] جو مشہور کیرا ہی اور [illegible]

سقراط ع نام حکیم یونانی جو بڑا فاضل و طبیب تہا

سین با میم

سمط ع مروارید جسکو ہندی مین موتی کہتے ہین -

سموط ع موتیون کی لڑیان یعنی سلکہای مروارید

سم الخیاط ع سوراخ سوزن جسمین تاگا ڈالا جاتا ہے

سماط ع صف و دسترخوان و سفرہ و قطار و جماعت

سین با واو

سوط ع تازیانہ اور تازیانہ سے مارنا کسی کو -

سین با یا

سیاط ع تازیانہ ہا یعنے بہت سے تازیانے -

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف شین اور اخیر مین طا ہی

شین با با

شباط ع نام ماہ رومی تقریبا ماہ بہاگن جو اخیر شمسی مہینہ ہے

شین با طا

شتر غلط ف کشتی کا داو جسمین حریف کو پہلو پلٹا دیتے ہین

شین با را

شرط ف با موافق و نشان و علامت اور نشتر مارنا و سطح [illegible]

شرط ف لازم کرنا کسی چیز کا اور عہد و پیمان با ہمی -

شرط نشان و علامت جو کسی قایم کیا جاے -

شین با طا

شط ع رود اور کنارہ دریا و ندیکا یا پانی کا کنارہ

شطط ع اندازہ سے گذرنا ظلم کرنا حد سے بڑہنا دست درازی و زبردستی کرنا -

شین با واو

شوط ع دوڑنا گشت کرنا دورہ کرنا تیز چال چلنا -

شین با یاء

شبر غلط ۔ ایک کشتی کا داو ہے۔

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف صاد اور اخیر مین طا ہے

صاد با رے

صروط ۔ عرادہ اور وہ پانچ دفعہ سیر ہوگا اور ہر ایک آدھ سیر کا

صاد با لام

صلیطی ۔ چار گوشہ یعنی اس شکل پر + یعنی صلیب کی شکل

گیارھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف ضاد اور اخیر مین طا ہے

ضاد با الف

ضغاط ۔ ایک بیماری کا نام ہے اور وہ ایک درد ہوتا ہے جس سے بیمار جانتا ہے کہ اوسکے عضو کو کوئی کھینچ رہا ہے اصل معنے اسکے کھینچ لینے والا۔

ضاغوط ۔ ایک حالت ہے اور خواب مین انسان ایسا جانتا ہے کہ اوسکے گلے کو کوئی گھونٹتا ہے۔

ضابط ۔ ضبط کرنیوالا گھونٹنے والا پنجہ مین لینے والا اپنے قبضے مین کرنے والا۔

ضاد با را

ضراط ۔ تیز اور وہ ریح جو ذیجان کی مقعد سے بآواز نکلے ہندی پاد اوسکو کہتے ہین۔

ضاد با واو

ضوابط ۔ جمع ضابطہ کی بہت سے دستور و طریق

بارھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف عین اور اخیر مین طا ہے

عین با ضاد

عضرفوط ۔ جانور آبی مشہور ہے جسکو ... کہتے ہین

تیرھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف غین اور اخیر مین طا ہے

غین با الف

غائط ۔ سرگین آدمی و زمین پست جہان ... کو لاے

غین با لام

غلط ۔ خطا اور خطا کرنے والا اور ... کیا گیا اور بھولنا تحریر و حساب وغیرہ مین یا بہلانا کسی جگہ سے۔

چودھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف فا اور اخیر مین ــــ ہے

فا با را

فرط ۔ زیادتی و غلبہ و ترقی جو کسیکو حاصل ہو۔

پندرھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف قاف اور اخیر مین طا ہے

قاف با را

قرط ۔ گوشوارہ اور فرد لیجانا آواز گلے مین

قرواط ۔ سفینہ و کشتی و تشک جرمین جسکو ہونگ کہ پانی پر تیرتے ہین ہرنا سے بی اوسکو کہتے ہین ۔

قاف با سین

قسط ۔ داد و عدل و حصہ و نصیب اور پارہ ہر چیز کا ۔
قسطاط ۔ ظلم و جور و تعدی و زبردستی کرنا کسی سے ۔
قسط ۔ نام چوب جسکو کُٹ کہتے ہین ۔

قاف با طا

قطاط ۔ کسی سخت چیز کو کاٹنا اور بٹنے بس ۔
قطط ۔ گربہ نر یعنے بلّا جو مشہور جانور ہے ۔
قط و قطا ۔ ہرگز و ہمیشہ ۔

قاف با میم

قماط ۔ وہ کپڑا جسمین نوزاد لڑکے کو لپیٹ لیتی ہین ہندی پوتڑا

قاف با نون

قنوط ۔ ناامید اور ناامید ہونا کسی سے ۔

قاف با یا

قیراط ۔ وزن نیم دانگ یا چار جو کا وزن ۔

سولہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف لام اور اخیر مین طا ہے

لام با قاف

لقیط ۔ وہ بچہ جو راستہ مین گرا ہوا اوٹھایا ہو ۔

لام با واو

لوط ۔ نام پیغمبر کا جسکی قوم کی شہر آسمان پر لیجا کر اولٹا دیے گئے

سترہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف میم اور اخیر مین طا ہے

میم با با

مبسوط ۔ فراخ کیا گیا اور نام کتاب علم فقہ جو مشہور ہے

میم با تا

متسلط ۔ چھوڑا گیا اور وہ شخص جسپر ہاتھ ڈالا گیا ہو ۔
متسلط ۔ غلبہ کرنیوالا کسی پر ہاتھ ڈالنے والا ۔
متساقط ۔ فرو ریزندہ یعنی ٹپکنے والا گرنے والا ۔

میم با حا

محاط ۔ احاطہ کیا گیا گھیرا گیا چار طرف ۔
محتاط ۔ احتیاط کیا گیا احاطہ کیا گیا و در مین لیا گیا ۔
محیط ۔ گھیرنے والا احاطہ کرنے والا اور دریا کے شور جسنے تمام زمین کو احاطہ کیا ہے اور نام کتاب فقہ مین اور نام خداوند تعالی کا ۔

میم با خا

مخالط ۔ ملانے والا بہت سی چیزونکو آپس مین و دوستونمین دوستی بڑھانے والا ۔
مختلط ۔ ملایا گیا اپنے آپ مین لیا گیا ۔
مخلوط ۔ ملایا گیا کسی چیز مین پیوست کیا گیا ۔
مخیط ۔ سوزن یعنے سوئی جس سے کپڑے سیے جاتے ہین
مخیط ۔ دوختہ یعنے سیا ہوا کپڑا وغیرہ ۔
مختبط ۔ بے سیا مانگنے والا بغیر معرفت کے اور رات کو سوال کرنے والا بسبب شرم کے ۔
مخطط ۔ صاحب خط و صاحب تحریر ۔
مختبط ۔ آپس مین ملا ہوا اور فاسد و تباہ و خرابی جو مزاج مین واقع ہو ۔
مخاط ۔ آب بینی و تفنہ یعنی جو ناک سے نکلے ۔
مخروط ۔ تراشیدہ اور وہ چیز جو ایک طرف سے موٹی

اور دوسری طرف سے پتلی گاجر کی طرح ہو

میم با رای

مِرط ۶ گودڑی اور چادر اوپر اوڑہنے کی
مَربِط ۶ جس مکان پر چارپایونکو باندھتے ہین
مِربَط ۶ وہ چیز جسسے حیوانونکو باندہین رسی یا لکڑی کیلا وغیرہ
مَربُوط ۶ ربط دیا گیا باندہا ہوا پیوند کیا ہوا ملا یا ہوا
مُرتَبَط ۶ ربط دیا گیا باندہا گیا پیوند کیا گیا ملا یا ہوا۔

میم با سین

مُستَنبِط ۶ باہر لانیوالا نکالنے والا پانی یا علم کا۔
مُستَنبَط ۶ نکالا گیا جاری کیا گیا باہر لایا گیا۔
مُسَمَّط ۶ موتی پرویا ہوا اور لڑی موتیون کی اور نام ایک صنعت کا شعر مین۔
مُسَلِّط ۶ غالب یعنے ور آور و زبردست شخص۔
مُسَلَّط ۶ مغلوب یعنے جسپر کسی نے غلبہ پایا ہو۔

میم با شین

مِشرَط ۶ نشتر جسسے خون نکالتے ہین
مُشط و مُشُط شانہ یعنے کنگہی جو بالون مین پہیرتے ہین۔

میم با ضاد

مَضبُوط ۶ جو چیز مستحکم اور ضبط کی ہوئی ہو۔

میم با غین

مُغتَبِط ۶ محسود جسکو لوگ دیکھکر حسد کرین۔
مَغبُوط ۶ محسود جسکا زوال نعمت حاسد چاہے۔

میم با فا

مُفرِط ۶ حد سے بڑہنیوالا زیادہ اور بہت بے اندازہ۔

میم با قاف

مِقَط ۶ قط زن قط گیر جسپر قلم کو قط لگائین۔
مُقَرَّط ۶ گوشوارہ پہنے ہوئی شخص یعنے جسنے گوشوارہ پہنا ہو

پہنا ہوا ہو۔

میم با لام

مُلتَقِط ۶ چنا ہوا رفو کیا ہوا اوٹہا یا ہوا سیا ہوا۔
مُلتَقَط ۶ چننے والا رفو کرنے والا اوٹہانے والا۔

میم با میم

مُمَشَّوط ۶ کنگھی کیا گیا سنوارا گیا۔

میم با نون

مَناط ۶ دراو بخنگی و پیچیدگی و جاے آویختن و پیچیدن
مَنُوط ۶ باندہا ہوا لٹکا ہوا کسی چیز سے۔
مُنَخَّط ۶ آراستہ و درست اور رضا کی ہوئی لکڑی حرف اچہڑا ہوئی
مُنبَسِط ۶ کہل جانے والا بچھ جانے والا خوش ہونیوالا خوشی لانے والا۔

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف نون اور آخیر مین طا ہے

نون با شین

نَشَاط ۶ خوشی و شادمانی و عیش و عشرت۔
نِشَاط ۶ جمع نشیط جسکے معنے خوش کے ہین چنانچہ کرام جمع کریم

نون با فا

نَفط ۶ و نِفط ایک قسم کا تیل ہے جو زمین سے شہروان مین سے نکلتا ہے مجازاً بارود۔

نون با قاف

نُقَط ۶ جمع نقطہ جسکو ہندی مین بندی کہتے ہین۔
نِقَاط ۶ جمع نقطہ یعنے بہت سے نقطے

نون با میم

نمط ۶ فرش و بساط رنگین و روش و دستور و طریق۔

نون با واو

نوط ۶ آویختن یعنے لٹکنا کسی چیز کے ساتھہ۔
نوخط ۶ نوجوان و نوعمر و بالغ لڑکا۔

انیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف واو اور اخیر مین طا ہے

واو با سین

وسط ۶ درمیان یعنے بیچون بیچ کسی چیز کے۔
وسَط ۶ درمیانہ چیز یعنے متوسط۔
وسائط ۶ جمع واسطہ وسیلہ کی یعنے بہت سے وسیلے
وسیط ۶ جو نسبت مین میانہ اور درجہ مین بلند ہو۔

واو با طا

وطواط ۶ ابابیل و نام شاعر کا۔

بیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف ہا اور اخیر مین طا ہے

ہا با الف

ہابط ۶ نیچے اوترنے والا بلندی سے تنزل کرنے والا

ہا با با

ہبط ۶ نیچے اوترنا نقصان کرنا تنزل کرنا کم قدر کرنا۔
ہبوط م نیچے اوترنا نقصان مین آنا تنزل کرنا منصب سے گرنا

ستر ہوان باب

اون لغات کے بیان مین جنکی اخیر مین حرف ظا ہے اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی کے اپنے موقع پر بدلتے جاتے ہین اس مین گیارہ فصل مین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف الف اور اخیر مین ظا ہے

الف با غین

اغلاظ ۶ چیزہاے درشت و سطبر یعنے سخت و موٹی چیزین۔

الف با لام

الفاظ ۶ جمع لفظ کی یعنے بہت سے بول زبان کے۔

الف با یا

ایقاظ ۶ بیدار جاگنے والی لوگ جو کم سوئین۔
ایقاظ ۶ بیدار کرنا جگانا کسیکو نیند سے۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف تا اور اخیر مین ظا ہے

تا با یا

تیقیظ ۶ بوزن تہدید بیداری اور بیدار کرنا کسیکو نیند سے
تیقظ ۶ بیداری اور بیدار کرنا نیند سے کسیکو

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف جیم اور اخیر مین ظا ہے

جیم با الف

جاحظ ۶ وہ شخص جسکی آنکہہ کا ڈھیلا باہر کو نکلا ہوا ہو اور نام ایک عالم کا

چوتھی فصل

ان لغات کے بیان مین جن کا اول حرف
حا اور اخیر مین ظا ہے

حا با الف

حافظ ٔ نگہبان پاسبان اور قرآن کا یاد رکھنے والا

حا با ظا

حظاء نصیب بہرہ خوشی اسکی جمع حظوظ ہے -

حا با فا

حفظ ٔ نگہبانی وحفاظت اور قرآن کو یاد کرنا -

حفیظ ٔ نگہبان اور ایک نام خدا کے ناموں سے -

حفاظ ٔ عار وحمیت ومروت ونگہبانی ومواظبت

حفاظ ٔ حافظان یعنے بہت سے نگہبانان -

پانچوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف
شین اور اخیر مین ظا ہے

شین با واو

شواظ ٔ شعلہ آتش آگ کا پرکالہ -

چھٹی فصل

ان لغات کے بیان مین جن کا اول حرف
عین اور اخیر مین ظا ہے

عین با کاف

عکاظ نام بازار ہا بین نخلہ وطایف کے -

ساتوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کا اول حرف غین
اور اخیر مین ظا ہے

غین با لام

غلاظ ٔ سطبر ودرشت یعنے سخت اور موٹی چیز -

غلاظ ٔ جمع غلیظ یعنے سخت وموٹی چیزین -

غلیظ ٔ ضد رقیق سطبر ودرشت ونا پاک -

غلظ ٔ سطبری ودرشتی ونا پاکی -

غین با یا

غیظ ٔ غصہ وکینہ جو دل مین ہو -

آٹھوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کا اول حرف لام
اور اخیر مین ظا ہے

لام با حا

لحاظ ٔ نگاہ رکھنا کسی چیز کا آنکھ سے دیکھنا -

لحاظ ٔ دنبالہ آنکھ کا آنکھ پھیر کر دیکھنا -

لام با فا

لفظ ٔ منہ سے نکالنا سخن کہنا اور ڈالنا -

لام با واو

لواحظ دنبالہای چشم یہ لفظ جمع لحاظ کی ہے -

نوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کا اول حرف
میم اور اخیر مین ظا ہے

میم با حا

محافظ ع حفاظت کرنیوالا نگہبان کسی چیز کا -
محظوظ ع بہرہ مند و بخت ور و صاحب نصیب و قسمت
محتظ ع بہرہ مند و صاحب نصیب صاحب قسمت

میم با سین

مستیقظ ع بیدار جو شخص سویا ہوا نہو -

میم با لام

ملحوظ ع لحاظ کیا گیا آنکھہ کے دنبالہ سے دیکھا گیا -

میم با واو

مواعظ ع نصیحتین جو کسیکو کیجائین

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف نون اور اخیر مین ظا ہے

نون با الف

ناحفاظ ع بے شرم و فاسق و بے احتیاط -

نون با عین

نعوظ ع استادگی ذکر شہوت کی حالت مین -

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف واو اور اخیر مین ظا ہے

واو با الف

واعظ ع نصیحت و پند کرنیوالا بدی سے باز رکھنے والا -

واو با عین

وعظ ع پند و نصایح جو کسیکو کیجائین
وعاظ ع جمع ہے واعظ کی یعنی بہت سے نصیحت کرنیوالے

اٹھارہوان باب

اون لغات کے بیان مین جنکی اخیر حرف عین ہے اور پہلی حروف برعایت حروف تہجی اسکے اپنے موقع پر لکھے جاتے ہین اس مین چھبیس فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف الف اور اخیر مین عین ہے

الف با با

ابداع ع پیدا کرنا کسی چیز کا جو پہلے نہ تھی اور تازہ ہو اور ظاہر کرنا
ابتلاع ع [illegible] مین اوتار لینا کسی لقمہ وغیرہ کا -

الف با تا

اتباع ع پیروان [illegible] پیروان و خدام یعنی نوکر و خدمتگار
اتساع ع فراخ ہونا اور نام مرض کا جسمین آنکھہ کی پتلی بڑی ہو جاتی ہے
اتباع ع پیروی کرنا متابعت کرنا کسی کا -

الف با جیم

اجماع ع اتفاق کرنا جماعت کا ایک کام پر -
اجتماع ع جمع ہونا اور باصطلاح منجم جمع ہونا آفتاب اور چاند کا ایک برج مین ایک درجہ اور ایک دقیقہ پر اور ایسے وقت مین چاند نظر سے گم ہو جاتا ہے اور یہہ موقع نہایت منحوس ہوتا ہے -

الف با خا

اختراع ع نئی چیز کا پیدا کرنا مشتق خرع سے جسکے معنے کھودنے کے ہین -

الف با رے

ارجاع ع متوجہ کرنا کسی کو کسی طرف توجہ دلانا

ارتجاع ع موڑنا پھیرنا دوبارہ متوجہ ہونا۔

ارتفاع ع بلندی اور بلند ہونا اور اٹھانا مجازاً

حصول او فائدہ و محصول زراعت اور دفع اور

دور کرنا اور معطول کرنا۔

ارباع ع جمع ربع منزلہا و خانہا و جمع ربع

الف با سین

اسابیع ع جمع اسبوع معنے اسکے ہفتے آٹھواڑے

استمتاع ع نفع چاہنا فائدہ مانگنا سود طلب کرنا۔

استماع ع سننا کان دینا سرود کہنا۔

اسماع ع جمع سمع یعنے بہت سے کان۔

استرجاع ع واپس لینا رجوع کرنا۔

استشفاع ع شفاعت چاہنا سپارش مانگنا۔

استجاع ع سجع سخن میں قافیہ لانا و آواز کبوتر و فاختہ

اسبوع ع ہفتہ و ہفت روز یعنے سات دن۔

استدفاع ع دفع کرنا کسی چیز کو کسی چیز سے الگ کرنا

استطلاع ع آگاہی ڈھونڈنا اطلاع چاہنا خبر پوچھنا

استنقاع ع نقوع لینا یعنے ادویہ کو جو خشک ہوں

پانی میں بگھو کر اسکا پانی لینا۔

الف با شین

اشیاع ع گروہ ہائے دوستان دوستونکی جماعتین

اشباع ع سیر کرنا اور حرکت زیر زبر پیش کو ایسا

پر پڑھنا کہ حروف علت اوس سے ظاہر ہوں چنانچہ فتحہ

سے الف کسرہ سے یا ضمہ سے واو پیدا ہوں۔

اشنع ع بہت قبیح اور بہت بد اور بہت مکروہ

اشجع ع بہت دلیر اور بہادر اور نام ایک شخص کے صحابی کا

الف با صاد

اصطناع ع نیکوئی کرنا اور پرورش۔

اصلع ع کل یعنے گنجہ مونڈن جسکے سر کے بال اوتر جائیں

اصابع ع انگشتان یعنے انگلیاں ہاتھ پانوں کی

اصبع ع انگلی انسان کے ہاتھ پانوں کی

الف با ضاد

اضجع ع بہت نفس کم کرنے والا اقفکر ہونے والا۔

اضلاع ع جمع ضلع معنی پہلو و گوشہ و طرف و جانب

اضطجاع ع پہلو پر سونا ایک طرف ہونا۔

الف با طاء

اطماع ع کسیکو طمع میں ڈالنا امید میں ڈالنا۔

اطماع ع جمع طمع یعنے بہت سی امیدیں۔

اطلاع ع خبر دینا خبر پہونچانا آگاہ کرنا کسی کو۔

الف با قاف

اقطاع ع جاگیریں دیں یعنی جو کسیکو بادشاہ سے ملیں

اقرع ع کل یعنے گنجا جسکے سر پر بال نہوں۔

اقطع ع بریدہ دست یعنے ہاتھ کٹا ہوا آدمی۔

اقماع ع شکستہ کرنا توڑنا ناقص کرنا کسی چیز کو۔

اقماع ع بہت سے توڑ اور کوہان اونٹ کی۔

اقتناع ع قناعت کرنا تھوڑی پر صبر کرنا۔

الف با کاف

اکارع ع پایہا اسکا دو گوسپند یعنی کامری بکری کی قسم

الف با لام

التیاع ع سوزش دل جو عشق سے ہو یعنی محبت کی جلن

التماع ع چمکنا چمکار دینا درخشان ہونا

الف با میم

اِمتاع نفع پہونچانا فائدہ دینا کسی کو۔

اِمتناع منع کرنا باز رکھنا برے کام سے

الف با نون

اِنتزاع باہر کھینچنا اور کھاڑنا اور کھاڑے جانا۔

اِندفاع دور ہونا الگ ہونا علیحدہ ہونا کسی سے

اِنصداع پھٹنا شگافتہ ہونا چرجانا۔

اِنتفاع نفع لینا فائدہ حاصل کرنا سود لینا۔

اِنخلاع اوکھڑنا علیحدہ ہونا کسی سے۔

اِنقطاع قطع کرنا کاٹنا علیحدگی کرنا۔

اَنواع قسم قسم کی چیز طرح طرح کی چیز۔

اِنطباع نقش ہونا چھپ جانا ثبت ہونا۔

اِنقلاع اوکھڑنا۔

الف با واو

اَوجاع جمع وجع کی دردہا جسمی جو انسان کو ہوتی ہین

اَوضاع جمع وضع کی طور وطریق ڈھنگ چال چلن

اوتاد طالع منجمین طالع کی جو نجومیون کے نزدیک چار ہین اول خانہ اول بروج جو متعلق تن وجان وعمر وزندگانی ہے دوم خانہ چہارم جو متعلق بمعاش ودرزی وملک ومقام ہے تیسرے ساتوان خانہ جو متعلق بہ تزویج ومراد ومقصد ہے چوتھے دسوان گھر جو متعلق بحکومت وشغل وعمل ودولت ہے۔

الف با ہا

اِیقاع واقع کرانا جنگ مین ڈال لڑنا۔

دوسری فصل

ان لغات کے بیان مین جنکا اول حرف
با اور آخیر مین عین ہے

با با الف

بائع بیع کرنیوالا یعنی بیچنے والا کسی چیز کا۔

باع دونو ہاتھ کی لمبائی کا مقدار جسقدر ہو۔

با با دال

بدیع نیا پیدا ہوا ہوا اور عجائب چیز ومطبوع

بدع نیا پیدا ہونا ظاہر ہونا ظہور مین آنا کسی چیز کا

بدع نئی پیدا ہوئی ہوئی چیزین جمع بدعت

بدائع جمع بدیع مجازاً عجائبات اور تعجب کی چیزین

با با راے

بردع توابع ایران سے ایک ملک ہے جہان سکندر کے وقت نوشابہ کی بادشاہت تھی۔

با با قاف

بقاع جمع بقعہ بمعنی جا اور ٹکانا یعنی بہت سی جگہین اور مقام

با با لام

بلع نگلنا اوتار لینا کسی چیز کا نگل جانا لقمہ کا۔

بلع منازل قمر سے تئیسوین منزل کا نام ہے۔

با با نون

بنی نوع ایک باپ کے بیٹے ایک جنس کی پیدائش اور ایک قسم کے لوگ

با با واو

بوناتع ایک مرکب معجون کا نام ہے جو مقوی دل ہے

با با یا

بیاع خرید نیوالا اور بیچنے والا یہ لفظ دونو معنی رکھتا ہے

بیع خریدنا اور بیچنا یعنی خرید وفروخت کرنا۔

تیسری فصل

ان لغات کے بیان مین جن کا اول حرف
تا اور آخیر مین عین ہے

تا با الف

تابع ع فرمانبردار خادم نوکر چاکر حکم ماننے والا۔

تاسع ع شمار مین نوان اور نوان حصہ کسی چیز کا۔

تاج شمع ع شعلہ شمع کا جو بتی کے اوپر ہوتا ہے۔

تا با باء

تبیع ع گاو یکسالہ یعنی ایک برس کی عمر کی گاے۔

تبع ع پیروی کرنا اور پیروی کرنیوالے اور پیروی کرنیوالا۔

تبرع ع کسی کو اصل مال سے زیادہ دینا اور بخشنا اور وہ کام کرنا جو اسکے ذمہ پر فرض یا واجب نہ تھا مثلاً نماز کے فرض ادا کرکے مزید بران نماز نفل پڑھنا حکم سے زیادہ خدمت مالک کی کرنا اور وجہ ہو کہ عبادت چار قسم منقسم ہی فرض واجب سنت مستحب اور عبادت نوافل مستحب ہے۔

تا با تاء

تتابع ع پے در پے ہونا بار بار ہونا بہت مرتبہ ہونا۔

تتبع ع پیروی کرنا متابعت کرنا اطاعت کرنا۔

تا با جیم

تجرع ع گھونٹ گھونٹ کرکے پینا کسی پینے کی چیز کا۔

تا با حا

تحت الشعاع ع دو یا تین روز آخر مہینے قمری کے جسمین چاند نظر نہین آتا

تا با خاء

تخشع ع فروتنی و عجز و خاکساری ظاہر کرنا۔

تا با راء

ترجیع ع رجوع کرنا کسیکی طرف متوجہ ہونا۔

ترفع ع بلندی چاہنا و عزور و تکبر و فخر ظاہر کرنا۔

تراجع ع پھرنا اولٹا منقلب ہونا رجوع ہونا اور رجعت کرنا اکثر کواکبہ کا مغرب سے مشرق کو۔

ترع ع سبزہ زار جمع ترعہ بوستان ہاے سرسبز۔

ترعرع ع پھولنا اور نشو و نما پکڑنا۔

تربیع ع درمیان قمر اور زاویہ مثل دسویں کے چار برج کا فرق مثلاً قمر حمل مین ہوا اور زہرہ سرطان مین اور چارگوشہ کرنا کسی چیز کو۔

ترصیع ع مرصع کرنا جڑاو کرنا شعر با قافیہ و ردیف کہنا یا مقفیٰ عبارت کا لکھنا۔

تا با زاء

تزعزع ع جنبش کرنا حرکت مین آنا ہلنا اپنی مقام سے

تا با سین

تسرع ع تیزی کرنا جلدی کرنا سرعت کرنا۔

تسع ع نو عدد مین یعنے ۹ نو۔

تا با شین

تشییع ع رخصت کرنا مسافر کو راہ تک پہونچانا۔

تشنیع ع برا کہنا ملامت کرنا کیسکو کسی جرم پر۔

تشیع ع اپنے آپ کو شیعہ کہنا اور شیعہ بننا۔

تا با صاد

تصنع ع آراستگی و سنگار کرنا خوشامد و چاپلوسی پیش آنا

تصدیع ع درد سر و تکلیف رنج و بلا و آفت۔

تا با طاء

تطوع ع حکم بجا لانا جو واجب نہو عبادت نافلہ ادا کرنا

تا با فاء

تفجع ع دردمند ہونا دکھیا ہونا

تفزیع ع ڈرانا دھمکانا خوف دلانا۔

تا با قاف

تقطیع ع ٹکڑے ٹکڑے کرنا پارہ پارہ کرنا وزن برلانا کسی مصرع کا چنانچہ خدایا جہان بادشاہی تراست اسکا وزن ہے فعولن فعولن فعولن فعول جسکا ایک

تک فعولن کو بیت کے علحدہ علحدہ ٹکڑون پر تقسیم کرینگے تو اوسکا نام تقطیع ہے چنانچہ خدایا فعولن بہ بان فعولن دشاہی فعولن ترست فعول ۔

تقریع ع بدکہنا ملامت کرنا بیقرار ہونا پہلو بہ پہلو پہرنا ۔

تقاطع ع ایک دوسرے سے قطع کرنا علحدگی کرنا ۔

تا با کاف

تکرع ع وضو کرنا منہ ہاتہہ دہونا ماخوذ اکارع سے

تا با لام

تلمع ع روشن ہونا چمکنا جلوہ دینا ۔

تا با میم

تمتع ع برخورداری فائدہ مستعمل بلفظ گرفتن یافتن ۔

تا با نون

تنوع ع قسم قسم ہونا طرح طرح ہونا جنس جنس ہونا

تنازع ع خصومت کرنا جہگڑنا لڑنا آپس مین

تا با واو

توقع ع امید وطمع جو کسی سے رکہی جاوے

تواضع ع فروتنی و کسر نفسی اپنی دوسرے کے مقابلہ

توزیع ع پراگندگی پریشان خاطری و پشیمانی ۔

توقیع ع نشان بادشاہ کا جو نامہ و منشور کی پیشانی پر ہوتا ہے

تودیع ع وداع کرنا سپرد کرنا رخصت کرنا کسی کو ۔

توزیع ع پراگندہ کرنا حصہ کرنا کسی ایک چیز کو ۔

توقع ع حرص کرنا طمع کرنا امیدوار ہونا ۔

توسع ع فراخی کرنا فراخ ہونا کسی معاملہ مین ۔

تورع ع پرہیزگاری کرنا گناہ سے بچنا متقی ہونا ۔

توسیع ع فراخ کرنا کشادہ کرنا ۔

توجع ع دردمند ہونا اور بیماری درد کی ۔

تا با ہا

تہوع ع بشدت قے کرنا بہت ساقی کرنا ۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف جیم اور آخیر مین عین ہے

جیم با الف

جائع ع گرسنہ یعنی بہوکہا شکم خالی

جامع ع وہ مسجد جسمین جمعہ کی نماز ادا کرین اور جمع کرنیوالا ۔

جیم با دال

جذع ع تنہ درخت یا درخت کی شاخ ۔

جذع ع گاو و اسپ جو سالہ ہو یعنی تین برس کا بیل

جذمع ع شاخہاء تنہای درخت یہہ لفظ جذع کی جمع ہے

جیم با زاے

جزع ع بے صبری بے آرامی و بے چینی و بیقراری ۔

جزع ع سنگ سلیمانی جو سفید و سیاہ ہوتا ہے ۔

جیم با میم

جمع ع تمام اور گروہ اور یکجا اور مجلس آدمیون کی

جماع ع صحبت عورت و مرد کی اختلاط دونو کا ۔

جموع ع جمع جمع کے لفظ کی جماعتین اور گروہ ۔

جمیع ع تمام اور بالکل اور سرتاپا ۔

جیم با واو

جوع ع گرسنگی بہوکہہ یعنے طعام کی خواہش ۔

جوامع ع جمع جامعہ تمام و ہمہ و بالکل و سرتاپا ۔

جواہر تسع ع نو آسمان یا نو جواہر یعنے لعل مروارید ۔ الماس ۔ زمرد ۔ یاقوت ۔ فیروزہ مرجان گئومید عقیق ۔ یا لسنیا ہندی مین ان کو نورتن کہتے ہین ۔

پانچویں فصل

ان لغات کے بیان میں جن کے اول حرف
حا اور آخر میں عین ہے

حا با سین

حسن مطلع ؛ دوسرا بیت غزل اور قصیدہ کا جو پہلے بیت مطلع کی طرح پر ہو

چھٹی فصل

ان لغات کے بیان میں جن کا اول حرف
خا اور آخر میں عین ہے

خا با الف

خاشع ؛ فروتنی و تواضع کرنیوالا خاکسار ظاہر کرنیوالا

خاضع ؛ عاجزی کرنیوالا سست و خوشامد کرنیوالا

خادع ؛ فریبی مکار دغاباز آدمی

خاطر جمع ؛ دل کی تسکین ضد پریشانی کی

خا با دال

خدع و خداع ؛ فریب دینا دغا سے پیش آنا داؤ دینا

خدایع ؛ فریب دینا و دغا دینا داؤ میں لانا

خدائع ؛ جمع خدیعت کی مکر و فریب دغابازی

خا با را

خرنع ؛ بچہ خرگوش جو ایک مشہور جانور ہے

خا با شین

خشوع ؛ عجز و فروتنی و خوف و رعب جو کسی پر غالب ہو

خا با ضاد

خضوع ؛ عاجزی کرنا

خا با لام

خلع ؛ نکلنا اور نکالنا عضو کا بند و پیوند سے اور اوتارنا کپڑے اور موزہ کا اور خلعت دینا

خلع ؛ طلاق لینا عورت کا بعوض بخشنے مہر کے یا بعوض دینے اولاد اور مال نقد و جنس کے

خا با میم

خمع ؛ گرگ درندہ یعنی بھیڑیا جو مشہور درندہ ہے

ساتویں فصل

ان لغات کے بیان میں جن کا اول حرف
دال اور آخر میں عین ہے

دال با را

درع ؛ زرہ جو پہلوان جنگ کے وقت پہنتا ہے

دال با عین

دعاء ؛ نام دعا کا جو عربی زبان میں ہے

دع ؛ صیغہ امر یعنی چھوڑ دے اور دفع کر گذر

دعع ؛ مصدر ہے بمعنے دفع کرنا پھیرنا درگذر کرنا

دال با میم

دمع و دمعۃ ؛ آنسو چشم اور نام بیماری کا چشم جس سے آنکھوں سے پانی جاری رہتا ہے

دموع ؛ اشکہای چشم یعنے آنکھوں کے آنسو

دال با واو

دوافع ؛ جمع دافع دفع کرنیوالے دور کرنیوالے

آٹھویں فصل

ان لغات کے بیان میں جن کا اول حرف
ذال اور آخر میں عین ہے

ذال با الف

ذائع ۶ آشکارا و فاش و پراگندہ و ظاہر سب کے روبرو

ذال با راے

ذراع ۶ ہاتھ یا ذ و بالشت اور فاصلہ بیچ انگشت انسان سے
آرنج تک اور گز پانی کا اور ذراع راس تیر جو واسطے نشان کے
دیا جاتا ہی اور نام ساتوین منزل کا منازل قمر سے۔

ذرائع ۶ جمع ذریعہ وسیلہ یعنی بہت سے ذریعے اور وسیلے

ذرع ۶ طاقت اور بالشت سے ناپنا کسی کپڑے وغیرہ کو۔

ذرع ۶ طمع و بچہ گاو وحشی۔

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف رای اور اخیر مین عین ہے

رای با الف

رابع ۶ چرنے والا بلند ہونیوالا۔

رابع ۶ چوتھا یعنی کسی چیز کا چوتھا حصہ چار مین سے ایک

راجع ۶ رجوع کرنیوالا نوحہ کرنیوالا متوجہ ہونیوالا۔

راکع ۶ رکوع کرنے والا جھک جانے والا۔

رالع ۶ پہولنے والا بڑہنے والا اور وہ مال جو کبھی نہ گھٹے

رادع ۶ ہٹانے والا موڑ دینے والا واپس کرنیوالا

رافع ۶ اوٹھانیوالا بلند کرنیوالا پیش کے حرکت
دینے والا فریاد کرنیوالا عدالت جانے والا۔

راقع ۶ کپڑے کو پیوند لگانیوالا گودڑی سینے والا

رای با بای

رب النوع ۶ ایک فرشتہ کا نام ہی جو ہر ایک مخلوق کی بعض شی
و حفاظت پر موکل ہے۔

ربع ۶ چوتھا حصہ اور نام ایک نجم کا جو نجومی کہتے مین

ربع ۶ وہ [illegible] مرد کا

ربیع ۶ موسم بہار یعنی ماہ چیت و بیساکھ جس مین
موسم سرما نکلکر بہار کا موسم آجاتا ہے اور باغ سبز
ہوجاتے ہین پہول پہولنے پر آجاتے ہین اور نام ایک مرد
سخی کا جسکو ربیع بن فضل کہتے ہین۔

رای با جیم

رجیع ۶ جو چیز رد کی جائے مجازاً سرگین آدمی و ستور و نشخوار
و شتر لاغر یعنی دبلا اونٹ۔

رجع ۶ رجوع کرنا لوٹنا پہر آنا متوجہ ہونا۔

رجوع ۶ متوجہ ہونا عود کرنا واپس پہر آنا لوٹنا۔

رای با ضاد

رضیع ۶ طفل شیرخوار اور ہم شیر جن دو نون نے
عالم شیرخواری مین ایک دایہ یا والدہ کا دودہ پیا ہو
یعنی دودہ کا بہائی یا بہن۔

رضاع ۶ دودہ پینا بچہ کا اور زمانہ شیرخواری یعنی جبتک کہ دودہ پیے

رای با فا

رفع ۶ اوٹہانا بلند کرنا فریاد کرنا دعوی کرنا انصاف مانگنا
دور کرنا پیش کی حرکت دینا معزول ہونا کسی عہدہ سے

رفیع ۶ بلند عزت دار اور پرچڑہا ہوا امیر دولتمند۔

رای با قاف

رقاع ۶ ٹکڑے اور رقعہ کی مختصر جمع رقعہ کے لفظ کی۔

رای با یاے

ریع ۶ کہیتی کا بڑہنا اور بادشہ کی آمدنی یعنی جو روپیہ سے ملے

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف زای اور اخیر تین عین ہے

زای با رای

زرع ۶ اوگنا اوگانا بونا اور کھیتی جو بوئی ہوئی ہو۔

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف سین اور اخیر مین عین ہے

سین با الف

ساجع ۶ گانیوالا پرند بلبل وغیرہ قافیہ دار بولنے والا
سابع ۶ ساتوان یعنی ساتوان حصہ ایک عدد کا سات مین سے ایک
ساطع ۶ بلند اور چڑہا ہوا امیر غنی مالدار۔
سامع ۶ سننے والا کسی بات کا کان ہے۔

سین با با

سبع ۶ ہفت یعنے سات عدد ہین۔
سبُع ۶ جانور درندہ مثل گرگ و سگ وغیرہ۔
سُبع ۶ ساتوان حصہ اور ساتوان حصہ قران کا جو سات منزل منقسم ہے اور سات عدد مین سے ایک
سباع ۶ درندگان یعنے درندے چارپای مثل شیر و گرگ و پلنگ و سگ وغیرہ جمع سبع کے لفظ کی۔

سین با جیم

سجع ۶ آواز طیور خوش آواز جانورونکی جو مطبوع ہو۔

سین با رے

سراع ۶ شاخین تازہ درخت انگور کی اور میوہ دار اخیر
سرع ۶ شاخ تازہ درخت انگور کی جو سبز ہو
سریع ۶ شتاب کرنے والا اور جلد باز آدمی اور نام ایک بحر کا عروض سے جسکا وزن یہہ ہے جو لکھا گیا ہے مفتعلن مفتعلن فاعلان۔

سین با طا

سطوع ۶ بلند ہونا اور اوپر کو چڑہنا عزت دار ہونا۔

سین با میم

سماع ۶ سرود راگ اور سننا کسی تقریر یا بات کا
سمع ۶ کان اور سننا۔
سِمع ۶ بچہ گرگ جو کفتار سے ہو یعنے مادہ گرگ ہو اور نر کفتار یا برخلاف اسکے۔

سین با واو

سواع ۶ نام بت جسکو قوم نوح ع کی پوجتی تھی۔
سواطع ۶ جمع ساطع کی لفظ کی جسکے معنی اوپر روشن کے ہین

سین با ہا

سہ نوع ۶ موالید ثلاثہ یعنے نباتات جمادات حیوانات

سین با یا

سیاع ۶ کہگل جو دیوار اور چہت کو کرتے ہین

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف شین اور اخیر مین عین ہے

شین با الف

شافع ۶ شفاعت کرنے والا سفارش کرنیوالا یہہ لقب جناب محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا ہے۔
شائع ۶ فاش ظاہر آشکارا روشن مشہور۔
شاع ۶ آشکارا فاش ظاہر مشہور۔
شارع ۶ راہ راست و راہ بزرگ و صاحب شرع۔

شین با با

شبع ۶ سیر ہونا طعام سے بخلاف گرسنگی یعنی پیٹ بھر کہانا

شین با جیم

شجاع ۶ بہادر دلیر آدمی جنگ آور شخص اور وہ شخص جو ہر ایک کام مین جست و چالاک ہو۔

شین با رے

شرع ع طریق دین و مذہب اور رستہ -

شراع ع بادبان کشتی کا -

شرح مطالع ع علم منطق مین ایک کتاب کا نام ہے

شرائع ع جمع شریعت کی یعنی بہت سی شریعتین -

شین با میم

شمع و شمع ع موم اور موم کی بتی جو رات کو روشن کیجاتی ہے

شموع ع جمع شمع یعنے بہت سی بتیان جلانے کی -

شین با نون

شنیع ع بد و زشت و ناپسندیدہ و مکروہ و نامطبوع

شنائع ع جمع شنیع کی لفظی معنے بد و زشت چیزین

شین با واو

شوارع ع بڑے اور سیدھے راستے لفظ جمع شارع کی ہے

شین با یا

شیوع ع ظاہر ہونا آشکار ہونا مشہور ہونا کسی چیز کا -

تیرہوین فصل

ان لغات کے بیان مین جنکے اول حرف صاد اور آخیر مین عین ہے

صاد با الف

صانع ع کاریگر کسی چیز کا بنانیوالا اور نام خدا تعالی کا

صاع ع نام پیمانہ بقدر دوسو چونتیس تولہ کے مند میں ہوتا ہے

صاد با دال

صداع ع چیر نا ماتھا اور درد سر جو مشہور بیماری ہے

صدع ع چیر نا کھودنا پھاڑنا کسی چیز کو -

صاد با را

صرع ع زمین پر گرانا اور نام بیماری مرگی کا جسکو مرگی کہتے ہین

صاد با فا

صفع ع گھنسا لگانا گھونسا مارنا کسی کو -

صاد با لام

صلع ع بیماری گنج کی اور اوڑنا سر کے بالون کا

صاد با نون

مُصحَف ع صحیفونکا مجموعہ مجازاً قرآن۔

مُصَحَّف ع وہ لفظ جو تغیر نقاط او رمعنی دنیا ہو چنانچہ عید و عید و محبت و محنت و مخنث۔

مُصَنَّف ع تصنیف کیا گیا کوئی نسخہ کتاب کا۔

مُصَنِّف ع تصنیف کرنیوالا کوئی مضمون یا کتاب بنانیوالا۔

مَصاحِف ع جمع مصحف بہت سے قرآن و کتابین۔

مَصرِف ع اسم ظرف جای خرچ و مقام خرچ

مُنصرِف ع اسم فاعل پہیرنیوالا

مَصارِف ع جمع مصرف بہت سے خرچ کے مقام۔

مَصرُوف ع پہیرا ہوا مشغول کسی کام مین۔

میم با ضاد

مُضاف ع منسوب متعلق ہوا دوسرے سے علاقہ رکہتی ہون۔

مُضاعَف ع دوچند اور اصطلاح صرفیان مین وہ کلمہ جسکی آخر مین دو حرف ایک جنس سے ہون

میم با طاء

مُطرَف ع وہ گہوڑا جسکا سر اور دم سپید یا سیاہ ہو ماخوذ طرف سے جسکے معنے بند نقرہ و زر کے ہین۔

مُطرَف ع چادر علم وغیرہ۔

مَطاف ع جاے طواف۔

میم با عین

مُعرِّف ع تعریف کرنیوالا پہچاننے والا اور پیادہ کچہری کا۔

معروف ع پہچانا گیا اور مشہور و نیکوئی و نام ایک ولی اللہ کا جو کرخ مین رہتا تہا۔

مَعارِف ع آشنایان و علماء و فضلا اور پہچاننی کے مقام

مَعلَف ع چارہ اور آخور گہوڑونکا۔

مُعتکِف ع گوشہ نشین۔

مُعاف ع اصل مین معافی تہا معاف کرنا۔

مَعطوف ع الٹا یا گیا پہیر گیا ایکطرف سے دوسری طرف

مُعترِف ع اقرار کرنیوالا وعدہ کرنے والا۔

میم با غین

مُغترِف ع ہاتہ سے پینے والا آدمی۔

میم با کاف

مَکشُوف ع کہلا ہوا اور کہولا ہوا۔

مُکلَّف ع تکلیف دیا گیا تاب کیا گیا۔

مُکتنِف ع پناہ ڈہونڈنے والا یکسو ہونیوالا ایکطرفہ۔

مَکفوف ع پیراہن لپیٹا ہوا تہہ کیا ہوا۔

میم با لام

مَلہوف ع اندوہگین و مظلوم و رنج کشیدہ۔

مُلاطِف ع مہربانی کرنیوالا نرم دل۔

مَلفُوف ع لپٹا ہوا لفافہ کیا ہوا۔

میم با نون

مُنِیف ع بروزن مقیم پاک بزرگ بلند زیادہ۔
مُنزَحِف ع دور ہونیوالا پرے کو جانے والا۔
مُنکَشِف ع ظاہر ہونیوالا سب کے روبرو آنیوالا۔
مُنحَرِف ع خمیدہ و برگشتہ ہونیوالا نافرمان و سرکش
مُنعَطِف ع خم پکڑنے والا اور پھرنے والا۔
مُنصَرِف ع ایک حال سے دوسری حال مین بدلنے والا۔
مُنافِ ع نفی کرنیوالا دور و نابود کرنے والا۔
مُنصِف ع انصاف کرنے والا عادل و داد گر۔
مُنکَشَف ع کھولا گیا ظاہر کیا گیا سب کو دکھلایا گیا۔
مَوقِف ع کھڑے ہونیکا مقام رہنے کی جگہہ جای سکونت
مَواقِف ع جمع موقف کے لفظ کی کھڑے ہونیکا مقام
مُؤلِّف ع الفت دینے والا جمع کرنیوالا کسی کتاب کو۔
مُوَظِّف ع وظیفہ کرنیوالا وظیفہ دینے والا روزینہ دینے والا
مُوَظَّف ع وظیفہ کیا گیا روزینہ دیا گیا۔
مُوَصَّف ع صفت کیا گیا تعریف کیا گیا۔
مَوصُوف ع توصیف کیا گیا تعریف کیا گیا۔
مَوقُوف ع کھڑا کیا گیا ٹھہرایا گیا قائم کیا گیا۔
مُؤتَلِف ع خو پکڑا گیا الفت پکڑا گیا۔

چوبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف نون اور اخیر مین فا ہی

نون با الف

ناف ع مشہور لفظ ہے یعنے انسان کی ناف۔
ناصِف ع آدھون آدہ کرنیوالا نصف نصف کرنیوالا

نون با تا

نَتف ع اوکھڑنا بال کا جسم سے۔

نون با جیم

نَجَف ع نام شہر جس مین مزار مرتضی علی کا ہے۔ رض

نون با حا

نَحف ع چوڑے سر کا تیر جو ایک ہتھیار ہے۔
نَحِیف ع دُبلا لاغر ناتوان۔

نون با دال

نَدف ع روئی کا دھنکنا۔
نَدّاف ع دھنیا روئی کا دھنکنے والا۔

نون با زا

نَزف ع تمام پانی چاہ سے نکالنا۔
نَزِیف ع تپ زدہ بیہوش اور جسکا خون بہ نکل گیا ہو اور وہ پیاسا جسکی زبان خشک ہو۔

نون با سین

نَسف ع اوکھاڑنا بنیاد کا بیخ سے نکالنا۔
نَسَف ع نام ایک شہر کا جو مشہور ہے۔

نون با شین

نَشّاف ع جاذب کھینچنے والا جذب کرنے والا۔
نَشاف ع جنون و دیوانگی و خبط جو مزاج مین ہو۔
نَشف ع جذب کرنا کھینچنا کشش کرنا۔
نَشَف ع ایک قسم کا سیاہ پتھر ہے۔
نِشف ع کاسہ و قدح چوبین لکڑیکا پیالہ۔

نون با صاد

نَصف ع نیم آدھا و حصے مین سے ایک۔
نَصِیف ع چادر نادوختہ بکعرض کپڑا۔

نون با طا

نَطف عیب بدی زخم پشت کا پیٹھہ کا دمل۔

نطائف ع جمع لطیفہ کی بہت تخم ذیحان کے—

نون با طاء

نظیف ع حلال و پاک اور ظاہر بہت اچھی چیز

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف
واو اور اخیر مین فا ہے

واو با الف

واقف ع ٹہرا ہوا اور جاننے والا اور محرم راز—

واجف ع جسکا دل دہڑکتا ہو—

واو با صاد

وصف ع تعریف و صفت و بڑائی—

وصاف ع تعریف کرنے والا صفت کرنے والا—

وصیف ع خدمتگار خادم نوکر چاکر

واو با قاف

وقف ع ٹہرنا توقف کرنا خبردار ہونا اور وہ چیز جو کسیکا
بلا نفع اور مقام ٹہرنے کے جو قرآن مین مقرر ہین—

وقوف ع خبردار ہونا آگاہی پانا علم حاصل کرنا—

چھبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف ہا
اور اخیر مین فا ہے

ہا با الف

ہاتف ع غیب سے آواز دینے والا انجان فرشتہ ماخوذ
ہے جسکے معنی آواز دینے کے ہین

ہا با تا

ہتف ع آواز جو کسی طرف سے آدمی

ہا با میم

ہمزلف ف اپنی عورت کی بہن کا خاوند یعنی ساڑھو

ہا با واو

ہوف ع گرم ہوا جسکو سموم کہتے ہین—

ہا با یے

ہیف ع سختی و تشنگی و گرم ہوا و باد سموم

اکیسوان باب

اون لغات کی بیان مین جن کی اخیر مین حرف
قاف ہے اور پہلے حروف برعایت حروف
تہجی اپنے اپنے موقع پر بدلتی جاتے ہین اسمین
چھبیس ۲۶ فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف
الف اور اخیر مین قاف ہے

الف با با

ابرق ع مشہور چیز جسکو ابرک کہتے ہین اور سب چلنے والے کی اثر نام جو چیز بنتے جسکو دلا

ابلق ع سفید سیاہ گہوڑا دو رنگ گہوڑا—

ابریق ع لوٹا جس مین وضو کرنے کا معرب آبریز

الف با تا

اتفاق ع تقویت کرنا موافق ہونا ہمراہ ہونا ایک کام مین—

اتاق ت خانہ خیمہ و جای سکونت رہنی کا مقام

اتالیق ت لیاقت سکھلانیوالا استاد—

اتساق ع فراہم ہونا راست ہونا ترتیب دینا—

الف با جیم

أحاق ت دیگ دان خاندان

الف باحاء

أحراق ع جلانا آگ سے کسی چیز کو
احتراق ع جل جانا سواد وغیرہ اسکا
احداق ع مردمک ہائے چشم
أحق ع لائق تر سزاوار تر صاحب حق
أحمق ع نہایت بیوقوف نادان بے علم جاہل

الف باخاء

اختناق ع گلا بند ہونا نام بیماری کا ہے
اخلاق ع جمع خلق کی طریقے آداب عادت خو
اختراق ع پھاڑنا توڑنا پارہ کرنا

الف بادال

أدق ع بہت دقیق بہت مشکل اور بہت سخت چیز

الف باراء

أرق ع بیخوابی و بیداری یعنے رات کا جاگنا
أرق ع بہت باریک شفاف و صاف چیز
ارتفاق ع رفاقت کرنا اور آرنج پر تکیہ کرنا
أرزاق ع جمع رزق کی بہت سی روزیان
أرشق ع خوش قامت و زیبا اندام معشوق
أزماق ت زدن یعنے مارنا کسی شخص کو

الف بازاء

أزرق ع رنگ نیلگوں و کبود اور صاف پانی اور وہ شخص جسکی آنکھیں بالکل کبودی سبزی ہون

الف باسین

استغراق ع ڈوبا غرق ہونا ڈوب جانا کسی چیز میں
استبق ت سب سے اول سب سے پہلا
استیثاق ع استواری مانگنا مضبوطی چاہنا

استراق ع چوری چوری سننا کسیکی بات کا سننا
استنطاق ع کسیکو بلانا حال پوچھنا
استحقاق ع سزاوار ہونا حقدار ہونا
استنشاق ع پانی یا دوا یا ہوا ناک میں کھینچنا
اسحاق ع حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بیٹے کا نام ہے
استبرق ع نام پارچہ ریشمی جو مثل اطلس ہوتا ہے

الف باشین

أشلق ت تہمت کسی پر باندھنا بدنام کرنا
اشاق ت نام غلام و غلام سادہ رو بے ریش
اشق ع ایک قسم گوند کا نام ہے درخت سے اترتا ہے
اشق ع بہت سخت و مشکل و دشوار
اشفاق ع مہربانیان یعنے شفقتیں جمع شفقت کی
اشفاق ع مہربانی کرنا پیار کرنا شفقت کرنا
اشراق ع روشن ہونا دن کا بعد طلوع آفتاب کے
اشتقاق ع نکالنا جدا یا جدا کرنا کسی چیز کو لفظ کو یا دو کلمہ سے لکڑیاں چیرنا
اشتیاق ع شوق کرنا شوق ظاہر کرنا

الف باصاد

اصداق ع بہت کرنا کسی قول کو [illegible]

الف باطاء

اطلاق ع روان کرنا چھوڑنا اور کھولنا [illegible]

الف باعین

اعراق ع شراب میں پانی ملانا عرق [illegible] ملانا
اعتناق ع معانقہ کرنا گلے ملنا دوست کا دوست سے
اعتاق ع بندہ آزاد کرنا غلام کو غلامی سے چھڑانا
اعناق ع گردنیں اور بزرگ قوم [illegible]

الف باغین

اِغلاق ع دروازہ باندھنا سخت پکڑنا مضبوط پکڑنا ـ
اِغراق ع غرق کرنا مبالغہ کرنا سخت کمان کھینچنا

الف با فاء

آفاق ع جمع افق کنارہا و عالم اجسام مجازاً زمانہ ـ
اِفتراق ع جدا کرنا علٰحدہ کرنا الگ کرنا کسی کو ـ
اُفُق ع کنارہ آسمان کا مشرق یا مغرب یا جنوب یا شمال

الف با لام

اِلصاق ع چپکنا اور چپکانا جوڑنا یا جوڑانا ـ
اِلتزاق ع چپکنا کسی چیز کا دوسری چیز سے
اِلتصاق ع چپکنا کسی چیز کا دوسری چیز سے
اِلتصاق ع چپکنا کسی چیز کا دوسری چیز سے
اُلاجق ت خانہ صحرائیان جنگلی لوگون کا گھر
اُلاق ت سواری دمرکب جو بیگار لیجائین اور گھوڑا
ڈاک چوکی کا اور گدھا بار لادنے کا ـ
اِلحاق ع ملانا لگانا پیوند کرنا جوڑنا ـ
اُلدُق ت مصدر بمعنے شدن یعنے ہونا ـ
اُلخالق ع پوتنا کہ جو قبا کے نیچے پہنتے ہین ـ

الف با میم

اِملاق ع مفلسی درویشی و فقیری و ناداری
امام ناطق ع خطاب امام جعفر صادق علیہ السلام کا ہے

الف با نون

اَنیق ع خوب عجیب چیز اور نادر جنس
اِنملاق ع چاپلوسی و دوستی و لطف کرنا ہموار ہونا علاقہ ہونا
اِنفاق ع خرچ کرنا یعنے خرچ دینار درہم دینا کسیکو
اِنتساق ع طریق و انتظام و روش و دستور و طرز ـ
اِنشاق ع روش و دستور و طریق و طرز و انتظام ـ
اَنساق ع جمع نسق جسکے معنے انتظام کے ہین
اِنداق ع نیست و نابود ہونا نابود ہونا ـ

اِنخراق ع پھٹ جانا پارہ ہونا ـ
اِنغلاق ع بستہ ہونا جمع ہونا پیوند پانا ـ
اِنطباق ع آپسمین ملنا مطابق ہونا موافق ہونا ـ

الف با واو

اَوراق ع جمع ورق کی بہت سے پتے درخت کے ـ
اَوفق ع بہت موافق اور نہایت مطابق ـ
اُوشاق ت طفل امرد وہ لڑکا جو داڑھی نرکھتا ہو
اَوثق ع بہت مضبوط نہایت مستحکم چیز ـ
اوغرشماق ت چوری کرنا چورانا مال کسی کا ـ

الف با یاء

اِیراق ع پتے نکلنا درخت کے شگوفہ نیا نکلنا ـ
اَیماق ع عیال و تبار و قبیلہ گھر کے لوگ ـ
اِیتلاق ع چمکنا چمکارہ دینا روشن ہونا ـ
اَیاق ت پیالہ شراب پینے کا جسمے شراب پیتے ہین

دوسری فصل

ادن لغات کے بیان مین جن کا اول حرف با اور آخیر مین قاف ہے

با با الف

بارق ع روشن و تابندہ یعنے وہ چیز جو چمکنے والی ہو ـ
باشق ع بہولنی والا یعنے والا ماخوذ بشق سے جسکے معنے بڑہنے کے ہین
باشلق ت بادشاہ امیر سردار رسالہ ـ فوج کا افسر
باسلیق ع ایک رگ کا نام ہے جسم مین اگر اوسکی فصد چھوڑی جاتی تو گلے سے کمر تک کا خون آتا ہے
بالاحاق ت غالب و حاکم و زبردست و پہلوان زور آور
بادفتق ت بیماری ہے جسمے ایک خانہ تر ہو جاتا ہے

با با جیم

بجاق ت کارد یعنے چھری جو مشہور چیز ہے۔ اسکا

باب حا

بحر معلق ع کنایہ آسمان جو معلق بیستون نظر آتا ہے۔

باب خا

بخت و اتفاق ف کسیکو ناگاہ خزانہ مل جانا۔

باب رے

براق ع چیز جھلکتی ہوئی روشن چیز۔

بریق ع روشنی اور روشن چمکتی ہوئی چیز۔

برق و زرق ع روشنی و ساختگی و درستی

براق ع رسول صلے اللہ علیہ وسلم کا گھوڑا جسپر شب معراج سوار ہوئے تھے۔

برحق ف سچ درست جسمین شک نہو۔

برق ع بجلی کی چمک بادل کا چمکنا۔

باب زای

بزاق ع لعاب دہن یعنے تھوک۔

باب سین

بسراق ع نام ایک جڑی کا جسکو تیہراج کہتے ہین قسم قیمتی تیہر کا ہے

بستاق و بغلتاق ف قبا جو مشہور پوشاک ہے اکثر ایرانی پہنتے ہین

بغلق ف نام طائر مانند باز تیز جو اُڑکر نشانہ پر جاتا ہے

باب قاف

بقق ع پسّہ یعنے مچھر جو ایک مشہور نیش دار جانور ہے۔

باب کاف

بکیارق ت نام امیر اور سید غلام جو ایک صاحب کے مملوک ہوں

باب لام

بلاق ت چشمہ آب اور ترکی زبان جو مشہور ہے

باب نون

بندوق مشہور بندوق تفنگ جو ایک سلاح مشہور ہے پہلے اسکو بندق نام تہا جسکے معنی غلولہ کے ہین۔

بنادیق ع جمع بندق کی لفظ کی ہے یعنی بہت بندوقین

بندق ع غلولہ گلی یا سنگی یعنے پتھر کے گولے۔

باب واو

بو علی دقاق ع ایک شاعر کا نام ہے

بوارق ع جمع بارقہ روشن چیزین چمکتی ہوئی چیزین

بوق ع شہنائی کرنائی جو جنگ بجاتے ہین

بورق ع نام ایک قسم کی کہانی کا جو لذیذ ہوتا ہے

بو اسحاق ع نام ایک بزرگ کا جو ولی اللہ تہا۔

باب ہا

بہق ع ایک بیماری کا نام ہے جو نوجوان کو عائد ہوکر بدن پر داغ پڑجاتی ہین جسپر اوسکو کہتے ہین۔

باب یا

بیت العتیق ع خانہ کعبہ قدیم جسکو طوفان نوح کی وقت فرشتے آسمان پر اوٹہا لے گئے تہے۔

بیباق ع پورا کامل و تمام جسکی باقی نہو۔

بیذق ف پیادہ شطرنج کا جو ایک مہرہ شطرنج کا ہے

بیرق ع علم دلستان اور جہنڈا لشکر کا۔

تیسری فصل

اون لغات کے بیان ہین جن کی اول حرف تا اور آخیر مین قاف ہے

تا با الف

تائق ع مشتاق یعنے وہ شخص جو صاحب شوق ہو۔

تاق ع آرزومند ہونا پر خو ہونا طامع ہونا

تا با تا

تتق ع سراپردہ خیمہ سنہرکا مقام چہپنے کی جگہہ

تا با حاء

تحقیق ع دریافت کرنا کھوج لگانا راستے چلنا۔
تحقق ع ثابت ہونا دریافت ہونا کھوج لگنا۔

تا با خا

تخماق ع میخ چوب یعنی کیلا جو لکڑی سے بنایا گیا ہو۔
تخریق ع چیرنا پھاڑنا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تخلق ع خلق کرنا خوگیر ہونا خوشخو ہونا۔

تا با دال

تدقیق ع باریک کرنا پتلا کرنا کسی چیز کو۔

تا با رای

ترفق ع مہربانی کرنا نرمی کرنا رحم دلی کرنا۔
تریاق ع معرب تریاک یہہ دوا مرکب ہے اسکو کہانے سے نباتی وحیوانی زہر کا اثر دور ہو جاتا ہے۔
ترفاق ت پاسبانی ونگہبانی وحفاظت کرنا

تا با زاے

تزریق ع ریا ونفاق ودروغ سے نسبت کرنا۔

تا با شین

تشویق ع شوق دلانا چاہ مین لانا کسی کو۔
تشوق ع آرزومند کرنا طمع دلانا کسیکو کسی بات مین۔

تا با صاد

تصفیق ع ایک برتن سے دوسرے برتن مین شراب ڈالنا برتن بدلنا
تصدیق ع کسیکو سچا جاننا اور اوسکے راستی پر قائل ہونا
تصادق ع ایک دوسرے کے ساتھہ راستی کرنا سچائی یا

تا با ضاد

تضایق ع باہم تنگ ہونا تنگی کرنا دشوار پکڑنا

تا با طاء

تطرق ع راہ پانا راہ پانا ڈھونڈنا راستے پر آنا۔

تطابق ع مطابق ہونا موافق ہونا۔
تطبیق ع مطابق کرنا موافق کرنا برابر کرنا۔

تا با عین

تعویق ع موڑنا قید کرنا منع کرنا دیر مین ڈالنا توقف مین لانا
تعلیق ع لٹکانا آویزان کرنا کسی چیز کو۔
تعمیق ع غور کرنا اندیشہ کرنا مغاک کرنا۔
تعمق ع غور کرنا کسی چیز کے کنہ کو پہونچنا دریافت کرنا
تعانق ع بغلگیر ہونا کسی کو بغل مین لینا۔
تعلق ع علاقہ رکھنا کسی سے کام یا خدمت لینا۔

تا با غین

تغلق ت سردار امیر سپہ سالار دولتمند۔

تا با فاء

تفوق ع بلندی چاہنا بلند ہونا صاحب رتبہ ہونا۔
تفریق ع جدا کرنا جدائی مین ڈالنا فرق کرنا۔
تفاریق ع جمع تفریق کے اس لفظ کی بہت سے فرقے جدا جدا یا
تفتیق ع پھاڑنا کھولنا ظاہر کرنا باہر لانا۔

تا با قاف

تقماق ع میخ کوب چوبی جسکو موگلی کہتے ہین

تا با لام

تلفیق ع جمع کرنا ترتیب کرنا درستی مین لانا۔

تا با میم

تملق ع نرم ہونا خوشامد کرنا نرمی مین آنا عجز کرنا۔

تا با نون

تنسیق ع انتظام کرنا ترتیب دینا بندوبست کرنا۔
تنمیق ع لکھنا نقش کرنا تحریر کرنا۔
تنسق ع مرتب ہونا تیار رہونا درست ہونا۔

تا با واو

توفیق ع موافق کرنا برابر کرنا کسی کو اوپر بقدر ہر ایک چیز کے
توافق ع یکجا ہونا موافق ہونا درست ہونا۔
توفق ع یکسان ہونا ایکسا ہونا۔
توثیق ع محکم و استوار کرنا مضبوط کرنا
توق ع آرزومندی و غلبہ شہوت و ترقی حرص۔

تا با یا

تیق ع بدخو و بدمزاج و بدگو و بدکلام آدمی

چوتھی فصل

ان لغات کے بیان مین جن کی اول حرف جیم اور اخیر مین قاف ہے

جیم با الف

جاثلیق ع رئیس ترسائیان یعنی قوم نصاریٰ کا سرگروہ
جارطاق ف چھوٹا خیمہ اور چھوٹا سراپردہ۔
چاق ت سالم و تندرست و صحیح الجسم

جیم با فا

جفتہ طاق ف کنایہ ابرو یعنے انسان کی بھوین

جیم با قاف

جق بق ع شور و غوغا و گفتگو لاحاصل یعنی بک بک۔
چقاچاق غ آواز تیغ یعنے تلوار کی آواز۔
چقماق ف وہ لوہا جو پتھر مار کر آگ نکالتے ہین
چق ف مدہانی وہ بلونے کی جو چار گوشہ بنی ہوئی ہوتی ہے

جیم با لام

جلق ع مشت زدن اور دخل سے اول انزال کرنا یہ لفظ زلق کے لفظ سے مبدل ہوا ہے۔

جیم با میم

جماق ف گرز آہنی شش پہلو و چوب دستی سطبر جسکا سر گرہ

دار ہو کنایہ آلہ تناسل۔

جیم با واو

جوزق ف وہ کپاس کا جس مین روئی ہوتی ہے۔
جوق ف فوج و گروہ و مجمع و ہجوم لشکر کا۔

پانچوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کی اول حرف حا اور اخیر مین قاف ہے

حا با الف

حاق ع میانہ ہر چیز کا اوسط ہر چیز کا۔
حاذق ع زیرک و دانا و عقیل و ہشیار و صاحب ہنر

حا با دال

حدق ع گرد کرنا اور دورہ اور گولائی ہر چیز کی
حدق ع سیاہی آنکھون کی اور بادنجان یعنی بینگن جو مشہور ترکاری ہے۔
حدائق ع باغ ہای پر درخت جسکے گرد دیوار ہو یہ حدیقہ کی جمع ہے

حا با ذال

حذاق ع دانا زیرک عقلمند۔

حا با رے

حراق ع سوختہ جسپر چقماق سے آگ لیتے ہین اور اس مین آگ سرایت کر جاتی ہے
حراق ع بہت جلانے والا جسکی گرمی سے دوسری چیز جل اوٹھے
حریق ع سوزش اور جلا ہوا اور آگ شعلہ زن مجازاً دوزخ
حروق ع ایدھن یعنی سامان آگ جلانے کا۔
حرق ع جلنا آگ سے۔

حرق ع آگ جو مشہور عنصر ہے فارسی مین آتش کہتے ہین

حا با صاد

حصحص الحق ع ظاہر ہوا حق یہ کلمہ زلیخا نے بوقت تحقیقات مقدمہ یوسف کے روبرو بادشہ کے کہا تھا۔

حا با طا

حطبوق ع آشنا و یار و دوست و رفیق۔

حا با قاف

حقیق ع ثابت و سزاوار جسکے حق ہونے مین شک نہو

حق ع ثابت و سزاوار و واجب و راستی و درست و قدرت

حقائق ع جمع حقیقت یعنی ماہیت و کیفیت ہر ایک چیز کی

حقوق ع جمع حق کی یعنے حقوق مادری و پدری و فرزندی وغیرہ۔

حق ع چاک اور وہ گنبد جو بندگاہ استخوان ہین آہی۔

حا با لام

حلق ع گلا اور نای اور بال مونڈنا استرہ سے

حلاق ع سر مونڈنے والا اور استرہ اور حجام یعنے نائی جو سر مونڈتا ہے۔

حا با میم

حمق و حموق ع بیعقلی و نادانی و بیوقوفی و جہل و بیخبری

حا با نون

حنق ع کینہ و غصہ شدید جو انسان کے دل مین ہو۔

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف خا اور آخر مین قاف ہے

خا با الف

خالق ع پیدا کرنے والا یہ لفظ خدا کا نام ہے

خارق ع پھاڑنے والا و کرامت ولی کی۔

خانق ع گلا گھونٹنے والا گلا دبانے والا

خافق ع دھڑکنے والا جسکا سر ہلتا رہے۔

خا با رے

خرق ع پھٹنا پارہ ہونا ٹکڑے ہونا کسی چیز کا۔

خرق ع شرم و حیا کرنا ایسے موقع پر کہ مناسب نہو و حمق و بیوقوفی و بدتر سندگی

خریق ع پھٹا ہوا پردہ یا خیمہ و سراپردہ وغیرہ۔

خا با طا

خط ازرق نام خط چہارم منجملہ ہفت خطوط جام جمشید کے

خا با فاے

خفرق ع زشت و مکروہ و نام مطلوع۔

خفرق ع بے غیرت دیوث معرب خفرگ و خفرگ مخفف خفتہ رگ یعنے بے عزت

خفرلق ع زشت و بد و شرم و ندامت و عار و ننگ

خفیق ع پانی اور ہوا کے چلنے کی آواز و نیز خفقان اور ہلنا مین اور گلنے والا و نام بیماری کا

خفنجاق ت نام قوم ترکان صحرانشین و نام مقام جہان وہ قوم رہتی ہے

خا با لام

خلوق ع دہنی خوش و نوع خوشبوئی خوش

خلائق ع خلقت اور خدا کی پیدا کی ہوئی عام و خاص لوگ۔

خلاق ع بہرہ تمام اور پورا حصہ۔

خلاق ع ایک قسم کی خوشبو جو نہایت تیز ہوتی ہے۔

خلاق ع بہت پیدا کرنیوالا و نام حقتعالے کا۔

خلق ع پیدا کرنا اور پیدا ہوا اور پیدا ہوئی ہوئی چیز اور اندازہ کرنا جھوٹ بولنا

خُلق ع خوی و عادت و مروت و دین و طریق۔
خَلَق ع پرانا ہونا کپڑے کا اور پرانا کپڑا۔

خا با نون

خَندق ع کہائی کسی قلعہ یا شہر کی۔
خَنادق ع جمع خندق کی بہت سی کہائیان۔
خُناق ع بیماری حلق کی مشہور ہے جسمے بیمار کا گلا گھٹ جاتا ہے
خَنق ع گلا گھونٹنا اور جسکا گلا گھونٹا ہو۔

خا با واو

خوارق ع خلاف عادت کام کرامت و معجزہ ولی یا نبی کا۔
خَوَرنق ع نام کوشک کے نعمان بن منذر بادشاہ کی ذریعے بہرام گور کے لئے تعمیر کیا تہا۔

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف دال اور اخیر مین قاف ہے

دال با الف

دَانق ع معرب دانگ جو مشہور وزن ہے۔
دافق ع کودنے والا رقص کرنے والا۔

دال با با

دِبق ع سریش مشہور چیز ہے جسمے لکڑی جوڑتے ہین

دال با را

دَرق ع سپر یعنی ڈہال جو ایک مشہور ہتہیار ہے۔

دال با فا

دَفق ع پانی ٹپکانا یا پانی چہوڑنا کسی چیز سے۔

دال با قاف

دق ع گدائی اور ایک قسم کا لباس پشمینہ کا جو بہت نفیس ہوتا ہے اور اعتراض و مواخذہ کرنا۔
دَق ع کوٹنا آٹا بنانا دروازہ کہڑکانا۔
دِق ع باریک دانہ کہ فارسی چار و نام مرض بخار۔
دَقیق ع باریک اور تہوڑی چیز اور عجیب و غریب چیز۔
دَق و لَق ع صحرای بے گیاہ و بے درخت۔
دُقاق ع باریک و اندک و عجیب و غریب چیز۔
دِقاق ع جمع ہے دقیق کے لفظ کی باریک چیزین۔
دَقّاق ع آرد فروش و قصار جو کپڑے کو کوٹتا ہے اور بیان کرنے والا کسی چیز کا۔

دال با لام

دُلق ع فقیرون کی گودڑی و فرومایہ و ناقص و ناکارہ۔
دَلق ع تیز زبان شخص اور بیدھڑک کلام کرنے والا۔
دَلق ع گربہ صحرای معرب دلہ جسکی معنی جنگلی بلی کے ہین۔

دال با میم

دِمشق مشہور دِمشق نام شہر شام مین بنا کیا ہوا دمشاق غلام نوح

دال با ہا

دِہاق ع پر و مالامال و بہرا ہوا و لبالب۔

آٹہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف ذال اور اخیر مین قاف ہے

ذال با الف

ذات عرق نام مقام جسجگہہ عراقی احرام باندہتے ہین۔
ذائق ع چکہنے والا مزہ پانے والا اور جسنے ذوق۔

ذال با رے

ذَرق ع سرگین مرغ یعنی مرغ کی بیٹ۔

ذال با لام

ذَلق ع تیز زبان ہونا بی آرام ہونا بیچال ہونا مرغ کا تیزی ہر چیز کی

ذلیق ع تیز زبان و سنان تیز یعنے تیز برچھی۔

ذال با واو

ذوق ع مزہ چکھنا و لذت پانا و مزہ لینا و نشاط و عشق حاصل کرنا

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف رای اور اخیر مین قاف ہے

رای با الف

رائق ع اسم فاعل رتق سے باندھنے والا گرہ دینے والا

راووق ع پالونہ شراب کا یعنے وہ کپڑا جس سے شراب چھانتے ہین اور شراب صاف کی ہوئی۔

رازق ع رزق دینے والا یہہ نام خدا تعالے کا ہے

رایق ع آب صاف و جاری بہتا ہوا پانی دریا یا چشمہ کا۔

رای با تای

رتق ع باندھنا بندوبست کرنا پیوند کرنا۔

رتق و فتق ع باندھنا کھولنا یعنے بندوبست و انتظام کسی کام کا

رای با حای

رحیق ع شراب خالص صاف و خوش رنگ۔

رای با زای

رزق ع روزی جو آدمی کہاتا ہے

رزاق ع روزی دینے والا روزی پہونچانے والا یہہ نام خدا تعالے کا ہے۔

رای با فای

رفق ع نرمی و ملاطفت و دوستی و رحم دلی و رفاقت

رفیق ع دوست نرمی کرنیوالا رحم دل۔

رفاق ع جمع رفیق کی یعنے دوست و نرمی کرنے والے

رای با قاف

رقیق ع باریک اور پتلی چیز جیسے پانی و شراب وغیرہ۔

رقائق ع چیزہای باریک یہہ لفظ رقیق کی جمع ہے۔

رقاق ع پتلی روٹی جسکو ہندی مین پھلکا کہتے ہین

رق ع بندگی و غلامی و تابعداری و خدمتگاری۔

رق ع ہرن کا چمڑا جسپر لکھتے ہین اور وہ چمڑا کاغذ کی طرح بنایا جاتا ہے اکثر بادشاہی اسناد جنکو دیرتک رکھنا منظور ہوتا ہے اوسپر لکھے جاتے ہین۔

رای با میم

رمق ع بقیہ جان یعنے کبھی ظاہر اور کبھی پوشیدہ۔

رای با واو

رواق و رواق ع مکان کا چھجہ ابر و سحاب

رونق ع چمک زیبایش زینت و حسن کسی چیز کا۔

رای با ہای

رہق ع نزدیک ہونا گمراہ ہونا جھوٹ بولنا تہمت باندھنا اور کسی چیز کے گرد بیٹھنا اور چھپانا اپنے آپ کو فسق و فجور و جھوٹ و حرام پر مستعد کرنا تکبر کرنا مغرور ہونا۔

رہاق ع ابتدای بلوغ یعنے عمر بلوغ کی ابتدا۔

رای با یای

ریق ع آب دہن اور ناشتا وہ حالت جب کچھ نہ کہایا ہو۔

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف زای اور اخیر مین قاف ہے

زای با رای

زرق ع دغا و مکر و ریا و نفاق اور سرگین ڈالنا مثلا جانور کے بہرنا اور گردش آنکھون کی اور ڈالنا دارو کا کسی جگہہ مین

زرق بہت سے کبود چشم اور اندھے اور رنگ کے تودے اور پانی صاف جسمین کدورت نہو۔
زُرَق ع کبود چشم ہونا یا پانی کا میل سے۔
زُرَّق ع مرغ شکاری جسکو جرعہ کہتے ہین اور نوحہ کرنا
زَرّاق ع صاحب نفاق دریا و منافق و دغا باز۔

زای با عین

زعاق ع شور مزہ یعنے نمکین مزہ۔

زای با قاف

زِق ع پانی کی مشک جو چمڑے کے بہشتی رکھتے ہین۔

زای با لام

زلق ع پھسلنا اور زمین ہموار بے گیاہ اور ہاتھ سے انزال کرنا مشت مارنا جلق بھی اسکو کہتے ہین۔

زای با نون

زِندیق ع وہ شخص جو خدا اور قیامت کا قایل نہو اور اعتقاد رکھے کہ زمانہ قدیم سے ایسا چلا آیا ہے اور ایسا ہی رہے گا اس مخلوق کا کوئی خالق نہین خود بخود سب چیز پیدا ہوتی ہے اور خود بخود فنا ہوتی ہے ہر ایک اہل مذہب کے نزدیک یہہ شخص کافر ہے۔
زنبق ع چنبیلی کا پھول جو ایک مشہور پھول ہے۔

زای با واو

زورق ع چھوٹی کشتی جو دریا مین چلاتے ہین۔

زای با ہا

زَہَق ع زمین جنگل کی جسمین درخت اور پانی نہو۔
زہوق ع نیست و نابود ہونا فنا ہونا مر جانا۔
زُہوق ع نابود ہونا ہلاک ہونا گذرنا تیر کا نشانہ سے۔

زای با یا

زیہاق ف طبیعت فرمانبردار و کوئی جسکو ظلم کرنے کی عادت ہو

زیبق ع سیماب یعنے پارہ جو ایک مشہور دہات ہے

گیارہوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف سین اور اخیر مین قاف ہے

سین با الف

ساق ع پنڈلی جو مشہور عضو ہے۔
سارق ع چور جو کسی کی چیز چراوے۔
ساحق ع پیسنے والا رگڑنے والا پیس کر باریک کرنیوالا
سابق ع پہلا اور سبق دینے والا علم و ہنر کا۔
ساخوق ع وہ اسباب جو داماد عروس کے گھر عروس کے لیے شادی سے پہلے بھیجتا ہے ہندی مین اسکو بری کہتے ہین
سائق ع پیچھے سے ہٹکانیوالا دہکا دینے والا۔

سین با با

سبق ع آگے چلنا اور اون سے لانگ جانا رفتار یا کسی کام مین
سَبَق ع شرط باندہنا اور اندازہ پڑہنے کا جسقدر پڑھا جاوے
سباق ع دوڑنے مین پیچھی پکڑنا آگے لنگ جانا۔

سین با دال

سدق ت ترکش جس مین بہت سے تیر رکھے جاتے ہین

سین با را

سرمشق ف اوستاد کا لکھا ہوا قطعہ جسکو دیکھہ کر شاگرد مشق کرے اور خط درست کرے۔
سرادق ع سراپردہ و شامیانہ و خیمہ وغیرہ۔
سروق ع بہت چوری کرنیوالا بھاری چور۔
سرمق ع ایک قسم کا سبزہ ہے جسکو تھوا کہتے ہین
سرورق ف پہلا ورق کتاب کا جسپر کتاب کا نام لکھا ہو۔

سین با غین

سُغرَاق ت قدح بزرگ یعنے بڑا پیالہ پانی کا۔
سُغرَاق ت شراب اور شربت کا پیالہ اور کوزہ ٹوٹی دار یعنی آفتابہ

سین با لام

سِلق ع چقندر جو ایک ترکاری مشہور ہے۔
سَلجُوق ت نام جد بزرگوار شاہان سلجوق جو ایک بادشاہی خاندان مشہور ہے
سُلاق ت سرخ اور غلیظ ہونا اور پلک آنکھ کی۔

سین با میم

سُماق ع نام ایک میوہ ترش کا ہے جو نہایت کھٹا ہوتا ہے
سَماق ع نام ایک قسم کے پتھر کا جو قیمتی ہوتا ہے

سین با نون

سَنجق ر رومی زبان میں علم فوج و نشان و کمربند کو کہتے ہیں
سَنا بَرق ع بجلی روشن اور چمکنے والا بادل
سنگ مِشق ف کنایۃً کھوٹی جسپر سونا پرکھتے ہیں

سین با واو

سَوابِق ع اگلی باتیں گذشتہ قصے قدیمی تواریخ
سُوءِ طَرِیق ع بدراہی و راہ بد و گمراہی خلاف شرع کی کام
سُوق ع بازار و جمع ساق پنڈلیاں جو مشہور عضو ہے
سَوِیق ع ستو جو و گندم کی بناکر کھاتے ہیں

سین با یا

سِیاق ع چلانا اور علم حساب کا جسکے متعلق حساب ہے
سَیّئ الخُلق ع بدخلق آدمی ترش مزاج و بدخو۔

بارہوین فصل

ان لغات کے بیان میں جن کی اول حرف شین اور آخر میں قاف ہے

شین با الف

شَاہِق ع بلند اور نہایت بلند وجا نشین جو بلندی پر ہو۔
شَارِق ع روشن کنایۃً آفتاب یعنے سورج۔
شَاق ع دشوار و کار دشوار سخت کام۔
شَایِق ع صاحب شوق جسکو کسی چیز کی طرف رغبت ہو۔

شین با با

شَلق ت طمانچہ مارنا یا پتھر مارنا۔

شین با دال

شَدق ع فراخ ہونا دونوں لب کے گوشوں کا۔
شِدق ع دونوں لبوں کے گوشے۔

شین با را

شَرق ع آفتاب اور روشن اور جاے طلوع آفتاب
شُرُوق ع طلوع آفتاب و ظہور و روشنی۔

شین با فا

شَفَق ع سرخی شام کی جو آفتاب کے غروب کے بعد ظاہر ہوتی ہے
شَفِیق ع مہربان و دوست نرم دل صاحب شفقت کا۔

شین با قاف

شَقَایِق ع گل لالہ اور تمام پہول ہر قسم کے پہول
شَق ع شگاف اور شگاف کرنا اور دشوار و سخت کام اور نام ایک قلعہ کا قلاع خیبر سے جو مدینے کی نواح میں ہے۔
شِق ع نصف اور حصہ کسی چیز کا اور ٹکڑا اور کنارہ پہاڑ کا و برادر و دوست و رفیق و مہربان۔
شَقِیق ع برادر یعنی بہائی اور دوست و رفیق و مہربان
شِقَاق ع مخالفت و دشمنی کرنا عداوت کرنا۔

شین با لام

شَلَاق ت ہاتہہ یا لکڑی سے مارنا و مرد شوخ و فتنہ گر و فساد انگیز
شَلتَاق ت جنگ و خرخشہ لڑائی جہگڑا فساد

شین با واو

شَوَاہِق ع بلندیاں اور وہ چیزیں جو بلند ہوں خود لفظ شہیق سے جسکے معنی بزرگی کے ہیں۔

شَوَارِق ع روشنیاں اور چمکاری ستاروں کی۔

شَوْق ع رغبت اور لگاؤ دل کا کسی چیز کی طرف۔

شین با ہا

شَہِیق ع پہلا آوازہ گدہے کا جو بلند ہوتا ہے اور آخیر آواز باریک کو زفیر کہتے ہیں۔

شَہُوق ع بلند ہونا اونچے ہونا اوپر کو چڑہنا۔

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف صاد اور اخیر مین قاف ہے

صاد با الف

صَادِق ع راست گو سچا آدمی سچ بولنے والا۔

صاد با دال

صِدْق و صَدَق ع راستی اور سچ جس مین جھوٹ نہو۔

صُدُق ع جمع صدق کی سچی باتین راست تقریرین۔

صَدَاق و صِدَاق ع حق مہر عورت کا جو نکاح مین باندہتے ہیں۔

صِدِّیق ع بہت سچ بولنے والا اور لقب ابو بکر صدیق خلیفہ اول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا۔

صَدِیق ع دوست و دوستان یعنی ایک دوست اور بہت سے دوست۔

صاد با فا

صَفِیق ع پوست درشت اور کپڑا سخت بنا ہوا اور وہ منہ جو حیا نرکہتا ہو بے حیا چہرہ۔

صِفَاق ع وہ پردہ جو ما بین ذبحان کے آنتوں کے گرد ہوتا ہے۔

صاد با نون

صُنْدُوق ع صَنْدُوق مشہور لفظ ہے وہ ظرف لکڑی وغیرہ کا جس مین اسباب رکہین۔

صَنَادِیق ع جمع صندوق کے لفظ کی یعنے بہت سے صندوق

صاد با واو

صَوَاعِق ع جمع صاعقہ بجلی کی آگ اور بجلی کے چمکاری۔

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف ضاد اور اخیر مین قاف ہے

ضاد با یا

ضِیق ع تنگی و دشواری و سختی و مشکل

ضَیِّق ع تنگ و دشوار و سخت و مشکل۔

پندرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف طا اور اخیر مین قاف ہے

طا با الف

طَاق ع دیوار حصار و دستار اور اکیلا اور فرد ضد جفت کی

طَاقِیّ ع تو آہنی جسپر روٹی پکاتے ہیں۔

طَالِق ع رہا ہیئی ہوئی والا طلاق دی ہوئی والا عورت منکوحہ کو۔

طَارِق ع حادثہ سخت اور ستارہ جو صبح کو چڑہتا ہے اور ہر چیز جو رات کو ظاہر ہو اور جادوگر۔

طا با با

طِبَاق ع موافق کرنا اور طبقے جو نیچے اوپر ہوں۔

طَبَق ع موافق و برابر و ظرف جو معروف ہے اور نام بیماری جیسے گھوڑے کی ناف ورم کر جاتی ہے۔

طِبْق ع طریق و دستور و طرح و طرز و روش

طا با رای

طُرق و طُرُق ع جمع طریق کی یعنی بہت راہ و رستی۔
طَرِیق ع راہ اور ایک شکل رمل کا نام ہے۔
طَرق ع پانوٹہو کنا زمین پر لات مارنا۔
طَراق ع آواز تازیانہ کی جو مارنے کے وقت نکلے۔

طا با قاف

طق طق ع وہ آواز جو دو چیزون کے مارنے سی ظاہر ہو جیسے آواز دستک کی۔

طا با لام

طَلاق مع کشادگی و رہائی اور چہوٹنا عورت کا قید نکاح سی و عیش و عشرت۔
طَلق جننے کا درد جو عورت کو پیدا ہوتا ہی اور ابرق یعنے ابرک و شراب۔

طا با واو

طمطراق ع کروفر شان و تجمل اور بڑائی شیخی۔

طا با واو

طَوق ع طاقت و توانائی و گردن بند و حلقہ گلے مین ڈالنیکا اور جو چیز گول ہو اور کسی چیز کے گرد۔
طَوارِق ع سختیان جو رات کو واقع ہون

سولہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف عین اور اخیر مین قاف ہے

عین با الف

عاشِق ع صاحب محبت کرنے والا شیفتہ و شیدا و دیوانہ
عاق ع ماں باپ کا نافرمان عاصی اپنے استاد و مرشد کا۔
عائق ع منع کرنے والا باز رکہنے والا اٹہانے والا۔

عین با بار

عَبق ع خوشبو دار یعنے جس چیز سے خوشبو آوے

عین با تار

عِتق ع آزادی و رہائی کسی قید سے۔
عَتِیق ع دیرینہ و کہنہ و آزاد شدہ و گرامی و برگزیدہ۔
عِتَاق ع آزاد ہونا رہائی پانا خلاصی پانا۔

عین با رای

عِرق ع رگین بدن کی اور بیخ درخت کی۔
عَرَق ف پسینا جو انسان و حیوان کو آتا ہے۔
عِرق ع رگ اور بیخ درخت کی۔
عَرق ع گوشت استخوان سے الگ کرنا اور وہ استخوان جو گوشت سے الگ کی گئی ہو۔
عِراق ع نام ملک اور عراق دو ہین ایک عراق عجم دوم عراق عرب عراق عجم مین خراسان اور اصفہان اوس مین داخل ہے اور عراق عرب بغداد وغیرہ ملک ہے اور عراق بزبان عربی اوس ملک کو کہتے ہین جو دریا کے کنارے ہو۔

عین با شین

عُشَّاق ع نہایت عاشق اور نام مقام موسیقی کا۔
عَشُوق ع بہت عشق کرنے والا بہت پیار کرنیوالا۔
عِشق ع بہت دوست رکہنا اور یہ ایک مرض جسمانی خلل دماغ سے ہے ماخوذ عشقہ سے جو ایک بیل کا نام ہی جس درخت پر پیدا ہوتی ہے اوسکو خشک کر دیتی ہے۔

عین با قاف

عَقعق ع زاغ یعنے کوا جو ایک مشہور جانور ہے۔
عُقُوق ع نافرمانی ماں باپ کی اور عاق ہونا ماں باپ سے
عَقِیق ع ایک قسم پتہر کا نام ہی جو سرخ و سپید و زرد ہوتا ہے

عین با لام

علق ع خون بستہ و کرم سیاہ جسکو فارسی مین زلو اور ہندی مین جونک کہتے ہین اور ہر چیز جو کسی چیز کے ساتھ ملی ہو۔

علوق ع ملنا اور دوست رکھنا جم جانا خون کا عورت کے رحم مین یا نطفہ کا آغاز حمل مین۔

علے الاطلاق ع بے قید خود مختار شخص۔

علائق ع جمع علاقہ کی بہت سے علاقے و لگاؤ۔

عین با میم

عمق ع گہرا پن چاہ و حوض و دریا کا۔

عمق ع گہرا ہونا پانی چاہ و تالاب وغیرہ کا۔

عمیق ع ژرف اور گہرا و دراز۔

عمعق ع نام شاعر جو عرب کی ولایت مین رہتا تھا۔

عین با نون

عنق ع گردن عنق بھی درست ہے یعنی نون کے ضمہ یا نون کی جزم سے۔

عناق ع بزغالہ مادہ ولادت سے چار ماہ تک۔

عین با واو

عوق ع پھیرنا موڑنا باز رکھنا کسی کو کسی کام سے

عوائق ع موانع و حوادث جمع عائقہ جسکے معنی مانع کے ہین

عین با یا

عیوق ع نام ستارہ جو سرخ رنگ اور روشن ہوتا ہے کہکشان کے دہنے طرف اور ثریا کے پیچھے نکلکر آگے نکل جاتا ہے مشتق عوق سے۔

ستر ہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف غین اور اخیر مین قاف ہے

غین با الف

غاق ع آواز کوے کی جو ایک مشہور جانور ہے۔

غین با با

غبوق ع وہ شراب جو رات کو پئین

غین با دال

غدق ع بہت پانی جو کہین کھڑا ہو۔

غین با را

غریق ع ڈوبا ہوا یعنی جو شخص پانی مین ڈوب چکا ہو۔

غرق ع مصدر ہے تمام و کمال پانی مین چلا جانا۔

غرق ع غرق ہوا ہوا آدمی ڈوبا ہوا پانی مین۔

غرنوق ع جوان زیبا شکل خوبصورت جوان۔

غرانیق ع جمع غرنوق کے لفظ کی بہت سے خوبصورت جوان

غین با سین

غسق ع تاریکی اول شب پہلی رات کا اندھیرا۔

غساق ع گندہ ریم و زرد آب وغیرہ جو زخم سے نکلے۔

غین با لام

غلق ع دروازہ بند کرنا و دروازہ لگانا۔

غلق ع وہ لکڑی جس سے دروازہ بند کرتے ہین فارسی مین اوسکو کلیدان کہتے ہین اور ہندی مین ہتوڑا۔

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف فا اور اخیر مین قاف ہے

فا با الف

فاروق ع فرق کرنے والا حق و باطل مین اور جدا کرنے والا کفر و اسلام کو اور لقب عمر ابن الخطاب خلیفہ ثانی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا

فائق ع بہتر و برگزیدہ و افزون و زیادہ۔

فارق ع فرق کرنیوالا جدا کرنیوالا علیحدہ کرنیوالا ۔
فاسق ع بدکار یعنے شرابی و زانی و دزد وغیرہ بد اعمال کرنے والا ۔
فالق ع نکالنیوالا ظاہر کرنیوالا روشن کرنیوالا ۔
فاتق ع شگافتہ یعنے والا چیرنے والا سوراخ کرنیوالا ۔
فاق ع سوفار تیر کا اور چلہ کمان کا مجازاً تیر ۔

فا با تا

فتق ع کشادگی و نام بیماری جسمے ایک خصیہ بڑا ہو جاتا ہے

فا با را

فرق ع جدا کرنا فرق کرنا مانگ نکالنا اور سر و میانہ سر ۔
فرق ع گلہ بکریوں کا اور بھیڑوں کا ۔
فراق ع جدائی جو درمیان دو دوستوں کے عاید ہو ۔
فرق ع جمع فرقہ جماعتیں اور بہتسے گروہ ۔
فرزدق ع نام ایک شاعر کا جو عرب میں رہتا تھا ۔
فریق ع ایک حصہ گروہ کا یعنی ایک قوم اور ایک جماعت
فروق ع فرق کرنا جدائی ڈالنا دو چیزوں میں ۔
فروق ع فرق کرنے والا جدا کرنے والا ۔

فا با سین

فستق ع معرب پستہ جو ایک مشہور میوہ ہے ۔
فسوق ع فسق یعنے بدکاری اور خلاف شرع کے کام کرنا
فسوق ع ہمیشہ فسق کرنیوالا آدمی بدکار آدمی ۔
فسق ع بدکاری کرنا گنہ کرنا گنہ گار ہوتا ۔

فا با لام

فلق ع شگافتن یعنے پہاڑنا چیرنا کسی چیز کو ۔
فلق ع سپیدہ صبح صادق صبح کی روشنی جو ابتدا میں ہو

فا با نون

فندق ع نام میوہ سرخ رنگ جو نہایت سخت ہوتا ہے

فا با واو

فواق ع ڈکار یا ہچکی نکلنا ہوا کا منہ سے ۔
فوق ع اوپر بلندی عزت و آبرو اور اونچائی ۔

اونیسویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اول حرف قاف اور اخیر میں قاف ہے

قاف با الف

قاطع طریق ع راہزن یعنے وہ شخص جو راہ میں ڈاکہ مارے
قاتق و قتق ت ترشی یعنے کھٹا مزہ ۔
قاشق ت چمچہ جو ایک مشہور چیز ہے ۔
قادر علی الاطلاق ع صفات قدرت پر کار یعنی خداوند کا جو ہر چیز پر توفیق و قدرت رکھنے والا
قاق ت لاغر و نزار خشک کیا گیا ہوا گیا اور گذرا اور مرد دراز قد اور ایک قسم کی روٹی معرب کاک ۔

قاف با با

قبچاق ت نام دشت درمیان توران و ترکستان اور قوم ترک جو وہ مردم کش وہاں بستی ہے ۔

قاف با را

قراق و قرلق ت خدمتگار نوکر چاکر فرمانبردار ۔
قرق ع آواز ماکیان اور ترکی میں دنبہ جو ایک مشہور جانور ہے
قرق ع ترکی میں نگہبانی اور عربی میں ضبط کرنا کسی چیز کا اور منع کرنا کسی چیز سے کسیکو باز رکھنا ۔
قرق ع منع ہونا باز رہنا کسی چیز سے ۔
قرطق ع پیراہن معرب کورتہ کے لفظ کا ۔
قرمساق ت بیغیرت دیوث آدمی جسکو اپنی جورو کی غیرت نہو

قاف با زا

قزاق ت راہزن رستہ لوٹنے والا ڈاکہ مارنے والا ۔

قاف با شین

قشلاق ع جاے گرم جس مین زمستان مین رہین -

قاف با صاد

قصب السبق ایک نیزہ میدان مین گاڑکر گھوڑے دوڑاتے ہین جو آگے نکل جاتا ہے جیت جاتا ہے یہہ ایک سپاہیانہ بازی ہے اور ہار جیت بھی اس مین ہوتی ہے -

قاف با طا

قطاع الطریق ع رہزنان یعنی رستہ لوٹنے والی اور ڈاکو -

قطاریق ع فتنہ و شور و غوغا و فساد و بیفایدہ جھگڑا -

قاف با لام

قلاق ت نام قوم ترک جو جوان مرد ہوتے ہین -

قلپاق ت کلاہ یعنی ٹوپی جو آدمی سر پر رکھتے ہین

قلجاق ت دستانہ آہنی جو ہاتھہ پر چڑہاتے ہین -

قلاق ت گوش یعنی کان جسسے آدمی سنتا ہے -

قلق ع بیقراری بے آرامی و حالت اضطرار -

قلق ع بیقرار و بے آرام اور مضطرب اور بے چین آدمی

قاف با نون

قنداق ت بندوق کا کندہ جو مشہور چیز ہے -

قنق ت مہمان جو اپنے گھر کھانا کھانے کو آوے -

قاف با واو

قوارق ت منع کیا گیا باز رکھا گیا ہٹایا گیا -

قورق ت شکارگاہ و چراگاہ جسسے گھاس کاٹنے نہ دین اور سبزہ اوسکا بڑھ جاے اور جانوران شکار سے لائق اوس مین رہین -

قونشلق ت ہمسایگی اور پڑوس پاس ہاس رہنا -

قاف با یا

قیماق ت دودہ کی ملائی جو گرم دودہ کے اوپر آجاتی ہے

بیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف کاف اور آخیر مین قاف ہے

کاف با لام

کلمح البرق ع بقدر چمک بجلی کی مجازاً جو چیز نہایت جلدی ہو

کاف با واو

کوہ محروق ف ایک پہاڑ کا نام ہے جو ہمیشہ جلتا رہتا ہے -

کاف با یا

کیف ما یتفق ع جسطرح اتفاق پڑتا ہے کسطرح اتفاق پڑتا ہے

کیف ما اتفق ع جسطرح اتفاق پڑا -

اکیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف لام اور آخیر مین قاف ہے

لام با الف

لاحق ع وہ چیز جو پیچھے آکر دوسری چیز کے ساتھہ ملحق ہو جاے یعنی مل جائے -

لائق ع بہتر اچھا و سزاوار لیاقت و صاحب علم و ہنر -

لام با با

لبق ع زیرکی و دانائی و تملق و چرب زبانی و خوشامد

لبق ع مرد زیرک و ہوشیار و صاحب عقل و ہوش

لبق ع لائق ہونا استاد ہونا دانا ہونا -

لام با ثا

لثق ع تر ہونا بھیگ جانا پانی یا عرق سے -

لام با حا

لحوق ع لاحق ہونا آپسمین ملنا دو چیزون کا

لام با صاد

لَصُوق ع چسپان ہونا چمٹ جانا ایکچیز کا دوسری چیز کی شتا

لام با فاء

لَفَق ع دو کپڑون کو یکجا سینا۔

لام با عین

لَعُوق ع پتلی دوا جسکو چاٹ لین یا پی لین۔

لام با قاف

لَقّ وَدَق ع ویران جنگل جس مین گھاس و درخت نہون

لَقّ ع بے مو وصاف جسکے بدن پر بال نہون اور جس زمین پر گھاس نہو۔

لَقلَق ع معرب لکلاک نام جانور جو سانپ مچھلی کو شکار کرتا ہے

لام با واو

لَوَاحِق ع لاحق کی جمع ہے یعنے وہ چیزین جو پیچھے سے آکر ملین

بائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف میم اور اخیر مین قاف ہے

میم با الف

مَافَوق ع جو چیز بلند ہو یعنی سب سے اونچی نظر آتی ہو۔

مَاسَبَق ع پہلی بات جو پہلے ہو چکی ہو۔

مَاق ع آنکھہ کا کونا جو ناک کیطرف ہو۔

مَارِق ع دین سے مرتد ہونیوالا گمراہ بیدین کافر

مَاصَدَق ع وہ بات جو سچ ہو۔

مَالَا یُطَاق ع وہ شخص جو قدرت وطاقت مین سب سے زیادہ ہو

میم با باء

مُبَدرِق ع رہبر ساتھہ چلنے والا رہنما و بدرقہ۔

میم با تاء

مُتَمَزِّق ع پھٹ جانیوالا انشگاف پانے والا۔

مُتَعَلِّق ع لگاؤ رکھنے والا علاقہ رکھنے والا۔

مُتَفَرِّق ع فرق کیا گیا جدا کیا گیا۔

مُتَّفِق ع ملا ہوا پیوستہ ہوا اتفاق کیا ہوا کسیکے ساتھ

مُتَطَرِّق ع راہ پانے والا راہ پیدا کرنے والا۔

مُتَضَایِق ع باہم تنگی کرنیوالا تنگ ہونے والا۔

میم با حاء

مُحتَرِق ع جلا ہوا آگ سے خاکستر ہوا ہوا۔

مُحَقِّق ع تحقیق کرنیوالا راستی ڈھونڈنیوالا۔

مَحقُوق ع ثابت کیا گیا حق پہچانا گیا درست کیا گیا۔

مَحق ع باطل کرنا پاک کرنا گھٹنا گھٹانا۔

مُحِقّ ع وہ شخص جسکے حق ثابت ہو و امر معقول و دلیل ثابت

مَحَاق ع گھٹنا اور ایام چاند کے گھٹنے کے۔

مُحرِق ع جلانیوالا سوختہ کر دینے والا اور نام ایک قسم کے تپ کا جس سے انسان کے سب خلطین جل جاتی ہین اور وہ بہت جلد مرجاتا ہے مہلک بیماریون سے یہہ بیماری ہے۔

مُحَرَّق ع جلایا گیا یعنے وہ چیز جو جلا دی گئی ہو۔

میم با خاء

مِخرَاق ع دُرّہ جو کپڑے مین لپیٹ کر مارتے ہین۔

مُخَرِّق ع پھاڑنے والا جدا کرنیوالا اور وہ شخص جو خرق عادت ظاہر کرے یعنے معجزہ یا کرامت دکھلائے پیغمبر ہو یا ولی جنسے خرق عادت سرزد ہوتی ہے

مُختَنِق ع گلے سے پکڑا گیا گردن سے دبایا گیا۔

مَخنُوق ع گلے سے گھونٹا گیا۔

مَخلُوق ع پیدا کیا گیا اور وہ چیز جو پیدا ہو چکی ہو۔

میم با دال

مُدَقوق ع بیمار تپ دق کا دبلا غرور کوفتہ و باریک و قریب المرگ-
مُدَقِق ع باریک کام کرنیوالا اور مرد دقیقہ شناس

میم با ذال

مَذاق ع چکھنا مزا پانا کسی چیز یا طعام وغیرہ سے

میم با رے

مُرَوَّق ع صاف لیا گیا اور شراب صاف وارپہ چھانا ہوا دودہ
مُرَوِّق ع پردہ ڈالنیوالا چھت پر یعنے معمار عمارت بنانیوالا
مُرَدِّق ع تعجب مین لانا خوش کرنا راضی کر دینا کسیکو
مَراق ع نام ایک ردی کا ہی انسان کی شکم مین
مِرفَق ع آرنج یعنے کوہنی جو اندازہ پنجہ سی آرنج تک ہے
مَرَق ع شوربا یعنی جوش گوشت وغیرہ کا-
مُراہِق ع وہ لڑکا جو بلوغ کی نزدیک پہونچا ہو-
مُرافِق ع رفاقت کرنیوالا ہمراہی ساتھی-
مَرافِق ع آرنجہا اور نافع چیزین مفید دوائین-

میم با زے

مَزالِق ع پھسلنے کے مقام جہان کیچڑ ہو-

میم با سین

مُستَغرِق ع غرق ہونیوالا اپنی توجہ سے کام کرنیوالا
اور کامل مصروف اپنی کام مین-
مَسحوق ع گھسا ہوا رگڑا ہوا باریک کیا ہوا پیسا ہوا-
مَسروق ع چوری کا مال جسکو چور لے گیا ہو-
مَساق ع جای راندن چلانی کا مکان ہانکنے کی جگہ-
مَسبوق ع گذرا ہوا پہلا شخص جسکا ذکر ہو چکا ہو-
مُستَرَق ع چورایا گیا سرقہ کیا گیا-
مُستَرِق ع بندگی مین لایا گیا غلام بنایا گیا-
مُستَشرِق روشن چمکتا ہوا یا ندوسورج وغیرہ-

مُستَوثِق ع مضبوط و استوار و مستحکم و سخت-
مُستَحِق ع سزاوار شخص واجبی حق والا-

میم با شین

مَشاق ع جمع مشقت سختیاں آفتین بلائین
مُشتاق ع صاحب اشتیاق چاہت والا شخص
مَشرِق ع سورج نکلنے کا مقام جسجگہ سے سورج طلوع کرے-
مَشّاق ع بہت مشق کرنیوالا بہت سے استعمال رکھنے والا
مُشفِق ع مہربان شفقت کرنیوالا دوست آدمی-
مُشتَق ع ایک لفظ دوسری لفظ سے نکالا گیا جیسے نکالی ہوئی چیز
مُشَوِّق ع شوق مین لانیوالا چاہ ظاہر کرنے والا-
مُشَوَّق ع شوق مین لایا گیا یعنے جسکو شوق دلایا گیا ہو
مَشوق ع شوقمند صاحب اشتیاق خواہشمند-

میم با صاد

مِصداق ع گواہ دگواہی دینا کسیکی شہادت ادا کرنا
مَصدوق ع سچا کیا گیا راست باز ٹھہرایا گیا-

میم با ضاد

مَضایق ع جاہای تنگ یعنے تنگ گھر و مکان تنگ-
مَضیق ع جای تنگ اور گوشہ جو تنگ ہو-

میم با طاء

مُطلَق ع بے قید آزاد جو کسیکا بندہ نہو-
مُطابِق ع موافق یعنے ایک دوسرے کی ہمشکل-
مُطبَق ع تہ بتہ کیا گیا سرپوش دار-
مُطَوَّق ع طوق مین کیا گیا قید کیا گیا پہنایا گیا-

میم با عین

مُعلَّق ع لٹکایا ہوا اور لٹکتا ہوا یعنے جو چیز ہوا مین لٹکتی ہو
مُعَرِّق ع عرق لانیوالی چیز جسکے کہانے یا ملنے سی بدن پر عرق آجاے
مُعَوَّق ع باز رکھا گیا قید کیا گیا و مشکل و دشوار-

معلاق ع وہ چیز جسمین کوئی چیز لٹکاوین اور قصابون
کا کانٹا جسمین گوشت لٹکاتے ہین۔
معشوق ع عشق کیا گیا یار دوست۔

میم با عین

معرق ع جسکا ملمع چمکنی والی چیز مجازاً چمکنی۔
مغروق ع ڈوبا ہوا غرق ہوا پانی مین۔
مغلاق ع قفل در تالا اور زنجیر دروازے کی۔
مغلوق ع دروازہ بند کیا ہوا قفل لگا ہوا۔

میم با فا

مفارق ع فرق کرنیوالا جدائی ڈالنیوالا۔
مفارق ع سر کی مانگ جو بالون کے درمیان ہوتی ہے۔
مفترق ع فرق کرنیوالا جدا کرنے والا۔
مفروق ع فرق کیا گیا جدا کیا گیا الگ الگ کیا گیا۔
مفیق ع افاقہ دینی والا ہوش مین لانیوالا۔

میم با لام

ملق ع وہ شخص جو زبان سے چاپلوسی کرے اور دل سے دشمن ہو
ملق ع دوستی چاپلوسی محو کرنا کسی چیز کا۔
ملق ع زمین ہموار اور آواز پانی کی جو بتنے سی نکلتی ہے
ملصق ع چپکنے والا لاصق اسکی جمع ہے۔
ملصق ع چپکا ہوا پیوستہ ہوا ہوا۔
ملحق ع ملا ہوا پہونچا ہوا پانے والا پیوستہ۔
ملتصق ع ملا ہوا لگا ہوا۔

میم با نون

منجنیق ع فلاخن بزرگ جس مین پتھر رکھکر کسی قلعہ یا فوج
پر مارتے ہین مجازاً زنبورہ توپ۔
منجوق ع وہ مچھلی جو کسی علم و نشان پر رکھتے ہین۔
منشق ع پھٹنے والا پارہ ہونیوالا۔

منفاق ع بہت خرچ کرنیوالا فضول خرچ آدمی۔
منفتق ع شگافتہ چرا ہوا وہ چیز جسمین شگاف ہو۔
منفق ع نفقہ دینے والا خرچ دینے والا اہل و عیال کو۔
منخرق ع پھٹنے والا پارہ پارہ ہونیوالا۔
منطیق ع مرد فصیح الکلام و خوش کلام۔
منطق ع سخن کہنا بولنا اور نام علم کا جو معروف و مشہور ہے
منطق ع کمربند جو انسان کمر پر باندھے ہے۔
منطیق ع بولنے والا کلام کرنے والا۔
منطوق ع سخن و کلام و مضمون و معانی و ضمن عبارت۔
منطبق ع برابر و موافق و مطابق ایک دوسرے کے۔

میم با واو

موفق ع توفیق دینے والا قوت بخشنے والا۔
موثق ع استوار و مضبوط و مستحکم چیز۔
مواثیق ع جمع میثاق استوار یہا عہد و پیمان۔
موق ع گوشہ چشم یعنی آنکھہ کا گوشہ۔
موافق ع مطابق و برابر۔

میم با یا

میثاق ع عہد و پیمان اور استواری و مستحکمی
میق ع گریان یعنی روتا ہوا شخص۔

تیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکی اول حرف
نون اور اخیر مین قاف ہے

نون با الف

ناحق ع بےسبب اور ناراست جھوٹہ۔
ناطق ع بولنے والا کلام کرنیوالا شخص
نالائق ع ناکارہ آدمی جو بیعلم و بےہنر و جاہل ہو۔

ناہِق ع نزگدہا جو مادہ نہو۔
ناسِق ع انتظام و ترتیب کرنے والا۔
ناچاق ف بیمار و علیل و مریض جو تندرست نہو۔

نون با باء

نَبِق ع بیر کے درخت کا نام ہے جسکو سدرہ بہی کہتے مین

نون با سین

نَسَق ع روشن و دستور و طرز و طریق۔
نستعلیق ع نام ایک خط کا جو خوشخط لکہا جاتا ہے

نون با شین

نُشُوق ع رقیق دوا جو ناک مین ڈالین یعنی تیلی دوا
نَشْق ع سونگہنا جسکو فارسی مین شمیدن کہتے ہین۔

نون با طاء

نِطاق ع کمربند یعنی پٹکا جو کمر پر باندہتے ہین۔
نُطق ع بولنا کلام کرنا گفتگو کرنا۔
نُطُق ع جمع نطاق بہت سے کمربند اور پٹکے۔

نون با عین

نَعِیق بروزن رفیق آواز زاغ کوے کی آواز۔

نون با فاء

نَفاق ع رواں ہونا رواج پانا جاری ہونا مشہور ہونا
نِفاق ع دو روئی یعنی منافق ہونا یعنے دل مین کچہہ اور اظہار کچہہ

نون با قاف

نَقِیق ع بانگ غوک و آواز ماکیان یعنی مینڈک اور مرغیون کی آواز
نَقَق ع باریک رستہ اور سوراخ باریک جسمین بمشکل گذر سکین

نون با میم

نَمائِق ع جمع نمیقہ یعنے خطوط جو بہت سے ہون۔
نَمارِق ع جمع نمرقہ بمعنے بالش و تکیہ۔

نون با واو

نُوُق ع جمع ناقہ کی اونٹنیان جو بہت سی ہون۔

نون با ہاء

نَہِیق ع بانگ خر گدہے کی آواز صوت الحمیر۔

نون با یاء

نِیاق ع جمع ناقہ اونٹنیان جو بہت سی ہون۔

چوبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف میم اور آخیر مین قاف ہے

میم با الف

وامِق ع نام عاشق جو عذرا پر عاشق تہا مشہور عاشقون مین ہے
واق ع نام پرندہ و نگہبان زندہ و شفیع و حمایتی و مشکلکشا
واثِق ع مضبوط و مستحکم اور سخت چیز اور سخت کرنیوالا قائم کرنے والا درست کرنے والا۔

واو با ثاء

وَثاق ع بند و قید و حبس جس مین قیدی ڈالا جائے
وُثاق ع حرم و خانہ و سکونت کا مقام۔
وُثُوق ع استواری و اعتماد و دلجمعی و مضبوطی
وَثِیق ع استوار و مضبوط و مستحکم و معتمد۔

واو با راء

وَرّاق ع کاغذ کاٹنے والا لکہنے والا کاتب و محرر اور وہ شخص جسکے پاس روپیہ بہت ہون۔
وَراق ع سبزی زمین کی بسبب گہاس وغیرہ کے۔
وَرَق درخت کا پتا اور کتاب کا ورق۔

واو با شین

وَشَق ع عربی مین ایک اوس جانور کا نام جسقدر راوتہا اسکے اور ترکی مین یہ جانور کا اور پوستین جو اوسکے نام پر ہے۔

وُشق ف غلام و خدمتگار سادہ رو و بے ریش آدمی۔
وُشاق ت خدمتگار و غلام سادہ رو و امرد۔

واو با فا

وِفاق ع دوستی و سازگاری و موافقت و محبت بسیار و الفت جو آپسمین ہو۔
وَفق ع سازوار و موافق و دل پسند و دوست و بسیار اور مطبوع و مطابق و برابر۔

واو با قاف

وقواق ع نام جزیرہ جو بحر محیط مین واقع ہے۔

واو با ہا

وَہق ع کمند جو دوسری چیز کو ڈالکر اپنی طرف کہینچتے ہین

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف ہا اور اخیر مین قاف ہے

ہای با الف

ہامشقق ع دو جسمی ہار بنیے ہے۔

ہاے با یا

ہبنق ع احمق کوتاہ قد بیوقوف نادان۔

چہبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف یا اور اخیر مین قاف ہے

یای با الف

یارق ت رو تیغ سفید اور چمکدار چیز و خوبصورت

یا با تا

یتاق ت پاسبانی چوکی داری حفاظت نگہبانی۔

یا با رے

یراق ت تہیار موٹہر کے مثل تلوار و نیزہ و خنجر و بندوق وغیرہ جسکو انسان اوٹہا سکے سوای توپ وغیرہ گرانبار سامان جنگ کے۔

یا با سین

یساق ع تیاری جنگ دیوان دربار اور کچہری کا مقام

یا با عین

یعوق ع نام بت جسکو نوح کی قوم پوجتی تہی اور وہ گہوڑے کی شکل پر تہا۔

یا با لام

یلمق ت قبا قسم جامہ جسکا لوگ پہنتے ہین۔
یلاق ف نام بادشاہ جو ترکستان کا فرمانروا تہا یہ بادشاہ قدیمی بادشاہون سے تہا

بائیسوان باب

اون لغات کے بیان مین جن کے اخیر مین حرف کاف ہے اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی اپنی اپنی موقع پر بدلتی جاتی ہین اسمین چوبیس فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف الف اور اخیر مین کاف ہے

الف با با

آب بنگ ف گلگونہ غازہ جو منہ پر ملتے ہین۔
آبخشک ف پیالہ بلور کا باعتبار اوسکی صفائی کے۔

الف با تا

اتراکؔ جمع ترک کے لفظ کی یعنے بہت سے ترکی لوگ۔

اَتابکؔ اوستاد و امیر ادب آموز و اتالیق بادشاہ کا اور یہہ خطاب سلجوقی خاندان مین اکثر امراؤ کو دیا جاتا تہا چنانچہ شیراز کے بادشاہ مثل اتابک ابوبکر وغیرہ بہی یہی خطاب رکہتے تہے جنکی مدح شیخ سعدی شیرازی نے بوستان و گلستان مین کی ہے

اَتمکؔ نان یعنے روٹی۔

الف با حاء

اِحتکاکؔ چہلنا کہرچنا پوست اوتارنا کسی چیز کا۔

الف با خاء

اَخاکؔ برادر تو یعنے تیرا بہائی۔

آخشیگؔ ضد و مخالف اور ایک عنصر چار عنصر سے جو آپس مین ضد ہین اخشیج اسکا مبدل ہے۔

الف با دال

اِدراکؔ پانا دریافت کرنا معلوم کرنا مجازاً عقل و ہوش و فہم و فراست

الف با را

اَراکؔ قطعہ زمین و درخت پیلو کا جو مشہور درخت ہے۔

اَرکؔ وہ قلعہ جس مین بادشاہ رہتا ہو یعنی بادشاہی محل

اَرائکؔ جمع اریکہ تختہائے بادشاہی تخت جو بہت سے ہون

اَردوکؔ مرغابی جو ایک پانی کا جانور مشہور ہے۔

اَرسنکؔ برق یعنی بجلی۔

اَرتنگؔ نام ایک کتاب کا جسکو مانی نقاش نے تصنیف کیا اور نام ایک بتخانہ کا و صفحہ و تختہ نقاشون کے نقش کرنے کا۔

اَرژنگؔ نام نقاش جو چین مین تہا اور ہر کتاب جس مین نقش و نگار رہون و نام نگارخانہ مانی بعضے نزدیک یہہ نام صیقل مانی کا تہا

الف با زای

آژنگؔ چین و شکنج جو بحالت پیری منہ پر پڑجاتے ہین اور سیدہی ہر درخت کا اور پہل ہر چیز کا۔

اژدہای فلکؔ یہہ ایک شکل آسمانی کا نام ہے جسکو راس و ذنب کہتے ہین۔

الف با سین

اِمساکؔ بند کرنا پنجہ مارنا مضبوط پکڑنا۔

اَستکؔ بڑا خیمہ اور بڑا ڈیرہ۔

اِسپرگؔ ایک زرد رنگ گہاس ہے جس سے کپڑے رنگتے ہین

اِسفرنگؔ سمرقند کے پاس ایک شہر ہے۔

الف با شین

اِشتباکؔ پنجہ مین پنجہ ڈالنا اجتماع و انبوہ کرنا۔

اَشکؔ حمار حنر گدہا جو ایک جانور مشہور ہے۔

آشکؔ آنسو اور وہ پانی جو آنکہون سے جاری ہو۔

اِشباکؔ جمع شبکہ یعنی دام یعنی بہت سے دام اور جالیان شکاریون کی

اِشتراکؔ مشارکت اور حصہ داری جو کسی چیز مین ہو

الف با صاد

اِصطکاکؔ وہ آواز جو دو چیز دن کے ٹہوکنے سے نکلے۔

اِضحاکؔ ہنسی مسخری۔

الف با فاء

اِفاکؔ دروغ و بہتان جو کسی پر باندہا جائے۔

اَفلاکؔ بلندیان اور آسمان۔

الف با کاف

اَکؔ عیب و آفت و لفظ نسبت و تشبیہ جیسے مغاک وغیرہ۔

الف با لام

اَلگاتؔ سبزہ زار وہ زمین جس مین گہاس ہو۔

اَلنگؔ دیوار و برج یا قلعہ یعنی وہ دیوار جس مین برج یا نیمی ہون

الف با میم

اِملاک ع کسی چیز کا مالک کرنا مالک بنانا -

اِمساک ع بند کرنا روک لینا -

اَملاک ع جمع ملک بہت سی جائداد منقولہ وغیر منقولہ -

الف با نون

اِنسلاک ع پرونا موتیون وغیرہ کا تاگے مین -

اِنہماک ع مبالغہ کرنا کوشش کرنا کسی بات مین

اِنہاک ع لاغر وضعیف کرنا کمزور کرنا قوت کرنا -

اِنفکاک ع جدا ہونا آزاد ہونا الگ ہونا علیحدہ ہونا

اِنسباک گلانا سونے چاندی کا کٹھالی مین -

آنک ف آبلہ جو جسم پر نکلتا ہی وبمعنی اکنون یعنی اسوقت

آنک ف سکہ جسکو سیسہ کہتے ہین اور گولہ بناتے ہین

الف با واو

اولنگ ف سبزہ زار اور زمین جس مین گھاس ہو -

اونناک ف یعنے اونہا یعنے وہ لوگ وہ شخص -

اَوشنک ف سنہری انگلی اور وہ ایک ریسمان ہوتاہے اور انگور وغیرہ خوشی اوسمین لٹکاتے مین اونک بہی اوسکو کہتے ہین -

اورنگ ف بادشاہی تخت جسپر بادشاہ جلوس کرتاہے

الف با ہا

آہنگ ف لشکر وتعجیل وطرز وروش وکشش وقصد وارادہ وموافق ونام سرود وآواز وآغاز سرود یعنے الاپ -

آہک ف چونہ جو عمارت کے کام آتاہے -

الف با یا

اَیبک ت معشوق وغلام وقاصد وہرکارہ -

اَیتاک ف انبوہ درختان وجنگل جہان بہت سے درخت ہون -

اَیناک ف اسیوقت اور یہہ بہی اور ابہی -

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف با اور آخر مین کاف ہے

با با الف

بارbک ف بڑا امیر جو ہر وقت بادشاہ کے پاس جاسکے وعرض بیگی جو کسی کی عرض بادشاہ تک پہونچاے -

بابک ف نام بادشاہ جو اردشیر کا نانا تہا وصاحب اعتبار وامین ومستوار وپدر وصاحب عزت وپیر دولت مند -

باسک ف جماہی انگڑائی جو انسان کو آتی ہے -

باک ف خوف اور ڈر وہشت -

بابک ف پیادہ جو سوار نہو پاون سے چلنے والا -

باریک ف پتلا نازک اور وہ چیز جو پیسی ہوئی ہو -

پاک ف بے عیب ضد پلید کی لفظ کی -

پادنگ ف بدال مہملہ چند جیسے شالی گرجا نواحی میں ہین اور اوس سے کاغذ کوٹتے ہین -

پالہنگ ف باگڈور گہوڑے کی جسسے گہوڑا باندہا جاتاہی

پاسنگ ف وہ باٹ جو ترازو کے دونون پلون کے بوجہ برابر کرنے کے لیے ترازو مین رکہا جاتاہے -

پاچیک ف اوپلہ سوکہاہوا گوبر جو جلایا جاتاہے

با با تا

تیبک ف لوہے کا کہن یعنی ہتہوڑا جسکو عربی مین مطرقہ کہتے ہین لوہا روکا یہہ ہتہیار ہے -

با با جیم

بجشک ف طبیب یعنے معالج علاج کرنیوالا بیمار وںکا -

با با رے

پرستک ف ابابیل مشہور جانور ہے -

بزرگ ت بتا توشہ خرچ ساز و نوا و راستے کا خرچ سامان و اسباب و سرانجام و پروا -

بزرگ ف ق جامہ جو شتر کے بالون سے بناتے ہین -

بریدِ فلک ف چاند جو برج اسد ہے یعنے آسمان کا قاصد -

برمکت نام ایک آتش پرست کا جو مسلمان ہوا اور بیٹا اوسکا خالد حکومت عباسیہ کا وزیر ہوا -

باب الزاے

بزشک ت طبیب و معالج یعنے بیمارون کے علاج کرنے والا -

بزرگ ف دوازدہ مقام موسیقی سے ایک کا نام ہے -

بزرگ ف بڑا صاحب قدر امیر پیر مرشد باپ استاد -

بزرگ ف کتان یعنے السی جو مشہور چیز ہے

باب السین

بسراک ت استر یعنے خچر جو مشہور جانور ہے -

بیس آہنگ ف پچھلی فوج جسکو ترکی مین چنداول کہتے ہین

باب الشین

بشک ت دوڑنا جھوٹ بولنا و عشوہ و غمزہ -

بشک ت زلف و سر کے بال -

بشک ف سرگین شتر و آہو و گوسفند ہندی مینگنی -

بشنگ ف نام پدر منوچہر و پدر افراسیاب -

بشمک ت ایک قسم حلوا کا نام ہے -

بشک ت گریہ یعنی رونا اور زاری کرنا -

باب العین

بعلبک ت شام مین ایک شہر کا نام جو قوم الیاس علیہ السلام کی اوس مین بعل بت کو پوجتی تھی -

باب الغین

بغلک ت ایک دمل کا نام ہے جو بغل مین ہوتا ہے

باب الکاف

بکف ت غوک جانور مشہور ہے -

بکلنگ ف حیوان دم بریدہ جسکی پونچھ نہ ہو -

بگلر بگ ت خان خانان و امیر امیران -

باب اللام

بلک ت تحفہ و چیز عجیب و غریب و پیشکش

بلارک ف شمشیر و جوہر تیغ و فولاد اور عمدہ تلوار -

بلک ف آنکھون کے گرداگرد چمڑا اور موئے مژہ -

پلنگ ف چیتا مشہور درندہ ہے مگر بعض کے نزدیک پلنگ اور جانور ہے جسکو عربی مین نمر کہتے ہین اور چیتا کو فارسی مین یوز کہتے ہین -

باب النون

بنایان افلاک عقول عشرہ و فرشتگان مقرب

بنگ ف نام سبزہ معروف جسسے نشہ و مستی آتی ہے -

بنک ت بروزن فلک ایک کپڑی کا نام ہے جسکی زمین ریشمی اور پھول طلا کے ہوتے ہین -

باب الواو

بوسلیک ف ایک راگ کا نام ہے اور اس راگ کا اثر شیر عاشق ہے جسوقت گایا جاتا ہے تو شیر خود بخود آجاتا ہے -

بولوک ت بہ ہر دو واو غیر ملفوظ ترکی مین شہر کو کہتے ہین مجازاً بمعنی آسمان -

بورک ف ق طعام جسکو سنبوسہ کہتے ہین -

بوزک ف وہ سبزی جو باسی روٹی یا اچار پر بیٹھ جاتی ہے

بونگ ف ایک ساگ کا نام ہے اور ایک قسم کا سبزہ ہے -

بوشناک ت ضد پوشش کپڑا پہننے کا اور لباس

باب الیاء

بیسراک ف ستر جان و خچر جو قوی و بارکش ہو -

پیک ف قاصد ہرکارہ جو پیام لے جاوے -

پیش آہنگ ف اگلی فوج و قافلہ جو اور قافلوں سے اول ہو۔
پیچاک ف پیچ وخم۔
بید مشک ف نام ایک درخت کا ہے جسکا پھول زرد خوشبو مائل بسیاہی ہوتا ہے اسکے پھول بہار مین پتّون سے پہلے نکلتے ہین۔
بیلک ف ایک قسم کا تیر ہے جسکا پھل چوڑا ہوتا ہے
بیرنگ ف خاکہ تصویر کا اور نقشہ عمارت کا
بید برگ ف ایک قسم کا تیر ہے جو بید کے پتّی کیطرح ہوتا ہے
بیگ ف امیر سردار سرگروہ عزت دار آدمی۔
بیگلر بیگ ت امیر الامرا بڑا سردار سپہ سالار۔

تیسری فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف تا اور اخیر مین کاف ہے

تا با الف

تاک ف درخت انگور کا جو مشہور درخت ہے۔
تاجیک ف وہ عرب جو عجم مین پرورش پائین اور سوداگری کا انکا کام کرین۔
تابناک ف روشن و چمکدار چیز۔
تارک ف سر آدمی کا و میانہ سر اور ترک کرنے والا۔
تاریک ف اندھیرا و سیاہ و سیاہی رات کی۔
تازیک ف وہ عرب زادہ جسنے عجم مین پرورش پائی ہو اور وہ ملک عرب کے سوا ہی ہو۔

تا با با

تبورک ف چھوٹا نقارہ جس سے زمیندار جانور اپنے کھیتی سے اوڑاتے ہین اور تیرا ون دو لکڑیون کو بھی کہتے ہین کہ جنکے کھڑکانے سے جانور بھاگتے ہین تبورک کہتے
ہین و بمعنی غربال و کفچہ آہنی۔
تبوک ع نام مقام درمیان حجر و ناحیہ شام کہ غزوہ اوس مقام کا مشہور ہے
تبرک ع برکت رکھنا مبارک جاننا۔
تپاک ف گرم جوشی و خاطر و مدارات۔
تفنگ ف بندوق جو مشہور ہتھیار ہے۔
تبت یداک ع ہلاک ہوں تیرے دونو ہاتھ۔
تبارک ع مبارک کرنا بلند ہونا پاک ہونا بزرگ ہونا۔
تبارک ع بزرگ ہوا صیغہ معلوم باب تفاعل سے۔

تا با حا

تحریک ع حرکت دینا رغبت کرنا متوجہ کرنا مائل کرنا۔
تحرک ع ہلنا جنبش کرنا حرکت مین آنا۔

تا با خا

تختہ شلنگ ف نام ورزش کا جو کشتی گیر کرتے ہین۔

تا با دال

تدارک ع گم ہوئی چیز کو پانا اوسکی تلاش مین مصروف ہونا

تا با را

ترک ع چھوڑ دینا و کلاہ و گوشہ کلاہ و خود آہنی جو جنگ مین پہنتے ہین
ترک ف نام قوم و سپاہی مجازاً معشوق خوبصورت۔
ترک فلک ف ستارہ مریخ جو آسمان کا سپاہی ہے۔
تریاک ف نام معجون قاطع زہر مجازاً افیون۔
ترسناک ف خوفناک ڈرپوک ڈرنے والا۔
طرفہ ع عجیب و خوش اور بہت اچھا۔

طرہ ع زلف و موی پیشانی اور کنارہ ہر چیز کا اور چھجہ مکان کا

جو پڑا ہوا ہوتا ہے

طُرَّادَہ ع جامۂ رنگین جو علم کے سر پر باندہتی ہین۔

طَرِیدَہ ع حملہ وشور و فتنہ و ہجوم۔

طَرِیقَہ ع روش و چال چلن و مذہب و دین۔

طا با عین

طُعمَہ ع خورش و روزی اور ایکبار چکہنا کسی طعام کا مزہ لینا

طَعنَہ ع نیزہ مارنا غیبت جو ٹی کرنا کسیکے عیب کو اوسکی دور پر کہنا

طا با فا

طَفرَہ ع تو قف مین اُچہلنا کودنا او چہلانا۔

طا با لام

طَلِیعَہ ع فوج جو رات کے پاسبان ہو و مقدم لشکر یعنی وہ فوج جو تمام لشکر کے پیش رو ہو۔

طِلَایَہ فغ فوج پاسدار شب جو رات حفاظت چوکیداری کا کام دیوے

طَلَبَہ ع جمع طالب بہت سے طلب گار علم وغیرہ کے۔

طَلحَہ ع پیغمبر علیہ السلام کے ایک اصحاب کا نام ہے عشرہ مبشرہ مین سے

طا با میم

طماقہ و طماخہ ت کلاہ باز یعنی جو ٹوپی باز کے سر پر رکہی جاوے

طا با نون

طنبور و طنبورہ ف ایک قسم کا مشہور ساز ہے مغنی سے کے کدو مین وہ ساز بہی کدو سے بنایا جاتا ہے

طنطنہ ف آواز طنبور و کر و فر و آواز زیر۔

طا با واو

طُوقیہ ع چہپانا بہید بنانا کلام کو سنوارنا۔

طُویلَہ فتہان گہوڑے باندہنے کا ہے مشتق طول سے یعنی مکان دراز۔

طا با یے

طیرہ ع سبکی خجالت و شرمندگی و سرمساری۔

طیرہ ف خشم و غضب غصہ ولعنہ زنار ہنی۔

طیارہ ع کبوتر تیز رفتار و کشتی تیز اور جانور جو اوڑنے والا ہو نیز پرندہ۔

طیبہ القب شہر مدینہ منورہ کا ہے۔

ستر ہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ظا اور اخیر مین تا ہے

ظا با غین

ظَغِیفَہ ع زن مشکوہ در ہودج نشین و ستر دار حرہ۔

ظا با فا

ظَفرَہ ع ناخونہ آنکہہ کا جو آنکہہ مین پڑجاتا ہے یہہ ایک بیماری کا نام ہے

ظا با لام

ظلّ اللہ ع سایہ خدا یعنی بادشاہ وقت و حاکم جسکی حکومت جاری ہو

ظَلَمَہ ع جمع ظالم یعنے ظالمان۔

ظُلّہ ع سائبان و خیمہ وغیرہ۔

ظا با نون

ظنینہ ع شک کی بات جسکی درستی مین شبہ ہو

ظا با ہا

ظہارہ ع ابرہ قبا یعنی وہ کپڑا جو قبا کے اوپر لگایا جاے۔

اٹھارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف عین اور اخیر مین تا ہے

عین با الف

عامِر عامرہ ع آباد کرنے والا اور مکان جو آباد ہو مجازاً شہر و گانو۔

عامہ ف عام لوگ چہوٹے بڑے۔

عارفہ ع زن خدا شناس جو خدا کی بندگی کرے۔

عاصفہ ع باد تند و سخت مجازاً آندہی جو چلتی ہے۔

عانَہ ع بدن زیر ناف تا شرمگاہ یعنی نیچے کا بدن۔

عین با با

عبد الجنة ۶ کابوس یعنی نیند مین ڈرنا یہ ایک بیماری سی خیالی ہی
عَبْرَہ ۶ محصول کشتی و اشک چشم یعنے آنسو -
عَبْدُہٗ ۶ بندہ اور اوسکا بندہ یعنے خدا کا -
عَبِیْدَہ ۶ بہت بندی بہت سے تابعدار حکم ماننے والے -

عین با تاء

عُتبہ ۶ نام ایک شخص کا شکنای عرب سے
عَتَبَہ ۶ دہلیز کی نیچی لکڑی و سختی اور نام ایک شکل کا اشکال رمل سے

عین با جیم

عجالہ ۶ جو شخص جلدی حاضر لایا جاوی
عُجّہ ۶ خاگینہ جو بیضہ سی بنا کر کہاتی ہین
عَجْوَہ ۶ قسم خرما کی اچھی جو مدینہ مین ہوتی ہی
عَجَزَہ ۶ جمع عاجز کی یعنی بہت سے عاجز لوگ

عین با دال

عُدْوَہ ۶ دریا کا کنارا یعنے ساحل دریا
عِدّہ ۶ گروہ اور شمار اوس مدت کا جسمین مطلقہ عورت کا نکاح دوسرے مرد سی جائز ہو -

عین با راء

عَرَقیہ ۶ رومال چھوٹا جسسے عرق پونچھین
عُرْوَہ ۶ گوشہ اور دستہ آفتابہ وغیرہ کا جسکو پکڑ سکین مجازاً ذریعہ و وسیلہ -
عَرِیکہ ۶ کوہان شتر جو اوسکی پشت پر ہوتا ہی
عَرِیضَہ ۶ وہ بات جو ظاہر کیجائی اور عرض کرنیکی لائق ہو
عُراضہ ۶ سوغات جو سفر سی لائین و پیشکش و ہدیہ و دستانہ
عَرْصَہ ۶ ایکبار ظاہر کرنا کسی بات کا ایکبار عرض کرنا
عرض گاہ ۶ میدان تیار کرنے سپاہ کا جہان لشکر کی حاضری ہو
عَرّادہ ۶ توپ وغیرہ جسسی گولہ چلائین
عَرْبَدَہ ۶ بد خوئی و جنگجوئی و بد مزاجی و بد طینتی

عَرَفہ ۶ نہم ماہ ذی الحجہ جسروز مسلمان حج کرتے ہین اور حاجی عرفات مین جاکر احکام حج کی بجالاتے ہین -
عَرْصَہ ۶ میدان جنگ و بساط شطرنج و مطلق میدان فراخ -

عین با شین

عِشوہ ۶ ناز و فریب و حرکات معشوقانہ اور پوشیدہ کام کرنا -
عَشِیرہ ۶ خویشان و رشتہ داران یعنی قریبی ناطہ کے لوگ -
عاشورہ ۶ دسوین تاریخ محرم کی جسروز امام حسین علیہ السلام شہید ہوئے تھے
عَشَقَہ ۶ بیل مشتق پیچان کی جو مشہور بیل اور پھول ہے
عَشِیقَہ ۶ معشوقہ جسپر کوئی عاشق ہو -

عین با صاد

عُصَارہ ۶ رس نچوڑا ہوا انگور وغیرہ کا -
عِصابہ ۶ رومال سر باندھنے کا -
عَصَبَہ ۶ پی کہ حس و حرکت و پیوستگی مفاصل کی اوس سے ہی و بمعنی پسران و خویشان -
عُصْبَہ ۶ گروہ مردان دس سی چالیس تک -
عَصِیدہ ۶ ایک قسم کی حلوی کا نام ہی
عُصْدَہ ۶ جو چیز نچوڑنے سے نکلے مثل روغن و آب وغیرہ

عین با ضاد

عَضادہ ۶ دہلیز کے دونو بازوؤن کی لکڑیان
عَضَلہ ۶ اولہ -

عین با طاء

عَطْفہ ۶ موڑنا پہیر لینا و مہربانی سے پیش آنا مہربانی کرنا اور سنجاف دامن کا جو لگایا جاتا ہے -
عَطُوفہ ۶ مہربان عورت نرم مزاج بی بی -
عَطِیّہ ۶ بخشش و مہربانی و کرم و لطف -

عین با فاء

عَفِیفہ ۶ پاکدامن عورت نیکوکار بی بی -

عین با قاف

عقبۂ ع دشوار رستی دشوار گذار و امور دشوار جن کا ظہور مین آنا مشکل ہو۔
عقلۂ بندہ اور نام ایک منحوس شکل کا اشکال رمل سے۔
عقیلہ ع سردار قوم و برگزیدہ و ہوشیار و افسر۔
عقیقہ ع ضیافت پیدا ہونی و نام رکہنے او ربال اوتروانے بچہ کے۔
عقیدہ ع جو بات دل مین قایم ہو چکی ہو۔
عقوۂ ع میدان و صحن سرا یعنی گہر کا آنگن۔
عقول عشرہ دہ فرشتگان مقرب آلہی۔
عقدہ ع گرہ اور مشکل بات جسکا ظہور مین آنا آسان نہو۔

عین با لام

علاوہ ع مزید بران اوسکے سوای۔
علانیہ ع ظاہر و آشکارا سب کے روبرو۔
علائقہ ع گہوڑون کے دانہ کہلانی کا توبرہ۔
علاقہ ع آویزش و رابطہ و پیوند از راہ دوستی یا دشمنی دو شخصون یا چند شخصون مین۔
علامہ ع عورت دانا اور مرد صاحب علم و صاحب ہنر
علیہ ع بلند اور اونچی عمارت اور اونچا رتبہ۔
علوفہ ع خرچ خوراک و روزینہ در راہ و وظیفہ۔
علیحدہ ع الگ اپنی حد پر اپنے مقام پر۔

عین با میم

عمۂ ع پہوپہی باپ کی بہن۔
عمامہ مرد و عمامہ ع دستارہ
عملۂ ع کار و عمل
عملہ ع بیلچے۔
عملۂ ع کام کرنیوالے جمع عامل۔

عمل خانہ ع دیوانخانہ۔
عمدہ ع اچہا اور رجائے اعتماد۔
عمرہ ع حاجیون کی ایک قسم کی عبادت۔

عین با نون

عنبیہ ع نام تیسرے طبقہ کا آنکہون کے سات طبقون سے۔
عنبرینہ ع ایک گول زیور ہوتا ہی جسمین عنبر رکہتی ہین۔
عنکبوتیہ ع آنکہون کی چوتہی طبقے کا نام ہے۔

عین با واو

عوارہ ع بدل۔
عویصہ ع مشکل و دشوار۔

عین با یاد

عیلہ ع درویشی
عیبہ ع چرمی صندوق کپڑون کا۔
عیقہ ع نہر کا کنارہ۔
عین اللہ ع امان خدا۔

اونیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف غین ا ور آخر مین ہا ہے

غین با الف

غائلہ ع شر و بدی و آفت۔
غاشیہ ع قباحت و بلا یعنی دل و زین پوش اسب۔
غالیہ ع نام خوشبو مرکب۔
غازہ ع گلگونہ جو عورتین منہ پر ملتے ہین۔
غادیہ ع صبح اور جو بادل صبح کو آوے۔
غاذیہ ع قوت ہضم غذا۔

غین با با

غبطہ ع کسیکے مال جیسے کی آرزو کرنی بغیر اسکے کہ اوسکے مال کا زوال چاہتا ہو۔

غین با دال

غدوہ ع وقت میان فجر و طلوع آفتاب۔

غین با رای

غرفہ ع ایک دفعہ اوٹہانا پانی کا ہاتہہ سے۔
غرفہ ع بلند نگشت و بالاخانہ چوچوبارہ کے کنارہ پر ہو مجازاً دریچہ۔
غرقہ ع غرق ہوا ہوا۔
غرچہ ف مخنث و نادان و زبون۔
غرارہ ع ناآزمودہ کار ہونا فریب کہانا۔
غرارہ ع گون و جوال۔
غرغرہ ع پانی منہ مین لیناکرلی کرنا۔
غرہ ع سفیدی پیشانی اسپ و بہتر و تاریخ پہلی ہر ایک ماہ کی
غرۃ ع فریفتگی۔
غرہ ع فریفتہ ہونا۔
غرندہ ف آواز کرنیوالا

غین با زای

غزالہ ع بچہ آہو جو مادہ ہو بمعنی آفتاب۔
غزوہ ع جنگ اہل اسلام باکفار پہر اہلی نام وقت کے۔

غین با سین

غسالہ ع وہ پانی جسسے نہائین یا نہاچکے ہون۔
غسلخانہ ف حمام۔

غین با شین

غشاوہ ع پردہ۔

غین با صاد

غصہ ع اندوہ گلوگیر۔

غین با لام

غلالہ ع وہ کپڑا جو زرہ کے نیچے پہنین۔
غلالہ ف زلف معشوق۔
غلّہ ف اناج۔
غلولہ ف جوش و ہجوم و گولہ
غلمہ ف تیزی شہوت۔
غلبہ ع زبردستی و زور۔
غلمہ ع جمع غلام۔

غین با میم

غمزہ ع ابرو اور آنکہہ سے اشارہ کرنا۔
غمچہ ع بیخوردہ اور جرعۂ آب۔
غمکدہ ف غمخانہ۔

غین با نون

غنچہ ف کلی پہول کی۔
غنّہ ع وہ نون جسکی آواز ناک مین سے نکلے جیسے کہ جہان مین نون غنہ ہے۔

غین با واو

غوطہ ع پانی مین جانا و نام شہر کا۔
غورہ ع ترش انگور و انگور خام جو ترش ہو۔
غوزہ ع وہ پوست جو روئی کے اوپر ہوتا ہے۔
غوچہ ت مرغ کی کانجی۔
غوطہ ع ڈبکی پانی مین لگانا۔

غین با یای

غیضہ ع بیشہ اور جنگل اور غیر آباد زمین۔
غیبہ ع ترکش جسمین تیر رکہتے ہین

بیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف فا اور اخیر مین ہا ہے

فا با الف

فارہ ع نافہ مشک و شتر عیار و زیرک ۔

فاژہ ف خمیازہ یعنی جنبھائی جو آدمی لیتا ہے ۔

فائحہ ع خوشبو و خوشبو دینی والی چیز ۔

فاکھہ ع میوہ ہر قسم کا اور پھل جو کھایا جاتا ہے ۔

فاطمہ ع وہ عورت جسنے دو سالہ بچہ کا دودھ چھوڑایا ہو اور نام دختر نیک اختر محمد صلی اللہ علیہ وسلم مادر حسن حسین علیہم السلام

فاتحہ ع کھولنی والی عورت اور نام پہلی سورۃ قران مجید کا و ابتدائے ہر چیز ۔

فاختہ ف قمری جانور مشہور ہے ۔

فاضلہ ع بزرگ اور زیادہ و عطا و مہربانی ۔

فاصلہ ع فرق دو چیزون مین ۔

فاحشہ ع بدکار عورت زانیہ عورت ۔

فاقہ ع [illegible] ۔

فالودہ ف چاولون کی [illegible] ۔

فائدہ ع نفع اور سود اور بھلائی ۔

فا با تا

فتنہ ع خرابی و دیوانگی و فریفتہ و عاشق و دلدادہ ۔

فتحہ ع حرکت زبر کی جو حرف پر دی جاتی ہے ۔

فتیلہ ع بتی چراغ وغیرہ کی جو روئی و تاگے سے بنائی جاتی ہے

فتاتہ ع ریزہ ہر چیز اور ٹکڑے ہر چیز کے ۔

فا با جیم

فجیجہ ع وہ پوشیدہ بات جو مشہور ہو جاے اور ہر کسی کو معلوم ہو جاے

فجرہ ع جمع فاجر زناکاران و بدکاران و فاسقان و فاجران

فا با خا

فخفرہ ع بروزن مسخرہ غلہ جو مشہور غلہ ہے ۔

فا با دال

فدیہ ع صدقہ ایثار اپنی جان کا تصدق ۔

فا با را

فرسودہ ف کہنہ و ریختہ و خراب شدہ اور گھسا ہوا ۔

فرغانہ ف نام ماوراءالنہر مین ایک علاقہ ہے اسمین سمرقند و اندجان دو شہرون کے ۔

فرازندہ ف بلند کرنے والا اور چڑھانے والا ۔

فروزینہ ف خار و خاشاک آگ جلانے کا ایندھن ۔

فرّہ ف شان و شوکت و فخر و عزت و آبرو و توقیر ۔

فرہ ف زیادتی و غلبہ و سبقت و بیشدستی ۔

فرہ ع خوش طبیعت اور خوش ہونا رضامند ہونا ۔

فرزانہ ف حکیم و دانشمند و دانا و صاحب علم ۔

فرزنہ ع وہ ٹکڑا لکڑہ کا جو دو سہی ترکر کر بریا قبل مین کہین

فرومایہ ف بی ہنر و کم دولت و کم عقل و سفلہ و بدذات ۔

فرشتہ ف مخلوقات آسمانی یعنی ملائکہ ۔

فرشتہ ف معرب پرستہ بندگی کرنے والا ۔

فروختہ ف بیچا گیا جسکی قیمت انسان لے چکا ہو ۔

فرقہ ع جماعت و قوم گروہ آدمیون کا ۔

فرودگاہ ف اوترنے کی جگہہ بستر کا مقام ۔

فرستندہ ف بھیجنے والا جو چیز کو بھیجے

فرجہ ع سوراخ و شگاف و فاصلہ دو چیزون مین ۔

فریسہ ف وہ جانور جسکی گردن شیر یا پلنگ یا سگ نے توڑ دی ہو

فرہیختہ ف ادب آموختہ صاحب خلق و آداب ۔

فربہ ف موٹا جسیم پر گوشت ۔

فریہ ع دروغ و افترا اور جھوٹی بات ۔

فراہ ف ایک شہر کا نام ہے [illegible] کے علاقہ مین ۔

فرِیضہ ع فرض خدا کا خدا کا حکم جو انسان پر نازل ہے اوسکا ادا کرنا مفروض
فرّاشہ م جاروب یعنی جہاڑو جس سے جگہہ صاف کرتے ہین۔
فرغُنودہ ع رشتہ وپیچیدہ یعنی گوندہا ہوا اور لپٹا ہوا
فریفتہ ف عاشق و دیوانہ و فریب کہائی ہوئی اور مین آئی ہوئی
فرائض پنجگانہ ف پنج وقت کی نماز جو مسلمان پر فرض ہے۔
فرخندہ ف مبارک و خجستہ و نیک۔
فرُّوجہ ع چوزہ بچہ مرغی کا جو چہوٹا سا ہو۔
فرفرہ ف پہرکی چمڑے کی جس مین تاگا یعنی رشتہ ڈالکر لڑکے پہراتی مین اور یہہ ایک کہیل لڑکون کی ہے۔

فا با سین

فسیحہ ع فراخ اور چوڑی چیز۔
فسقہ ع فاسقان یعنی بدکار لوگ۔
فسدہ ع فساد کرنیوالی اور فتنہ انگیز لوگ۔
فسانہ ع حکایت بے اصل داستان فرضی جو غیر واقع حال ہو جیسے کہ فسانہ عجائب و مثنوی میر حسن وغیرہ۔

فا با صاد

فصول چہارگانہ ف چار فصل موسمی یعنی تابستان زمستان بہار خریف

فا با ضاد

فضلہ ع پس ماندہ کہانا وغیرہ۔
فِضّہ ع چاندی نقرہ جو مشہور دہات ہے۔

فا با قاف

فقہ ع پانا جاننا اور نام علم احکام شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم
فقاہۃ ع دانائی و عقل و ہوش فہم و ادراک۔
فقیہ ع دانا اور عالم علم دین کا شرع کا واقف۔
فقرہ ع پارہ ہای استخوان مہرہ پشت اور تہوڑی عبارت نثر کی جو بمنزلہ مصرع کے ہو۔

فا با کاف

فگانہ ف حمل جو نو مہینے سے اول گر جائے۔

فا با لام

فلکہ ع ایک چہوٹی لکڑی مدور سوراخ دار جو خیمہ کی چوب کے سر پر رکہتے ہین اور نیز چرخہ کے تکلے کا منکا جس پر سوت کاتتے ہین فارسی مین بادریسہ کہتے ہین۔
فَلسَفہ ی حکیم و دانشمند ہونا صاحب علم و فضل ہونا۔
فَلاسفہ ی حکیمان و دانشمندان و صاحبان علم و فضل۔
فُلّہ م پہلے دن کا دودہ جو آگ پر رکہنے سے پہٹ جاتا ہے یعنی کہیس و پیوسی۔

فا با واو

فوّارہ ف جوش مارنیوالا فوراً جوش کرنیوالا
فوطہ ف جامہ یا دوختہ و دستار و رومال وغیرہ اور وہ روپیہ جو رعایا خزانہ شاہی مین داخل کرے
فوح ع بوی خوش اور خوش و مطبوع ہوا
فوہ ع دہان یعنی منہہ افواہ اسکی جمع ہے۔
فُوّہ ع مجیٹہہ جس سے کپڑے رنگتے ہین۔
فواکہ ع جمع فاکہ میوہ ہا درختون کے پہل جو کہائے جائین۔

فا با یا

فیروزہ ع ایک زنگاری جوہر کا نام ہے جو قیمتی ہوتا ہے۔
فیصلہ م جدا ہونا حق کا باطل سے۔
فی نفسہ ع اپنی ذات مین
فیلولہ ع عصر کے وقت سونا جو موجب نحوست و ضعف عقل ہے اور شرعاً منع ہے۔
فِئَہ ع گروہ مردم و قوم و جماعت آدمیون کی۔
فی الجملہ حاصل کلام و مجمل کلام و نتیجہ کلام اور تہوڑا سب سے اور خلاصہ کلام کا۔

اکیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف قاف اور آخیر مین ہا ہے

قاف باالف

قَاخَانَہ ف قمارخانہ قاب ہڈی کو کہتے ہین اور پانسے قمار کے ہڈی کے ہوتے ہین اسواسطے قابخانہ نام رکھا گیا۔

قَارُورَہ ع حقہ بارود کا اور شیشہ کانچ کا جس مین پیشاب ڈالکر طبیب کو دکھاتی ہین

قَاقُلَہ ع چھوٹی الائچی جو مشہور چیز ہے۔

قَاہ قَاہ ع خندہ باواز یعنے آواز سے ہنسنا۔

قَابِلَہ ع متکفل وضامن و دایہ دودہ پلانے والی۔

قَالِیچَہ ف بچھونا فرش مکلف اور قالین چھوٹا۔

قَامِعَہ ف توڑنے والی خوار کرنیوالی برباد کرنیوالی۔

قَانِعَہ ف صاحب قناعت عورت صاحب صبر۔

قَارِعَہ ع حادثہ وسختی و روز قیامت حشر کا دن۔

قَاہِرَہ ع غالب وزبردست اور نام شہر کا مصر کی سلطنت مین

قَافِیَہ ع پیچھے چلنے والا اور وہ قافیہ جو نظم مین ہوتا ہے چنانچہ دوستان کا قافیہ بوستان ہے۔

قَاعِدَہ ع دستور و طریق اور عورت بیٹھی ہوئی و طرز و قانون

قَافِلَہ ع گروہ مردم و کاروان جو ملک سفر کرین۔

قَائِمَہ ع خط مستقیم پر دوسرا خط اسطرح قایم ہو کہ اوسسے دو زاویہ پیدا ہون اسطرح

زاویہ قایم | زاویہ قایمہ

قاف با با

قُبَّہ ع گنبد اور اونچی عمارت جو گول بنی ہوئی ہو۔

قَبِیْر ع ہڈی پہلو و استخوان پہلو

قَبَالَہ ع تمسک و سند قانونی و بیعنامہ و رہن نامہ وغیرہ۔

قِبْلَہ ع جو سمت مُنہ کے سامنے ہو یعنی روبرو ہو۔

قَبِیْلَہ ع گروہ جو اولاد ایک باپ کی ہو یعنے ہم جدی۔

قُبْضَہ ع مٹھی مین لینا اور تصرف مین لیا ہوا مال وغیرہ۔

قُبَّرَہ ع نام ایک خوبصورت جانور کا ہے۔

قَبَاچَہ ف چھوٹی قبا و سینہ بند و صدری۔

قاف با حا

قُحْبَہ ع زن بدکار اور کھانسی کی بیماری جسکو سرفہ کہتے ہین

قاف با دال

قُدْوَہ ع پیشوا آگے چلنے والا امام سرگروہ۔

قَدْرَانِیَّہ ع تھوڑا سا مقدار حسب ضرورت۔

قَدَرِیَّہ ع ایک گروہ دو فرقہ خلاف شرع محمدی کے انکا قول ہے کہ نیک کو نیکی کا عوض اور بد کو بدی کی سزا نہین ملیگی کیونکہ جو کچھہ اوسنے کیا اوسکی تقدیر مین ہی ایسا تھا جو اوسنے کیا اپنے اختیار سے نہین کیا۔

قاف با را

قُرَابَہ و قَرَابَہ ع شیشہ شراب کا جسکو صراحی بھی کہتے ہین۔

قَرِیْحَہ ع آدمی کی طبیعت انسان کا مزاج۔

قُرَّہ ع خنکی و سردی و راحت و روشنی و تازگی۔

قُرْطَہ ع گوشوارہ جھمکے جو ایک مشہور زیور ہے

قِرْبَہ ع مشک پانی کی جس مین پانی بھرا جاتا ہے۔

قُرَاضَہ ع ریزہ سونے چاندی کا اور درہم و دینار۔

قُرْعَہ ع چوب پارہ اور آلہ فال کھینچنا نجوم کے علم مین

قَرْعَہ ع کدوئی تر یعنے وہ کدو جو ہنوز سبز ہو۔

قَرْیَہ ع گانو چھوٹی سی آبادی کا۔

قَرِیْنَہ ع مناسبت و پیوستگی و نزدیکی۔

قُرْحَہ ع زخم و ریش جو پرانا پڑجائے۔

قَرْحَہ ع وہ زخم جس مین نم ہو یعنے تر زخم۔

قرون خالیہ ع گذشتہ زمانی گذری ہوئی وقت۔

قاف با سین

قسطنطنیہ نام شہر دار الملک روم کی سلطنت کا ہی
قسامہ ع سوگند دینا قسم کہلانا حلف دینا کسیکو
قسیمہ ع مشک یعنی کستوری جو مشہور خوشبو ہی۔
قسوۃ ع سخت دل ہونا بیرحم ہونا۔
قسورہ ع شیر درندہ یعنی جنگلی شیر شکاری

قاف با شین

قشقہ ع ماتھی پر ٹیکا لگانا جیسی کہ برہمن ہندو لگاتے ہین۔
قشعریرہ ع بالون کا بدن پر کہڑے ہو جانا بسبب کسی صدمہ کے۔

قاف با صاد

قصبہ ع چہوٹا شہر اور نے جو اندر سے پولی ہو مجازا بانس جو پولا ہوتا ہی
قصب الذریرہ ع ہندی چرائتہ جو ایک مشہور دوا ہی۔
قصعہ ع کاسہ بزرگ یعنی بڑا پیالہ۔
قصبیہ پارچہ قسم کتان جو عمدہ ہوتا ہے۔
قصیدہ ع مغز سطبر و غلیظ اور نظم مین وہ نظم جسکے دونو
مصرعے پہلے بیت کے اور ابیات کے دوسری مصرعون کے ساتھہ
ہم قافیہ و ہم ردیف ہون اور پندرہ بیت سے کم نہو۔
قصہ ع سرگذشت و داستان احوال۔

قاف با ضاد

قضیہ ع مطلوب حکم و خبر اور جہگڑا مقدمہ جسکا ابہی فیصلہ نہوا ہو

قاف با طا

قطرہ ع بوند پانی کی جو کہین سے ٹپکے اور دوڑنا قدم مارنا چلنا
قطیعہ ع گلہ بکریون اور گہوڑون وغیرہ کا۔
قطامہ ع بہت شہوت والی عورت ماخوذ قطم سے جسکے معنی
تیزی شہوت کے ہین۔
قطعہ ع ہر چیز کا ٹکڑا اور شعرا کے نزدیک دو بیت یا

زیادہ بیت جنکا مطلع نہو۔

قاف با عین

قعدہ ع بیٹھنا اور بیٹھنا نماز مین وقت التحیات پڑہنی کی
قعدہ ع ایک قسم نشست کا ہی جو زانو دبا کر بیٹھتے ہین۔
قعدہ ع پالکی و گہوڑا وغیرہ جسپر سوار ہون۔
قعقعہ ع آواز کاغذ و پوست خشک و آواز سلاح یعنی ہتہیار کی آواز
قعیدہ ع عورت ہمنشین شوہر کی یعنی شوہر کی پاس بیٹھنی والی عورت

قاف با فا

قفہ ع زمین بلند جای بلند مکان بلند اونچا محل و منار۔

قاف با لام

قلابہ ع مچہلی پکڑنے کی کُنڈی جسمین مچہلی پکڑی جاتی ہو۔
قلعہ قہقہہ ع نام ایک قلعہ کا آذربائیجان کی ولایت مین جو
نہایت مستحکم و مضبوط قلعہ ہی۔
قلہ ع پہاڑ کی چوٹی و خم بزرگ یعنی بہت بڑا مٹکا۔
قلہ ع بادامی رنگ کا گہوڑا جو ایک قسم کا گہوڑا ہی۔
قلیہ ع بہونا ہوا گوشت اور قیما گوشت جس مین پانی نڈالا جاے
قلادہ ع گلوبند سگ و شتر وغیرہ جسمین اوسکو باندہتے ہین۔
قلبہ ت ہل جو زمین مین چلاتی ہین اور کہیتی بوتے ہین۔
قلمزن ت محررہ کرنا اور خوراک اور طلب و اجرت پیادہ کی جو حکمنامہ پر لکہدیتی ہے
قلنسہ ت کلاہ یعنی ٹوپی جو سر پر رکہتی ہین۔
قلعہ ع مشہور لفظ ہی یعنی بادشاہی مکان مستحکم۔
قلقلہ ع جوش و بیقراری و اضطراب۔
قلقلہ ع آواز صراحی کی جو شراب ڈالنی کی وقت نکلتی ہی۔

قاف با میم

قمہ ع بلندی اور سر ہر چیز کا اور کلس اور لہر جو مسلح تعبد کی اوپر لگائی جاتی ہے
قمہ ت نام سلاح یعنے ایک ہتہیار کا نام ہے۔
قمرغہ ت شکارگاہ بادشاہان جہان شکار کہیلتے ہین۔

قمرہ ع قمار خانہ و قمار جو کھیلتے ہین-
قمقمہ ع کوزۂ آفتابہ اور برتن-
قمامہ ع خار و خاشاک جو جاروب سے جمع ہو ہندی کوڑا-

قاف بانون

قنتورہ م قسم جامۂ رنگین جو قیمتی ہوتا ہی-
قنیہ ع سرمایہ اور پونجی اور اصل مال-
قنینہ ع شراب کا برتن جس مین شراب رکھی جاوی-
قنطرہ ع پل جو دریا پر باندہتے ہین جسپر سے گذرین-

قاف باواو

قوارہ ع ٹکڑا اور وہ مدور پارچہ جو درزی گریبان کترنے کے وقت نکالتا ہی-
قورخانہ ت سلاح خانہ جہان ہتھیار رکھی جائین-
قوقہ ت تکمہ گریبان وغیرہ کا-
قورمہ ت گوشت بریان بہونا ہوا گوشت-
قوصرہ ع خریطہ و جوال جو کہجورون کے بہرنے کو لئی کہجور کے پتون سے بناتے ہین-
قوہ ع قوت و استعداد و امکان

قاف باہائے

قہوہ ع ایک قسم کی تخم ہین جنکو جوش دیکر اوسکا پانی پیتے ہین عرب مین یہہ بہت لوگ پیتے ہین
قہقاہ ع آواز سی ہنسنا نہایت خوشی کی حالت مین-

قاف بایاء

قیصریہ ع نام ایک شہر کا ہے-
قیدافہ نام نوشابہ ملکہ ملک دع جسکا ذکر سکندرنامہ مین ہی-
قیلولہ ع دوپہر کو سونا جسکی اجازت ہی بلکہ سنت طریق ہی-
قیافہ ع صورت سے سیرت کو پہچاننا اور انسان کے اعضاء کو دیکہکر اوسکی اصلی حالت سے آگاہ ہونا اور شگون لینا

بائیسوین فصل
اون لغات کے بیان مین جن کی اول حرف کاف اور اخیر مین ہا ہے

کاف باالف

کاوہ ف پہلوان اور نام ایک لوہار کا جسنے کمال شجاعت سے ضحاک پر خروج کرکی فریدون کو بادشاہ بنایا تہا-
کالیوہ ف سرگشتہ و حیران و احمق و بیوقوف-
کالیدہ ف پریشان و درہم و برہم و ابتر حال
کامہ ف مقصود و مراد و نانخورش جو ترش مزہ ہو-
کاشانہ ف خانہ کوچک و خانہ زمستان جو سردی کے ایام کا گہر
کازہ ف جو پیڑ اصوبعہ و کمین گاہ صیادان-
کابیشہ ف گل معصفر کسنبہ کے پہول-
کاژیرہ و کاجیرہ ف گل معصفر یعنی کسونبے کے پہول-
کارنامہ ف تواریخ کی کتاب و کتاب قاعدے و قانون کی اور کتاب جو مصور اپنی صنعت و کمال کے ظہور کے لئی بناتی ہین
کالہ ف متاع و کدو می شراب و خربزہ خام اور زمین جو زراعت کے لئی تیار کی جائے-
کاچہ ف زنخ یعنے ٹہوڈی انسان کی-
کاردستہ ف مشکل کام اور مشکل امر جسکا کرنا مشکل ہو-
کافہ ع تمام و گروہ و جماعت اور قوم و خلقت-
کارگاہ ف جائی ظہور اور کام کی جگہہ جہان بیٹہہ کر کام کرین
کاورسہ باریک غلے و ہر چیز ریزہ ریزہ ذرہ ذرہ-
کاسہ ف پیالہ لکڑی کا جو درویش و فقیر رکہتے ہین
گازہ ف جو لائیون سی کسی درخت کی شاخ کے سات باندہکر جہولنا
گاہ ف وقت اور مقام اور کبہی-
گاہ گاہ کبہی کبہی وقت بے وقت

گاو دوشہ ف دودہ دوہنے کا برتن-
گانہ ف یہہ لفظ الفاظ زائدہ سے ہے جو اعداد کے لئے لاتے ہین تاعدد یوز معلوم ہو چنانچہ دوگانہ وسہ گانہ وغیرہ-

کاف با باء

کبیسہ ع چاہ و شہر جو مٹی سی بہر دی گئی ہو اور وہ گیارہ روز جو سال قمری کی نسبت سال شمسی مین زیادہ ہوتی ہین ہندی مین اونکو لوند کہتے ہین-
کبیشہ ع نام غلام پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم
کباد ہ گمان جو بہت نرم ہے-

کاف با تاء

کتارہ ف ایک قسم کی خنجر کا نام ہے یعنی کٹار-
کتیبہ ع لشکر اور نام قلعہ قلاع خیبر سے جو مدینے کی علاقہ مین ہے
کتکہ ہ عصا کو چک جو فقرا ہاتھہ مین رکھتے ہین-
کتابہ ع جو خط جلی مسجدون کے محرابون پر کلمہ شریف یا اشعار لکھہ دیتے ہین-
کتبتہ ع ایک مرتبہ لکھنا اور تحریر کرنا کسی چیز کا

کاف با جیم

کجاوہ ف جو اونٹ کی پشت پر باندہتے ہین
کنجینہ ف انگشتری کی نگین یعنی چہلا-
گنجفہ ف گیند کہیلنے کی جس سے لڑکے کہیلتے ہین-

کاف با دال

کدہ ف گہر و مقام مثل میکدہ وغیرہ-
کدیورہ ف مکدر و پوشیدہ اور چھپی ہوئی چیز-
گدیہ وگدائیہ ف گدائی کرنا بہیک مانگنا-

کاف با ذال

گذافہ ف جسکا تخمینہ و وزن نکیا گیا ہو بعضے لے تعداد دیے ہیں وبے ہودہ وہرزہ تقریر-

گذرگاہ ف رستہ چلنے کا اور گذر دریا کا جہان سے اترین
گذارہ ف جو چیز حد سے گذر جاوے-

کاف با راء

گراسہ ع کتاب و قران مجید وغیرہ صحائف-
گراستہ ع جزدان کتاب کا یا سیپارہ یا اوراق
گرانہ ف کنارہ ہر چیز کا خاتمہ وانجام ہر چیز کا-
کرایہ ع اجرت باربرداری شتر و اسپ و دراز گوش وغیرہ و اجرت سکونت خانہ و دوکان ومرابری وسواری-
کرسنہ ع غلہ ہے جو مشہور و معروف غلہ ہے-
کرہ گیند اور ہر چیز جو گول اور مدور ہو-
کرہ ع بچہ اسپ و خر و تازیانہ یعنی چابک گہوڑے و گدہے کا-
کرہ ع ناخوشی و سختی و رنج و کراہت و بیماری و دکہہ و تکلیف
کرہ ع جبر و نارضامندی و زبردستی و بیگار-
کرہ ع کریہہ نا مرغوب نا مطبوع و ناپسند-
کرہ ع کوس اور اسپ و تازیانہ-
کرشمہ ف اشارہ چشم یعنی آنکہہ کا اشارہ-
کریہہ ع زبون و مکروہ و ناپسند-
گربہ ف بلی مشہور جانور ہے-
گروہ ف جماعت و ہجوم لوگون کا-
گردہ ف گبند مشہور عضو ہے اندرونی عضوون مین سے-
گریہ ف رونا کسی ماتم یا غم و اندیشے مین-
کرم پیلہ ف کرم ابریشم جسکے لعاب سے ریشم بنتا ہے-
گلولہ ف گولی بندوق کی و گلولہ جو مدور ہو-
گران سایہ ف مردم عالیقدر و صاحب رتبہ و غنی-
گربگینہ ف پوستین چمڑے کی جو پہنتے ہین-
گرمابہ ف حمام گرم پانی مین نہانے کی جگہہ-
گردانیہ ف نام ایک پردہ موسیقی کا-

گریوہ ف پشتہ زمین کا بلند زمین
گرسنہ و گرسنہ ف بھوکھا جسکا پیٹ خالی ہو
گرگ باران دیدہ ف مرد آزمودہ کار معاملہ فہم
گرزہ ف کفچہ دار مہیب بزرگ سانپ وغیرہ
گرہ ف گانٹھہ جو بندھی ہوئی ہو
گرۃ ف سبو گلی یعنے گھڑا مٹی کا
گرکوہ ف ایک پہاڑ کا نام ہے
گروہ ف آدمیون کی جماعت اور بہت سے آدمی
گرفتہ ف طعنہ و ملامت و بدگوئی

کاف بازای

گزبرہ ف کشنیز سبز یعنے ہرا دھنیا
گزشہ ف کوا و کاک یعنے وہ گوشت پارہ جو حلق مین آویزان ہو اور کارد بزرگ خصار جسسے گوشت قیمہ کرتے ہین
گزمنہ ف بدعمل و دغاباز و فریبی آدمی
گزی ف قسم پیکان تیر اور وہ لکڑی چھت جسسے نقاتے ہیں بچائے ہین
گزیت ف خراج و جزیہ و رشوت جو وصول کیا جاوے

کاف باسین

گسوہ ف ناسرہ و متاع بے رواج کھوٹا روپیہ
گیسو ف زلف جو رخسار پر لٹکاتے ہین
کسرہ ف حرکت زیر کی جو حروف پر دیجاتی ہے

کاف باشین

گشتہ ف آلو شفتالو وغیرہ اور قسم ایک میوہ کا جو ترش ہوتا ہے اور اسکا ختہ نکالکر خشک کرتے ہین
گشادہ ف کھلا ہوا و بند ہو
گشتہ ف ہوا پھرا ہوا

کاف باعین

کعبہ ع نام بیت اللہ و مکان رفیع و بلند عظیم الشان

کاف بافاء

کفچہ ف پھن سانپ کا
کفہ ع پلہ ترازو کا جس مین اسباب وزن کرتے ہین
کفۃ ع حاشیہ پیراہن و سجاف پیراہن کا
کفہ ف خوشہ نیم کوفتہ جیسے ابھی غلہ نہ نکلا ہو
کفارہ ع چھپانیوالا گناہون کا ادا کرنا معاوضہ گناہ کا مثلا روزہ توڑے تو ساٹھہ روزے رکھے اور قسم توڑے تو بندہ آزاد کرے
کفیدہ ف ترقیدہ و شگافتہ یعنے چرا ہوا پھٹا ہوا
کفایہ ع کافی ہونا بس ہونا پورا ہونا
کفرہ ع جمع کافر یعنے بہت سے کافر
گفتہ ف کہا ہوا کلمہ او منہ زبان سے نکالا ہوا

کاف بالام

کلمہ ع ایک بات و باصطلاح نحویان کلمہ یعنی لفظ جو معنی رکھتا ہو
کلہ ف خیمہ کوچک یا چھپر گھٹ پردہ دار
کلہ ف ٹوپی اور آلہ تناسل کا و حرکات جماع
گلنتہ ف اندک دُم بریدہ اور جو شخص زبان سے اچھی طرح بات نہ کر سکتا ہو اور جو بہت کوتاہ کلان سونا و گنگہ
گلدستہ ف مشہور لفظ ہے یعنی پھولون کا دستہ باندھا ہوا
کلافہ و کلاوہ ف دانو گنتی سکا
کلیچہ ف خمیری روٹی جو نرم ہوتی ہے
کلاوہ و کلابہ ف سوت کی انٹیا
کلیہ ع گردہ جو ایک اندرونی عضو ہے
کلیۃ ع سگی تمامی اور سارا و تمام
کلنبہ ف وہ کلیچہ جسکے اندر مغز بادام وغیرہ بھرکے پکاتے ہین
کلالہ ف موی پیچیدہ یعنے زلف گوندھی ہوئی
کلبتہ ف چھپنا گھرا اور دکان و گوشہ گھر کا
گلولہ ف گولی گولہ بندوق و توپ کی گولی

گلّہ ف جانورون کا غول-
گلہ ف شکایت جو کسی کی کیجائے-
کلاہ ف تاج شاہی اور ٹوپی سر پر رکہنے کی-
کلیلہ ف نام ایک گیدڑ کا-
کلاپیسہ ف پہرنا آنکہون کا اصلی حالت سے چنانچہ سیاہی چہب
جائے نہایت شہوت کی لذت یا ضعف جسم کے سبب سے-
کلاسہ ف چونہ و کلی وغیرہ اسباب عمارت کا-
گلگونہ ف سرخ رنگ جو عورتین منہہ پر لگاتی وقت ملتی ہین جس
سرخی چہرہ کی زیادہ ہو جاتی ہے-
گل مالہ ف معمارون کا ہتہیار جس سے گل بچہاتی ہین اور گارا جو دیوار مین
لگا یا جاتا ہی اوسی سے بچہایا جاتا ہے-
گل کوزہ ف ایک پہول کا نام ہی جو بہت بڑا ہوتا ہے-
گلابہ ف گارا جس سے عمارت بناتی ہین اور دیوار کی ردو مین لگاتی ہین

کاف با میم

کمانچہ ف مشہور ساز ہی جس سے ترکہان پر بہہ پہراتی ہین
کماحقہ ع راست راست ٹہیک ٹہیک حق حق-
کمہ ع جو نادر زاد اندہا ہو-
کمینہ ف نیچ پاجی سفلہ آدمی-
گماشتہ ف نائب نوکر مختار کار-
گمراہ ف راہ بہولا ہوا مجازاً مرد گنہگار و فاسق و فاجر-
کمانہ ف ترکہانون کا کمانہ جس مین برما پہرتا ہی-
کمرکوہ ف درمیان کوہ و بلندی کوہ-

کاف با نون

گنجارہ ف گلگونہ جو خوبصورت لوگ منہہ پر ملتے ہین-
گندہ ف موٹا اور روٹی کا پیڑا جس سے روٹی پکاتی ہین
گنجہ ف نام شہر مسکن نظامی گنجوی مصنف سکندر نامہ
گنجینہ ف خزانہ ہر چیز کا مجازاً بہت سا مال و دولت

کنایہ ع پوشیدہ بات کنایہ رمز و اشارہ ہی-
کنانہ ع ترکش تیرون کا
کنہ ع پایان و وقت کار وقت اخیر و حقیقت کار-
گنہ ع پوشیدہ اور فارسی مین چہیر جو ایک مشہور شہر ہی-
کنگرہ ف دیوار کے اوپر کا سرا-
گناہ ف دوش و خطا و تقصیر د گناہ و جرم-
گندہ ف ناپاک پلید خراب-
گنجفہ ف ایک کہیل کا نام ہی جو مشہور ہی-
کندہ ف ہر ایک موٹی لکڑی اور چوب کلان سوراخدار
جس مین مجرم کی پانو ڈالکر قید کردیتے ہین ہند مین اوسکو کاٹہہ کہتی ہین
کندہ ف خندق-
کنیسہ ع نصاری کا عبادتخانہ یعنی گرجا-
کنارہ ف مشہور لفظ ہی کونا طرف اور اخیر ہر چیز کا-
کنجارہ ف کہل تلی اور سرسون کی جو روغن کے نکالنے کے بعد باقی رہتی ہین
کناسہ ع خاشاک جو جاروب سے نکلتے ہین یعنی کوڑا

کاف با واو

کورہ ع آتشدان آہنگران وغیرہ جہان آگ جلائی جائے-
کوکبہ ستارہ ہی و فر و شکوہ و دبدبہ و اظہار فخر-
کوہ پایہ زمین کی کوہ جو پہاڑ کے نیچے ہوتی ہے-
کوہہ ف برآمدگی پشت بیل اور اونٹ کا کوہان-
گوشتہ ف سرین آدمی یعنی چوتڑ آدمی کے
کوزہ ف مشہور لفظ ہی جسکو لوٹا کہتی ہین-
کورکہ ت نقارہ ڈہول جو بجایا جاتا ہے-
کوبہ ف موگرے جس سے کیلا ٹہوکتے ہین-
کوتاہ ف پست قد جو لمبا نہو چہوٹے قد کا آدمی-
کوچہ ف گلی جو مشہور لفظ ہی-
کوہ ف پہاڑ اور اونچی زمین پتہریلی-

گولہ ف توپ کا گولہ۔
گوشہ ف کونا زاویہ۔
گونہ ف رنگ و قسم و ڈہنگ
گوئندہ ف کہنے والا۔
گوکنتہ ت برادر رضاعی دودہ بہائی جو دو شخص نے ایک دایہ کا دودہ پیا ہو۔
گونسہ ع مرد بے ریش جسکی ریش نہو۔
گوفتہ ف آسیب زدہ بیمار درماندہ۔
گولکہ ف حباب جو پانی مین پیدا ہوتا ہی۔
گوستہ ع روزن جو دیوار مین ہو اور روشندان۔
گوتاہ پاچہ ف کوتاہ قد نام جانور چارپایہ۔
گودہ ت بدن و تن و جسم آدمی کا۔
گوشوارہ ف نام زیور یعنی جہومکا اور جمع حساب فرد کی۔
گوسالہ ف بچہ گاو و شتر و فیل و بچہ خورد سالہ۔
گونہ ف رنگ و لون چہرہ کا۔
گوبیازہ ف ایک قسم کا کہانا بلخ مین پکاتی ہین۔

کاف با ہاء

کہنہ ف پورانا بہت سالون کا بہت مدت کی چیز۔
کہینہ ف بہت چہوٹا۔
گہ ف مخفف کاہ یعنے گہاس
گہ ف مخفف گاہ یعنے کبہی۔
گہوارہ ف جہولہ جسپر لڑکے بیٹہکر جہولتی ہین۔

کاف با یاء

گلینہ ف تہیلی و ہمیان جس مین روپیہ پیسہ رکہین۔
کینہ ع بغض و عداوت جو دل مین ہو۔
گیاہ ف گہاس گہوڑونکا چارہ
گیسو بریدہ ف زن بیحیا و بیشرم و بے لحاظ۔

گیوہ ف کفش یعنی بند کی جوتی جو ترکستان کے لوگ پہنتے ہین۔
کیلہ ع پیمانہ غلہ ناپنے کا جسکو ٹویہ کہتے ہین

تئیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف لام اور آخیر مین ہا ہے

لام با الف

لابہ ع تملق و چاپلوسی و خوشامد و چرب زبانی۔
لانہ ف خانہ زنبور و لانہ شہد و آشیانہ مرغان یعنے مرغونکا گہونسلا۔
لاغیہ ع زن بیہودہ و نام گیاہ شیردار یعنی وہ گہاس جسمین دودہ نکلتا ہے
لاہرہ ع ایک قسم کی کشتی یعنی معبر جسکے ذریعہ سے دریا اوترین۔
لاجرعہ ع ایک دم مین پی جانا جو پیالہ مین ہو یعنی دم نہ لینا۔
لاحقہ ع ایک کے بعد دوسری چیز ملی ہوئی یعنے پے درپے۔
لامحالہ ع ناچار و بالضرور جو کام کرنا واجب ہو۔
لامسہ ع قوت مس کرنے کی یعنی ہاتہ لگا کر معلوم کرنے کی قوت۔
لامہ ع زرہ آہنی لوہے کی زرہ جو جنگ مین پہنتے ہین۔
لادہ ع واو کے ساتہ بازی طفلان گلی ڈنڈا جو ایک کہیل کا نام ہے۔
لادنہ ع دال کے ساتہ سن جسکی سیلی بناتے ہین
لازمہ ع ضروری اسباب جو انسان کو چاہئے۔
لایہ ع زدہ دیوار کا تہہ کپڑے اور کاغذ کی۔
لازقہ ع ہر چیز چپکنی والی مثل لئی و سریش و گوند وغیرہ۔
لالہ ف مشہور پہول سرخ رنگ ہے جس مین سیاہ داغ ہوتی عربی مین اوسکو شقائق کہتے ہین۔
لاشہ ف زبون و لاغر و ضعیف انسان ہو یا گہوڑا یا گدہا وغیرہ

لام با باء

لبابہ ف پچہاڑی گہوڑے کی جو پانو مین باندہتے ہین
لباچہ ف بالاپوش جو قبا کے اوپر پہنتے ہین۔

لام با ثاء

لثقہ ۔ نام تپ بلغمی جو بلغم کی خلط سے پیدا ہوتا ہے

لثہ ۔ مسوڑہ دانت کا دانتون کے اوپر کا گوشت ۔

لام با جیم

لجّہ ۔ دریا بہت عمیق یعنے بہت گہرا پانی

لام با حاء

لحظہ ۔ ایک دفعہ نظر کرنے کا مقدار مجازاً تھوڑے مقدار

لحیہ ۔ ریش یعنے داڑھی

لحمہ ۔ بارہ کا طعمہ اور بانا سوت کا

لحقہ ۔ پیچھے سے آکر ملنے والی لاحق شامل ہونیوالا شخص

لام با خاء

لخچہ ۔ شعلہ آتش اخگر یعنے انگار آگ کا

لخشہ ۔ شعلہ آتش و اخگر ۔

لخلخہ ۔ خوشبو سونگھنا ۔

لام با دال

لدغہ ۔ سانپ اور بچھو کا نیش مارنا ۔

لام با طا

لطیفہ ۔ خوبی و خوشی کی بات اور اچھی بات جس سے دل خوش ہو

لام با غین

لغونہ ۔ آرایش و گلگونہ و سنگار کا اسباب

لام با فاء

لفجہ ۔ زیر کا لہ گوشت یعنے ٹکڑا گوشت کا ۔

لام با قاف

لقمہ ۔ نوالہ طعام کا

لقوہ ۔ بیماری کا نام ہے جس سے منہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے

لقطہ ۔ گری ہوئی چیز کو پانا ۔

لقیہ ۔ ملاقات کرنا ملنا کسی سے ۔

لام با کاف

لکّہ ۔ داغ و پارچہ اور ٹکڑا

لام با میم

لمحہ ۔ مقدار آنکھ جھپکنے کا ۔

لمعہ ۔ روشنی اور چمکارا اور جلوہ کسی روشن چیز کا ۔

لمعہ ۔ عضو جو خشک رہ گیا ہو یعنے بیکار وضو ۔

لام با واو

لوزینہ ۔ حلوا جس مین مغز ڈالے جاتے ہین لذیذ حلوا ۔

لوح ناخواندہ ۔ علم لدنی جو غیب سے حاصل ہو ۔

لوکشتہ ۔ وہ رسی جو نعلبند کے وقت گھوڑے کے ناخن یا لو کو باندھتے ہین

لوکشتہ ۔ کشتی کے ایک بند کا نام ہے

لولہ ۔ آویزہ گوش یعنی بالی اور جھمکے ۔

لام با ہاء

لہجہ ۔ بول چال کا محاورہ و ظاہر بات فصیح

لام با یا

لیفہ ۔ ریشہ درخت خرما اور نرمی ۔

لیقہ ۔ دوات لکھنے کی اندر جو صوف ہوتا ہے ۔

چوبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف میم اور آخیر مین ہا ہے

میم با الف

مایدہ ۔ خوان طعام کھانے کا خوانچہ ۔

ماشہ ۔ دست پناہ آہنگران جس سے گرم لوہا پکڑتے ہین یعنے سنڈاسی اور پیالہ بندوق کا اور توڑا بندوق کا اور آلہ جس مین تعویذ رکھا جاتا ہے اور آٹھہ رتی کا وزن ۔

ماضغہ ۶ قوت چبانی کی جو دانتون مین ہی

مالکانہ ف مالک ہونے کا حق

مالیدہ ف قسم طعام کا ہے

ماندہ ف رہا ہوا تھکا ہوا

ماہیانہ ماہانہ ف جو درماہہ مقرر ہو تنخواہ

مائتہ ۶ ایک سو اعداد مین جسکو فارسی مین صد کہتے ہین

ماہیچہ ف مچھلی کی صورت جو علم پر بناتی ہین

ماہیچہ ف سویان میدہ کی جو شیر و شکر کے ساتھ کھاتی ہین

ماشورہ ف سوت جو نلکی پر ہو یعنی نینڈی سوت کی

ماثورہ ۶ دعائین صاحب تاثیر

ماشطہ ۶ دایہ مشاطہ سنگار کرانیوالی

ماسکہ ۶ نگاہ رکھنی والی قوت جو بدن مین ہے

ماجدہ ۶ زن بزرگوار مثل والدہ و جدہ وغیرہ

ماتہہ ۶ برما جس سے لکڑی مین سوراخ کرتے ہین

مادبہ ۶ ضیافت اور مہمانی جو مہمان کی کیجائے

مارگزیدہ ف سانپ کا ڈسا یعنے بہن دار سانپ

ماریہ ۶ دایہ مادر جسکی پیٹ سے انسان پیدا ہوا مادہ دودھ ہو

مایہ ف اصل مادہ و پونجی یعنے اصلی مال سوائے سود کے

مادّہ ۶ اصل ہر چیز و ضد نر کی

مارچوبہ ف ایک گھاس دوا فہم ف زہر مار یعنی اوسکی گھاس مار گزیدہ پر چھاپا جاتا ہے

ماضیہ ۶ گذری ہوئی بات اور گذرا ہوا زمانہ

میم با با

مباہجہ ۶ باہم فخر کرنا اور شان و شوکت جتلانا

مبادلہ ۶ بدلنا عوض معاوضہ کرنا

مبتذلہ ۶ فراخ کیا گیا جو پہنا کیا گیا

مبردہ ۶ سرد کرنیوالی چیز جسکی تاثیر سرد ہو

مبثوثہ ۶ پراگندہ و پریشان و ابتر و خراب

مباہلہ ۶ بد دعا کرنا کسی کے حق مین بدی چاہنا

مبالغہ ۶ اصل مین سعی بڑھانا اندازہ سے تجاوز کرنا جسکے معنی بازگشت کے ہین

میم با تا

متنبہ ۶ خبردار و آگاہ جو غافل نہو

متداولہ ۶ نوبت بنوبت کیا گیا

متنوعہ ۶ گونا گون طرح طرح قسم قسم

متخیلہ ۶ خیال کیا گیا اور ایک قوت کا نام ہے

متاجرہ ۶ تجارت کرنا سوداگری کا کام کرنا

متجبرہ ۶ جبر کرنے والے ظالم لوگ زبردست

متضادہ ۶ ضد کرنیوالا ہٹ کرنیوالا

متناہیہ ۶ انتہا تک پہنچنی والا اخیر تک پہنچنی والا

متتالیہ ۶ پے درپے آنیوالا بار بار آنے والا

متدارکہ ۶ پانے والا درک دینے والا

متقبہ ۶ برمہ جس سے سوراخ کرتے ہین لکڑی مین

متوجہ ۶ توجہ کرنے والا

متعذبہ ۶ عذاب کرنے والا اور کھانے کی چیز میٹھی و خوشگوار

متعہ ۶ میعادی نکاح جو شیعہ مذہب مین جائز ہے

میم با ثا

مثانیہ ۶ صفت تثنیہ بمعنی مانند مشتق ثنو سے

مثالہ ۶ فرمان بادشاہی جو شاہی دربار سے جاری ہو

مثانہ ۶ کیسہ بول جس مین انسان و حیوان کے پیٹ مین بول رہتا ہے

مثلہ ۶ کان ناک کاٹنا عذاب کرنا اعضا جدا کرنا

میم با جیم

مجاہدہ ۶ محنت و مشقت و کوشش و جنگ و لڑائی

مجندہ ۶ جمع کرنا و جگہ جمع کرنیکی جہان کوئی چیز جمع کیجائے لیا گیا ہے مجند سے جسکے معنی لشکر کے ہین

مجمع علیہ ۶ جس بات پر اتفاق ہو ہر ایک شخص کا

مَجَنَّۃ نام بازار قریب بہ مکہ۔
مُجاوِبہ جواب دینا کسیکو۔
مَجَرَّہ کہکشان جو ستہو ستاری ہین۔
مجادلہ جنگ لڑائی معرکہ وغیرہ۔

میم با حاء

مَحبَرہ دوات سیاہی کا برتن جسسے لکھتی ہین۔
مَحافہ و مَحفَّہ ہودج و پالکی وغیرہ جسپر سوار ہون۔
مَحَلَّہ اُترنے کا مقام و منزل و سکونت گاہ۔
مَحُوَّطہ احاطہ کرنا و جای محفوظ یعنے چار دیواری۔
محرابگہ مسجد مین سجدہ کرنے کی جگہہ۔
محاربہ جنگ و لڑائی کا مقام و معرکہ۔
محاکمہ حاکم کے پاس جانا دادخواہی کرنا۔
محکمہ جای حکومت اور حکم دینی کی جگہہ۔
مَحجوبہ پردہ نشین و ستردار عورت۔
مُحیلہ زن حیلہ گر و مکارہ و دغاباز۔
مِحجَمہ آلہ حجامت کرنے کا یعنے اُسترا۔
مُحتالہ زن بدکار و حیلہ گر و دغاباز۔
مَحرُوسہ نگاہبانی کیا گیا حراست مین رکہا گیا۔
مُحاوِرہ حق زباندانی ادا کرنا جواب دینا۔
مُحاصِرہ بندکرنا چارون طرف سے بندش مین لینا۔
مُحتَرفہ پیشہ ور و صناع لوگ کاریگر۔
مَحکیہ حکایت کیا گیا بات کیا گیا۔
مُحاسِبہ حساب و شمار اور گنتی۔
مَحمُودہ سقمونیا ایک دوا کا نام ہی اور تعریف کی گئی عورت
مُحادِثہ باہم باتین کرنا حدیث کا ذکر کرنا۔

میم با خاء

مَخطوبہ عورت جسکی خواستگاری کی گئی ہو نکاح کی لئی۔
مُخدَّرہ عورت پردہ نشین و ستردار عورت۔
مَخرَقہ شرمندگی و تیرگی خجالت۔
مُخرِقہ خرقہ درویشان اور گودڑی فقیرون کی۔
مَخشِیَّہ جنبیدہ و لغزیدہ و خراب کردہ شدہ۔
مُخاصِمہ خصومت کرنا لڑنا عداوت کرنا۔
مُخاطِرہ اندیشہ و خطرہ و خوف و بیم۔
مُخَیِّلہ خیال کرنے کا مقام یعنے دماغ۔
مُخَیَّلہ نام قوت خیالی جسکا نام دماغ ہے۔
مَخمَصہ سوزش گرسنگی و غم و اندوہ و فکر و اندیشہ۔

میم با دال

مَدِینہ مطلق شہر و نام شہر مسکن پیغمبر صلعم و مدفن آنحضرت کا
مَدرَسہ جای درس و تعلیم علم پڑہانے کا مقام۔
مِدَّہ ریم جو زخم سے نکلتی ہے۔
مُدرِکہ نام ایک قوت کا ہے جسسے یہہ انسان ہر ایک
چیز کی حقیقت کو پا لیتا ہے۔

میم با ذال

مَذخُورہ ذخیرہ کیا گیا جمع رکہا گیا مال وغیرہ۔
مَذمُومہ ہر چیز زشت و بد و بدصورت۔

میم با راء

مَرارہ تلخہ یعنے انسان کا پتہ جو صفرا کا گہر ہے۔
مَرَّہ ایک مرتبہ ایک بار ایک دفعہ۔
مُرارہ تلخہ حیوان یعنے حیوان کا پتہ۔
مَرصُوصہ استوار کیا گیا مضبوط و محکم کیا گیا۔
مُرَتَّبہ درست کیا گیا تیار کیا گیا استوار کیا گیا۔
مَرتَبہ درجہ اور رتبہ اور پایہ اور دفعہ
مَرَدہ مردود دانی و دیوان سرکش جمع مارد کی لفظ کی۔
مَرَدَہ مرد شجاع و بہادر و دلاور و جنگ آور۔
مُردہ مرا ہوا شخص بیجان ہوا ہوا۔

مرغولہ ۔ پیچ و تاب کھائی ہوئی و پیچیدگی۔

مروحہ ۔ بادکش پنکھا جس سے ہوا لیتے ہین

مرسلہ ۔ بھیجا گیا اور ہار جو عورتین گلی مین پہنتے ہین۔

مرفہ ۔ آسودہ حال اور آسایش و آرام کی حالت مین۔

مرضعہ ۔ عورت شیر دینے والی یعنی دایہ جو دودھ بچہ کو دیوی۔

مرحلہ ۔ منزلگاہ و کوچ گاہ و مقام روانگی و اسباب سفر تسلیا پالان شتر وغیرہ سامان سفر کا جو مقدار مسافت جو جا فرسنگ تک ہے

مراغہ ۔ پھسلنا جانور کا اور نام شہر۔

مراقبہ ۔ امید رکھنا نگاہ رکھنا گردن نیچے کو ڈالنا قلب کی طرف رجوع کرنا۔

مروہ ۔ مکہ معظمہ مین ایک پہاڑ ہے۔

مرثیہ ۔ مردہ کی تعریف کرنا اور اوسکے اوصاف بیان کرنا۔

مراتب چارگانہ ۔ شریعت طریقت حقیقت معرفت

میم با زاء

مزدلفہ ۔ مکہ شریف مین ایک مقام کا نام ہے۔

مزبلہ ۔ گند کی ڈالنی کا مکان جھاڑا کوڑی

مزابلہ ۔ جمع مزبلہ بہت سے مقام جہان گندگی ڈالی جاتی

مزدوجہ ۔ آپس مین ملی ہوئی چیزین آپسمین متصل

مزادہ ۔ توشہ دان جسمین سفر کا اسباب و زاد راہ رکھتے ہین

مزلقہ ۔ لغزش دینے والا اور نرم مٹی والا۔

مژدہ ۔ خوشخبری و بشارت نیک بات کی۔

مزہ ۔ چکھنا لذت ذائقہ طعام وغیرہ کا۔

مزلفہ ۔ نزدیک لایا گیا پاس لایا گیا۔

میم با سین

مسئلہ ۔ کسی چیز کا سوال [illegible]

مستانہ ۔ مستوں کی [illegible]

مسخرہ ۔ ہنسی [illegible]

مستحاضہ ۔ وہ عورت جسکو ایام حیض سے زیادہ خون آوے یعنی تین دن سے زیادہ۔

مشرقہ ۔ چراغدان جہان چراغ جلاکر رکھین۔

مستمرہ ۔ روان و استوار و دائمی ہمیشہ رہنے والا۔

مستطاعہ ۔ قوت رکھا گیا۔

مسودہ ۔ لکھا گیا سیاہ کیا گیا۔

مستانفہ ۔ آغاز کرنے والا شروع کرنے والا۔

مسبحہ ۔ انگشت شہادت جسکو سبابہ کہتے ہین۔

مستکرہ ۔ ناخوش و زشت و بدصورت۔

میم با شین

مشاہرہ ۔ ماہیانہ و تنخواہ مقررہ و ماہ ور وزینہ

مشاہدہ ۔ دیکھنا حاضر ہونا روبرو آنا۔

مشورہ ۔ مشورہ پوچھنا صلاح پوچھنا۔

مشابہ ۔ مانند مثل نظیر شکل سے شکل ملتی ہوئی۔

مشتبہ ۔ شبہ کی چیز جو لائق یقین کرنیکے ہو۔

مشرقہ ۔ چراغدان کی طرف لکھی یعنی باپ کی طرف

مشرعہ ۔ آنے کے دن یعنی پانی پینے کا مقام۔

مشافہہ ۔ روبرو ہونا روبرو سخن کہنا بالمواجہہ ہونا

مشربہ ۔ جس ظرف سے پانی پئین پانی پینے کا آبخورہ۔

مشاعرہ ۔ باہم شعر پڑھنا اور شاعروں کا ملکر سخن کہنا۔

مشعر ۔ شعر پڑھنے کا مقام جہان شاعر جمع ہون۔

مشغلہ ۔ دغوغا و کار و بار و شغل و مقام شغل۔

مشیمہ ۔ پتلا پوست جو بچہ پر وقت ولادت کی ہوتا اور نام پردہ بستن چشم پردہ چشم ہے۔

مشارالیہ ۔ جس کی طرف اشارہ ہو بات کرنے کی وقت

مشتعلہ ۔ مشتعل اور دہکتی ہوئی جیسے شعلے آتش

مشاطہ ۔ آرایش کش یعنی دلہن سنگار کرنے والی۔

مشترکہ ۶ جس چیز مین شراکت ہو اور جو چیز چند شرکا کی سانجھی ہو۔

میم با صاد

مصطبہ ۶ میخانہ شرابخانہ جہان شراب بکتی یا نکالی جاتی ہو۔
مصورہ ۶ ایک قوت کا نام ہے جسسے خود بخود بحکم نقاش حقیقی رحم مین شکل بچہ کی بن جاتی ہے اور یہہ قوت عورت کے رحم مین رکھی گئی ہے۔
مصافحہ ۶ بوقت ملاقات ہاتھہ مین ہاتھہ لینا۔
مصقلہ ۶ آلہ صقل کرنے کا جسسے کسی چیز کو جلا دین۔

میم با ضاد

مضادہ ۶ ضد ہونا اور ضد کرنے والی عورت۔
مضاف الیہ ۶ وہ اسم جسکی طرف کسی شئی کو لگا دین جیسے زید کا گھوڑا زید مضاف گھوڑا مضاف الیہ اور کا علامت اضافت ہے اردو مین اور فارسی مین کسرہ اخیر لفظ کی علامت اضافت کی ہے چنانچہ غلام سرور یعنی سرور کا غلام
مضلہ ۶ مقام گمراہی یعنے رستہ بھولنے کی جگہہ۔
مضائقہ ۶ مقام تنگی و تردد و تفکر و اندیشہ۔
مضغہ ۶ گوشت پارہ گوشت کا ٹکڑا

میم با طاء

مطارحہ ۶ مشورہ و کلام و خوشہ انگور وغیرہ کا۔
مطایبہ ۶ خوش طبعی و دل لگی و مزاح و رمز و کنایہ
مطمورہ ۶ پوشیدہ کیا گیا تہہ خانہ پوشیدہ مقام
مطیتہ ۶ سواری و مرکب جسپر سوار ہون
مطوعہ ۶ طاعت جہاد کرنیوالی لڑنے والی افواج
مطالعہ ۶ کسیکو دیکھنا اشتیاق [illegible]
[illegible]
مطرقہ ۶ ہتھوڑا لوہار کا جسسے لوہا کوٹتے ہین
مطالبہ ۶ [illegible] خواہش کرنا۔

مسطرنہ ۶ وہ عورت گانیوالی جسسے خوشی حاصل ہو۔

میم با ظاء

مظنہ ۶ جای گمان مقام وہم و خیال و ظن و شک و شبہ۔
مظلہ ۶ سائبان اور درخت سایہ دار۔
مظلمہ ۶ ظلم کرنا جور و جفا و تعدی کا مرتکب ہونا۔
مظلمہ ۶ اندہیرا تاریکی سیاہی ظلمت۔

میم با عین

معاہدہ ۶ آپس مین عہد و پیمان کرنا قول و اقرار کرنا۔
معانقہ ۶ بغلگیر ہونا آپس مین گلے لگنا۔
معبلہ ۶ پیکان از وہ جو پہل تیر کا لمبا اور چوڑا ہو۔
معصرہ ۶ وہ جسسے کوئی چیز نچوڑی جاتی اور تیل نکالا جائی تیلیون کا کولو جس مین یہہ تیل نکالتے ہین۔
معصرہ ۶ نچوڑی ہوئی چیز جسکا کولو مین تیل نکل نکالا ہو اور اوسکا پہوک جو باقی رہجاتے۔
معشوقہ ۶ جس عورت سے عشق ہو پیاری محبوبہ۔
معجزہ ۶ عاجز کرنیوالا اعجاز یعنی خلاف عقل کام خوارق کرامت جسکو دیکھہ کر ولی یا نبی کے معجزے اور کرامت مین شک نہ رہے سنکر یقین کرلے۔
معارضہ ۶ جھگڑا مقدمہ دعوی اعتراض۔
معمورہ ۶ آبادی و قریہ و گانو و شہر۔
معظمہ ۶ صاحب عظمت و بزرگ عورت۔
معزی الیہ ۶ جسکی طرف اشارہ چنانچہ موصی الیہ مشار الیہ۔
معاینہ ۶ روبرو دیکھنا اپنی آنکھہ سے دیکھنا۔
معدہ ۶ عضو جس مین کہانا ہضم ہوتا ہے۔
معتوہ ۶ بیعقل و دیوانہ و بے شعور نادان۔
معرکہ ۶ لڑائی کا مقام و جا گوشمالی و تنبیہ
مغذیہ ۶ غذا پہونچانے والی و غذا دینے والا۔
معاملہ ۶ [illegible] کام کرنا آپس مین لین دین کرنا۔

معتدبه ۶ شمار کیا گیا اندازہ کیا گیا۔
معاذ اللہ ۶ پناہ چاہتا ہون خدا کی۔
معتزله ۶ ایک فرقہ منکر رویت خدا تعالی ہے اور کہتے ہین کہ تھا ہی اگر [illegible]

میم با غین

مغاره ۶ پہاڑ مین جو غار ہو اور مقام غار۔
مغالقه ۶ دروازہ بند و مشکل سخن مشکل تقریر۔
مغرقه ۶ کفگیر و کفچہ جو ہنڈیا مین پھیرتے ہین
مغلطه ۶ سطر در بیت و نامطبوع و خراب۔
مغلطه ۶ غلطی کا مقام جہان غلطی واقع ہوئی ہو۔
مغبوطه ۶ گو نداگیا اور حسد کیا گیا محسود۔
مغالطه ۶ غلطی مین ڈالنا بھولا دینا کسیکو راستہ سے
مغره ۶ گل سرخ یعنے گیرو جسکا رنگ سرخ ہوتا ہے۔

میم با فا

مفاوضه ۶ سپرد کرنا و خط و مکتوب و شراکت۔
مفاخره ۶ فخر کرنیوالا اترائی کرنے والا
مفاره ۶ چہوٹے بچے زنبور کے یعنی سوراخ [illegible] جو [illegible] ہون
مفاصله ۶ جو آپسمین فرق ہو یعنی فرق کی میان دو چیز کے۔
مفرغه ۶ گرانا پانی وغیرہ کا۔
مفرد ۶ تنہا اکیلا مجرد ایک آدمی۔
مفازه ۶ مقام رہائی خلاصی کا مقام۔

میم با قاف

مقبره ۶ جای قبر جسجگہ قبر بنی ہوئی ہو۔
مقاسمه ۶ سوگند کہانا کہہ دینا باہم تقسیم کرنا۔
مقلقله ۶ آواز صراحی کی پیالہ مین شراب ڈالنے کے وقت۔
مقصوره ۶ چہوٹا حجرہ جو مخصوص مقام عبادت کا ہو۔
مقابله ۶ برابری کرنا روبرو ہونا سامنے جانا۔
مقدمه ۶ آگے چلنے والا اور وہ عبارت جو کتاب کے اول ہو۔
مقدمه ۶ آگے کہا گیا مبنی مین کسی حاکم کی مجاز اہجگڑا خرخشہ وغیرہ۔
مقنعه ۶ چادر زنانہ اوڑھنی جو عورتین سر اوڑھتی ہین۔
مقراضه ۶ قسم پیکان و قسم شیرینی جو باریک کاغذ کی ہوتی بطرح موتی ہے
مقرعه ۶ تازیانہ جس سے مجرم کو سزا دیتی ہین اور چابک گہوڑونکا۔
مقاتله ۶ لڑائی جنگ معرکہ کشت وخون۔
مقامره ۶ جوا کہیلنا قمار بازی کرنا۔
مقدسه ۶ پاک عورت نیکو کار پاکدامنہ۔
مقرره ۶ جو بات قرار پائی اور عہد جو ہو جاوے۔
مقله ۶ تمام کاسۂ چشم معہ سفیدی و سیاہی۔
مقارنه ۶ جمع ہونا نزدیک ہونا قرین ہونا۔

میم با کاف

مکایله ۶ پیمانہ سے ماپنا غلہ وغیرہ چیزون کو۔
مکرمه ۶ بزرگ عورت صاحب تعظیم مثلا والدہ وجدہ۔
مکتسبه ۶ کسب کیا گیا حاصل کیا گیا کمائی کیا گیا۔
مکرعه ۶ پانی کی مشک جو چمڑے کی ہوتی ہے۔
مکابره ۶ اپنی بزرگی دوسرے پر ثابت کرنا بڑائی ظاہر کرنا
مکنسه ۶ جاروب یعنے جہاڑو مکان صفا کرنے کا۔
مکتب خانه ۶ لکہنے اور پڑہنے کا مکان۔
مکاره ۶ عورت مکارہ یعنے صاحب مکر و فریب
مکاره ۶ سختیان اور بہت سی رنج [illegible]
مکاتبه ۶ آپس مین خط [illegible] کتابت کرنا۔
مکاشفه ۶ ظاہر کرنا ظاہر ہونا [illegible] نکلنا۔

میم با لام

ملطیه ۶ نام شہر جو روم مین واقع ہے۔
ملتحمه ۶ پہلا طبقہ آنکہون کے سات طبقون سے ہے۔
ملاکزه ۶ گوشت پارہ جو گلے مین لٹکتا ہے ہندی مین اوسکو کاگ کہتی ہین۔

ملاحظه ع گوشه چشم سے دیکھنا آنکھہ پھیر کر دیکھنا -
ملاطفه ع مکتوب و مراسله و نیکی کرنا لطف کرنا -
ملکه ع بادشاه کی عورت اور قوت و صفا علم کی
ملاعنه ع جمع ملعون خلاف قیاس یه لفظ ہی -
ملازاده ف نام کتاب علم معانی مین
ملاحده ع جمع ملحد بہت کافر بیدین و نام قوم جو سیدین ہے
ملکشاه نام بادشاه سلجوقی جسکا وزیر نظام الملک تہا -
ملکات فاضلیه چہارگانه حکمت شجاعت عفت عدالت چار نیک خصلتین
ملکات رذیه ہشتگانه ف حسد بغض بخل حرص کذب غضب کبر بیحیائی آٹہه بد خصلتین
ملکات فاضله خصائل خوب بسیار بہا نیک -
ملحمه ع جنگ و فتنه و فساد و لڑائی و خصومت -
ملاعبه ع کہیلنا بازی کرنا بیفائده کام کرنا -
ملائکه ع فرشتے پیدائش آسمانی
ملعقه ع چمچہ و قاشق
ملک آوازه ف بلند آوازه مشہور و معروف -

میم با میم

ممنوعه ع رانده و رده و منع ہوئی ہوئی چیز -
ممسحه ع کلاله معماران کا جسسے وه گارا بچہاتے ہین

میم با نون

منصه ع ظاہر ہونا و تخت عروسی جسپر دولہا دولہن بیٹہتے ہین
منسفه ع چوب پنج شاخه جسکے ساتہه خرمن غله کا درست کیا جاتا ہے
مناظره ع نظر کرنا فکر کرنا و نام علم بحث
منطقه ع کمربند یعنی پٹکه جسکو کمر کو باندہتے ہین -
منکوحه ع جس عورت سے نکاح ہووے -
منیژه ع دختر افراسیاب جسپر بیژن پسر گیو پہلوان عاشق ہوا تہا
منکسره ع ٹوٹنے والا نقصان و ڈہانیوالا -
مناره ع بلند عمارت اونچا ستون عمارت کا -
منطوقه ع کلام و سخن و گفتگو بات جیت -
مناصفه ع نصف نصف کرنا آدہا آدہا کرنا -
منقله ع مجمر یعنی انگیٹہی آگ کے رکہنے کی
منزلگاه ف جای مقام اور سکونت کی جگہه -
مناقضه ع آپسکا جہگڑا و دشمنی و عداوت
مناکحه ع باہم نکاح ہونا عورت خاوند کا -
منظومه ع نظم کی ہوئی کتاب مثنوی و دیوان وغیره -
منیه ع آرزو و مطلب و مقصود و التجا و مدعا -
مناحه ع نوحه و ماتم کرنا آواز کے ساتہه رونا
منزه ع پاک کیا گیا دور کیا گیا پلیدی سے دہویا گیا -
منافسه ع رغبت کرنا میل کرنا متوجه ہونا
متنبه ع آگاه و خبردار و صاحب علم و خبر
مناقشه ع نزاع کرنا مقدمه کرنا جہگڑنا -
مناضله ع برابری کرنا تیراندازی مین باہم ایک دوسرے سے سبقت لیجانا
منصوبه ع تدبیر جو قرار پائی اور تجویز جو جائز تصور ہو -
مندفه ع دہنی ہوئی روئی -

میم با واو

موسیچه ف ہندی ممولا جو مشہور جانور ہی -
موازنه ف ہم وزن ہونا برابر ہونا تول مین
موقنه ع عورت صاحب یقین و صاحب اعتقاد -
مودعه ع سونپا ہوا تفویض کیا ہوا -
موضعه ع باہم شرکت کرنا شریک ہونا -
مویه ف گریه و نوحه اور چلاکر یاد کرنا رونا آواز سے -
موسی الیه ع جسکی طرف اشاره ہو جیسے که مشارالیه و معزالیه وغیره -

موصلی لیبه ع جسکے نام کی وصیت ہو اور مرنیوالا اوسکو
موصی بنا گیا ہو-
مواجہه ع رو برو ہونا مقابل ہونا سامنے ہونا-
موخوبه ع خوب پسندیده و مطبوع طبع-
موئینه ف آدمی کے بال ادکہاڑتے ہین-
مولید ثلاثه نباتات جمادات حیوانات-
موله ف شیفته و عاشق و درخت بید مجنون-
مواخذه ع گرفت کرنا پکڑنا مزاحم ہونا-
مویه ف پستین جسپر بال ہون-
موریانه ف کیڑا جو لکڑی کو لگ جاتا ہے-
مورچه ف چہوٹی چیونٹی جو مشہور جانور ہے-

میم با ہا

مهمه ف بیابان جنگل و ویرانه زمین-
مهمته ع کار ضروری جسکا کرنا واجبی ہو-
مهموسه ع وه حروف جو نرم و پست ادا ہون چنانچه ت ث
ح ش س خ ص ف ک ه-
مهلکه ع جای ہلاک و قتل گاه و مقام کشت و خون-
مهره ع بچہڑا اور عربی مین کره اسپ یعنے چہوٹا گہوڑا-
مهمله ع خالی بے نقطه حرف جیسے که ا ح د ر س ص ط
ع ک ل م و ه-
مه ف چاند ستاره آسمانی عربی مین اسکو قمر کہتے ہین
مهتر ف بزرگ سردار قوم و افسر و سرگروه و صاحب عزت

میم با یا

میاه ع جمع ماء آبہا یعنے بہت سے پانی-
میوه ف مشہور لفظ ہے یعنے پہل کسی درخت کا جسکو کہاتے ہین
میمنه ع دست راست و فوج طرف راست-
میسره ع دست چپ و فوج طرف چپ-

میخانه ع از ان کہنے کی جگہه یا نماز نہ کی جگہه
میمونه ع گرنستی کے فنون سے ایک فن ہے
میده ع آرد خشکا گیہون کا-
میکده ف شراب خانه جہان شراب کہینچتی یا بکتی ہون-

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف نون اور اخیر مین ہ ہے

نون با الف

ناتراشیده ف و ناتراشیده بد خلق بدخو بیوقوف آدمی
نارسیده ف نابالغ لڑکا اور کچا میوه-
ناخنه ف آنکہه کی بیماری کا نام ہے-
نایژه ع آفتابه کی ٹونٹی نے میانه خالی مجازاً سوراخ ذکر-
ناپدید ف نالایق بے ہنر و بے علم آدمی
نابهره ف بے نصیب کم قسمت و کم طالع-
نادانسته ف بہول کر جو کام کیا جاوے-
ناخوانده ف بے علم آدمی جسے کچہه پڑہا نہو-
نادیده ف جسکو دیکہا نہو اور مرد حریص و طماع-
ناستوده ف جسکی صفت نہو سکے
ناسفته ف جو بیدہا نہو موتی وغیره-
نادره ع عجیب و غریب و عمده تحفه-
نازله ع سختی و حوادث زمانه رنج و غم-
نائبه ع حادثه و واقعه و تب گرم و بیماری-
ناله ف آواز بلند جو سوز دل سے ہو چلا کر رونا-
ناتجه ع گریه و ناله و ماتم و رنج و غم و اندوه-
ناصیه ع موی پیشانی یعنے ماتہے کے بال-
ناسخواه ف ایک گہاس کا نام ہے جسکو کہانے سے بہوکہ لگتی ہے ہندی میں اجواین

اجهه

ناخوزہ ع معشوقہ محبوبہ عورت۔
نادہ ف بدررو پانی کا پرنالہ
نافلہ ع جو عبادت سوائے فرض کے ہو یعنے نفل۔
نابہ ف شراب خالص عمدہ و قیمتی شراب۔
نامیہ ع یہہ ایک قوت جسم پیدائش نباتی و حیوانی میں ہے جس سے وہ پہولتا اور بڑہتا ہے۔
ناسرہ ع کہوٹا درہم و دینار اور قلب روپیہ
ناحیہ ع کونا کنارہ گرد نواح کسی شہر کا۔
ناجیہ ع نجات پانیوالہ رہائی پانے والا۔
نازل منزلہ ع قایم مقام و جانشین و وارث۔
ناشایستہ ف نالایق و کم عقل آدمی۔
ناعمہ ع نرم بدن عورت جسکا جسم نازک ہو۔
نافحہ ع خوشبو جس سے خوشبو آئے
نافہ ف کستوری کا نافہ جو مشہور ہے۔
ناگاشتہ ف جو بویا نہو۔
ناکارہ ف بیکار و خراب۔
ناقہ ع اونٹنی مادہ شتر
نائرہ ع شعلہ آتش
ناگاہ ف اچانک اور فی الفور۔
نامہ ف خط مکتوب کتاب۔
نائچہ ف حقہ کا نیچہ جو نے سے بنایا جاتا ہے۔

نون با با

نبہ ع آگاہ ہونا اطلاع پانا کسی بات پر۔
نباہ ع امیر دولتمند صاحب عزت آدمی
نبردگاہ ف میدان جنگ لڑائی کا مقام۔
نبیلہ ع خوبصورت بزرگ پسند خاطر و عزیز دل۔
نبشیرہ ع پوتا یا دہوتا پوتی یا دہوتی۔
نبلہ ع مٹی کا ڈہیلہ جس سے استنجا کرین۔
نبرزدہ ف بہادر و دلاور و جوانمرد آدمی۔
نبیہہ ع بروزن وجیہہ خبردار کرنے والا
نبیسہ ع پسرزادہ یا دخترزادہ۔

نون با تا

نتیجہ ع غرض حاصل مطلب خلاصہ کلام۔

نون با ثا

نثرہ ع نام آٹھوین منزل کا منازل قمر سے۔

نون با حا

نحلہ ع بخشش عطا صدقہ جو دیا جائے۔

نون با خا

نخلہ ع درخت خرما یعنی کہجور کا درخت جو مشہور درخت ہے
نخالہ ع آٹے کا چہان جو چہلنی مین چہن کر آتا ہے یعنی بہوسی اوسکو کہتے ہین

نون با دال

ندبہ ع نوحہ و شیون و نالہ و زاری اور گریہ یعنے آواز سے رونا

نون با را

نژادہ ف اصل و اصیل آدمی خاندانی شخص
نزلہ ع رسد جو کسیکو دی جائے اور نام بیماری کا کام کا۔
نزہ ع بے عیب تازہ اور خوب اور اچہا

نون با سین

نسیئہ ع قرض ادہار اور دام جو کسیکو دیا جائے۔
نسخہ ع لکہا ہوا نقل کیا ہوا اور کتاب و صحیفہ و رسالہ۔

نون با شین

نشارہ ع برادہ جو عاج وغیرہ جواہر و ساج چیرنے سے نکلے
نشاستہ میدہ گیہون کا جو گیہون بہگو کر نکالین۔
نشرہ ع تعویذ جو صاحب عمل لکہتے ہین۔
نشیدہ ع ختم قرات تمام قران کا پڑہنا۔
نشئہ بیہوشی اور مستی جو شراب وغیرہ سے حاصل ہوتی ہے

نون با صاد

نصیبہ ع قسمت و نصیب

نون با ظاء

نطیفه ع صاف و سفید پانی اور تخم آدمی کا۔

نون با ظاء

نظارہ ع دیکھنا نظر کرنا آنکھ سے دیکھنا سیر کرنا۔
نظارہ ع دیکھنے والی لوگ سیر کرنے والے۔
نظارت پیشہ ف نگہبان و خواجہ سرائے۔

نون با عین

نعجہ ع میش یعنے بھیڑ جو مشہور چارپایہ ہے۔
نعامہ ع شتر مرغ جو ایک جانور ہے۔
نعرہ ع بلند آواز۔
نعوذ باللہ ع پناہ مانگتے ہیں ہم اللہ سے۔

نون با غین

نغمہ ع سرود راگ جو گایا جاتا ہے۔
نغنغہ ع آواز لطیف اور مطبوع آواز۔
نغولہ ع موئے پیچیدہ اور گوندی ہوئی زلفین۔

نون با فاء

نفس امارہ ع خواہش طبیعت بطرف بدی۔
نفوس ثلاثہ ع تین نفس انسان کے امارہ لوامہ مطمئنہ
نفوس قدسیہ ع عالم ارواح و عالم ملایک۔
نفس ناطقہ ع نفس انسانی جو بولتا ہے یعنی بولنے والا نفس
نفقہ ع خرچ عیال و اطفال اور ضروری خرچ۔
نفخہ ع ایک مرتبہ پھونکنا دم لگانا۔
نفطہ ع آبلہ یعنے چھالا جو بدن پر ظاہر ہوتا ہے۔
نفحہ ع بوئے خوش عطر و کستوری وغیرہ کی۔

نون با قاف

نقاوہ ع برگزیدہ آدمی بہت اچھا آدمی۔
نقالہ ع نقل کرنے والی نقشہ اوتارنے والی۔
نقرہ ع چاندی جو مشہور دہات ہے۔

نقشہ ف تصویر و نمونہ کسی چیز کا جیسی وہ ہو۔
نقطہ ع خط کی انتہا وہ مقدار جو منقسم نہو۔
نقبہ ع مرض خارش کھجلی کی بیماری
نقیعہ ع ضیافت قدوم سفر یعنے اوسکی ضیافت جو سفر سے آیا ہو بجائے مسافر کی مہمانی۔

نون با کاف

نکتہ ع سخن پاکیزہ و پوشیدہ۔
